www.novelsclubb.com
شبِ تاب
ناولز کلب
از قلم رابعہ بخاری
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری، ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

# شبِ تاب

از قلم

www.novelsclubb.com

رابعہ بخاری

آدھی رات کا پہر جب ہر کوئی اپنی تھکاوٹ سے چور اپنے بستروں میں دبک پر بیٹھا تھا۔۔۔

بازار حسن کی رنگینیاں اسی عروج پر اپنی رونق کو بحال کیے چمک دمک رہا تھا۔

پورے بازار میں گانوں اور تبلوں کی آوازیں گونج رہی تھی۔۔۔

ہر جانب لڑکیوں کے ہنسنے کی آوازیں تھی۔۔۔

کسی کوٹھے سے گھنگروں کی آوازیں آرہی تھی۔۔

تو کسی کوٹھے کے بنیرے پر کھڑی لڑکیاں باہر سے گزرنے والوں کو اپنے آدھے ڈھکے چھپے وجود سے اپنی جانب مائل کرنے میں مصروف تھیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

سیٹھ اور چودھری اس بازار حسن کی رونق کو دوبالا کرنے کیلئے کوٹھوں میں بیٹھے اپنے سامنے رقص کرتے وجود کو حیرانگی سے تاڑ کر جھوم رہے تھے۔۔۔

ہر کوئی اپنے نشے میں مگن اس حسن بازار سے اپنا اپنا لطف لوٹ رہا تھا۔۔

کہ اسی کوٹھے میں سے ایک کوٹھے میں موجود ایک لڑکی نیم بے ہوشی کی حالت میں فرش پر پڑی اپنے آنے والے مستقبل سے بے خبر تھی۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!میں نے کہاناں مجھے میرے پیسے پورے چاہیے

تو پورے چاہیے۔۔۔

جتنے کی بات ہوئی تھی اتنے ہی دو۔۔۔۔

ایک لڑکا پیسے کی گٹھری کو گنتے بولا۔۔۔

بس اتنے سے ہی کام چلاؤ۔۔

جوتھے دے دیے۔۔

ایک اڈھیر عمر کی عورت جو سرخ ساڑھی میں ملبوس تھی منہ میں پان دبائے تھوکتے بولی۔۔۔

بے ڈھنگ سا میک آپ کیے وہ مسلسل چھالیہ کاٹ رہی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

دیکھ شبو تو ہر بار میرے ساتھ یوں ہی کرتی ہے۔۔۔

ہر بار مکر جاتی ہے اپنی بات سے۔۔۔

اس بار میں سارے پیسے لے کر جاؤ گا۔۔۔

تجھے نہیں پتا ان لڑکیوں کو جال میں پھنسانے کیلئے مجھے کیا کیا پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور تو مجھے ان چند روپوں میں چلتا کر دیتی ہے۔۔۔

اور خود ان سے خوب کماتی ہے۔۔۔

میں کہہ رہا ہو مجھے پورے پیسے دے اس بار۔۔

وہ اس کو یاد دہانی کرواتے بولا۔۔۔

دیکھ اکرم۔۔۔

اس بار کوٹھا زیادہ نہیں چمکا۔۔۔

تیری جو پچھلی ائٹم تھی ناں۔۔۔

وہ بڑی ہی بے شکل تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

بڑی مشکل سے اس کا دام لگا تھا۔۔۔۔

شبو منہ سے پان تھوکتے بولی۔۔۔

اس کو تو چھوڑ۔۔

اس کو دیکھ۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کیا ائٹم پھنسائی اس بار اکرم نے۔۔۔

چیٹی گوری اور خوبصورت۔۔۔

اس کے تو تجھے منہ مانگے دام ملے گے۔۔۔

اکرم نے کمرے میں بے سود پڑی ابرج کو درندگی بھری نظروں سے دیکھتے کہا۔۔۔

کہہ تو ٹھیک رہا ہے۔۔۔

اس بار کا مال بڑا کمال ہے۔۔۔

اگر ایسے ہی تین چار اور مل جائے ناں۔۔۔

میں کوٹھے پر ہی بیٹھا دونگی ان کو۔۔۔

ہاں تو لا کر دو نگا نہ تجھے اور۔۔۔

مگر اس بار مجھے پیسے زیادہ دے۔۔۔

تبھی اس سے بڑی ائٹم لا کر دونگا۔۔۔

اکرم نوٹوں کو گنتے کمینہ پن اپنائے کھڑا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو بھی بڑا ہی گھٹیا انسان ہے۔۔۔

لڑکیوں کو محبت کی جال میں پھنسا کر انہیں مجھے بیچ جاتا ہے۔۔۔

پھر اس کے بعد جو قیامت ڈھاتی ناں یہ سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے۔۔۔

ہاں تو کیا ہوا تیرا تو یہ کام ہے۔۔۔

ایسی کو کیسے اس کام میں لگانا تجھے سب آتا ہے۔۔۔

اور بھی گھٹیا نہیں ہے یہ کام۔۔۔

بس گندا ہے۔۔۔

گندا ہے تو کیا ہوا دھندا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

اکرم قہقہ لگاتے ہوئے شبو سے بولا۔۔۔

!!! چل پکڑ یہ اور

اور نکل اب۔۔۔

ویسے بھی مجرے کا وقت ہو رہا ہے۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اب دو ہفتے تک شکل نہ دکھائی۔۔۔

ساری کمائی ایک ساتھ لے جاتا ہے تو۔۔۔

شبو منہ بسورے بولی۔۔۔

ہائے پیسے۔۔۔

میرے پیسے۔۔۔

اکرم پیسوں کو سونگنے لگا۔۔۔

ہاں ہاں نہیں آتا۔۔۔

اب تب اؤ نگا جب نئے مال کا انتظام ہو گا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اکرم پیسوں کو پینٹ میں دبائے بولا اور چلتا بنا۔۔۔۔

کہہ تو صحیح رہا تھا یہ۔۔۔

یہ ہے بڑی حسین۔۔۔

!!!اس کے تو صحیح منہ مانگے دام مانگو میں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شبو شیطانی ہنسی ہنستے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

جبکہ ابرج اپنی سودہ بازی سے بے خبر فرش پر بے ہوش پڑی تھی۔۔۔

اوئے گاڑی جلدی چلا یار۔۔۔

کہاں بھی تھا اس کی فلائیٹ ہے آج۔۔

تو پھر کیوں لیٹ آیا ہے تو؟؟؟

احمد نے عاصم کو دیکھتے کہا۔۔۔۔

یار پاکستان ہی ہر فلائیٹ ہی لیٹ ہو جاتی ہے۔۔

www.novelsclubb.com

میں تو اسی گمان میں تھا کہ یہ بھی لیٹ ہو گی۔۔۔

اب مجھے کیا پتہ میرے گمان سے الٹ ہی ہو گا سب!!؟؟

عاصم جو گاڑی کو تیز بھگا رہا تھا منہ پھولائے بولا۔۔۔

تیرے گمان بھی تیری طرح!!



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!اب یہ دیکھ فون کر رہا ہے مجھے وہ بار بار

احمد فون دیکھتے بولا۔۔۔

ہاں تو تو اٹھا لے اور کہہ دے کہ بس پانچ منٹ میں تیرے پاس ہونگے۔۔۔

منہ بند ہی رکھ تو اب۔۔۔

جتنا وہ وقت کا پابند نہ پانچ منٹ گنے گا بیٹھ کر وہ۔۔۔

ابھی تو اس سے شامت آنی ہے گھر جا کر تایا جان سے بھی کلاس ہو گی ہماری۔۔۔

اور یہ بھی تیری غلطی ہے۔۔۔

احمد نے عاصم کے سر ہر ایک لگائی۔۔۔

www.novelsclubb.com

. یار مار تو ناں

چلا تو رہا ہو اب گاڑی۔۔۔

عاصم منہ پھولائے بولا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ائیر پورٹ کے باہر بلیک پینٹ کوٹ میں ملبوس، کالے چشموں کو زیب تن کیے وہ مسلسل گھڑی کی جانب نظریں دہرا رہا تھا۔۔۔

انتظار کرتے اسے اب آدھا گھنٹا ہو گیا تھا۔۔۔

چہرے پر ہزار شکنیں ابھر آئی تھی اچھی خاصی پرسنیلیٹی اور لک کو اس کی شکنوں نے ماند کر دیا تھا۔

ایک ہاتھ سے سامان پکڑے وہ دوسرے ہاتھ سے فون کر رہا تھا۔۔۔

کہاں رہ گئے ہیں یہ لوگ؟؟؟

!!!وقت پر آنے کا کہا تھا

!!!اوپر سے فون بھی نہیں اٹھا رہے یہ میرا

ارسل چہرے پر بیزاری بھری شکنیں لیے بولا۔۔۔۔

!!نرمل کی کال

ہیلو نرمل۔۔۔

!!!!ہیلو مائی لوو

www.novelsclubb.com

کیسے ہو؟؟؟

ابھی تک پہنچے کیوں نہیں ہو؟؟؟

!!!سب گھر والے انتظار کر رہے ہیں تمہارا

نرمل استفہامیہ ہوئی۔۔۔

!!!! گھر

ابھی تو میں ائیر پورٹ پر ہی کھڑا ہو۔۔۔

آدھے گھنٹے سے انتظار میں ہو۔۔۔

ارسل کو شدید غصہ آرہا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیا؟؟؟

تم ائیر پورٹ پر ہی ہو ابھی۔۔۔

تو احمد اور عاصم؟؟

وہ کہاں ہے؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نرمل پریشانی سی بولی۔۔۔

پتہ نہیں مجھے۔۔۔

فون کر رہا ہو مگر کوئی جواب نہیں آ رہا۔۔۔

اگر وہ دس منٹ میں نہ آئے تو میں خود گھر آ جاؤ گا۔۔۔

ارسل نے کہتے ساتھ ہی فون کاٹ دیا۔۔۔

جبکہ دوسری جانب نرمل نے ارسل کی بے رخی دیکھی تو فوراً اپنے کمرے سے باہر نکلی۔۔۔

احمد اور عاصم بلآخر ائیر پورٹ پہنچ ہی گئے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل بس دس منٹ کے ختم ہونے کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

وہ دیکھ وہ کھڑا ہے ارسل۔۔۔

!!!!ارسل

ارسل۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

احمد نے ارسل کو اواز لگائی۔۔۔

ارسل نے سنا تو ان دونوں کو آتشی نظروں سے گھورنے لگا۔۔۔

!!! گئے کام سے

عاصم نے ارسل کو آتے دیکھا تو آہستگی سے بولا۔۔۔۔

ارسل جو غصے سے بپھرا ہوا تھا۔۔۔

بیگ اٹھا کر احمد کی جانب پھینکا۔۔۔

کہا تھا وقت پر آنا؟؟

معلوم بھی ہے مجھے انتظار کرنا پسند نہیں۔۔۔

یار یہ سب اس عاصم کی غلطی ہے۔۔۔

احمد نے بیگ عاصم کو دے مارا۔۔۔

جو بھی ہے اب گھر چلوں۔۔۔

میرا دماغ گھوم رہا ہے اس وقت۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل گاڑی میں بیٹھتے بولا۔۔۔

جبکہ دونوں ارسل کے بگڑے موڈ کو بھانپ چکے تھے لہذا چپ رہنے میں ہی عافیت سمجھی اور گاڑی چلادی۔۔۔

ارسل کے آنے کی خبر پورے گھر میں پھیل چکی تھی۔۔۔

سب ہی اب اس کے استقبال کو تیار کھڑے تھے۔۔۔

!!!شانزے

!!کیچن میں سب تیار ہو چکا ہے ناں

کوئی کسر تو نہیں رہ گئی۔۔۔

انعم بیگم نے اندر آتے پوچھا۔۔۔

نہیں آپی کوئی کسر نہیں چھوڑی میں نے۔۔۔

اپ یہ بتائے کب تک پہنچ رہا ہے ارسل؟؟؟

ابھی احمد کی کال آئی تھی کہہ رہا تھا بس پانچ منٹ میں گھر ہونگے۔۔۔

www.novelsclubb.com

تم یہ سب ختم کر کے سیدھا باہر آجاؤ۔۔۔

!!!میں باہر جا کر دیکھتی ہو سب انتظام ہو گئے کہ نہیں

انعم بیگم باہر کی جانب بڑھی۔۔۔

ایک روپوش علاقے میں موجود ایک خوبصورت سا ویلہ جس کی تزین و آرائش کی خوبصورتی )

ایک منہ بولتا ثبوت تھی۔۔۔

شاہ ہاؤس کے نام سے مشہور یہ ویلہ دو خاندانوں کی ملکیت میں تھا۔۔۔

عالم شاہ اس گھر کے بڑے بیٹے اور اب سربراہ تھے انعم بیگم ان کی زوجہ جبکہ ارسل اور ملائکہ ان کے بچے تھے۔۔

www.novelsclubb.com

ملائکہ جو اس وقت میٹرک کی طلبہ تھی جبکہ ارسل اعلی تعلیم کی غرض سے چار سال کینڈا میں رہنے کے بعد واپس آرہا تھا۔

نوید شاہ عالم شاہ کا چھوٹا بھائی جبکہ شانزے جو ان کی زوجہ بھی تھی انعم بیگم کی چھوٹی سگی بہن بھی تھی۔ان کے تین بچے نرمل،احمد اور عاصم تھے۔۔احمد اور عاصم جڑواں بھائی تھے جبکہ نرمل ان دونوں سے بڑی جبکہ ارسل کی منگیتر بھی تھی۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

(اور آج ان دونوں کی باقاعدہ منگنی کی رسم ہونا تھی

!!!!شاہ جی

انعم بیگم کتب خانے میں داخل ہوئی جہاں عالم شاہ کسی کتاب کا مطالعہ کر رہے تھے۔۔۔۔

اندر آتی انعم بیگم کو دیکھ کر انہوں نے چشمہ سائیڈ ٹیبل پر رکھا اور کتاب دوسری جانب رکھتے ان کو دیکھنے لگے۔۔۔

آپ باہر آکر سارے انتظامات کو ایک بار دیکھ لے۔۔۔

کوئی کمی بیشی نہ رہ جائے۔۔۔

سب انتظامات مکمل ہے سوائے تمہارے بیٹے کی موجودگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

عالم شاہ کا لہجہ خفگی بھرا تھا۔۔۔

ابھی تک ناراض ہے اس سے؟؟؟

انعم بیگم نے انکا لہجہ محسوس کیا تو ان کے سامنے براجمان ہوئی۔۔۔

دیکھو انعم یہ باپ اور بیٹے کا معاملہ ہے دور رہو اس سے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

عالم شاہ کتاب تھامے شیلف کی جانب بڑھے۔۔۔

یہ معاملہ میں چار سال سے دیکھ رہی ہو۔۔

جب سے وہ باہر گیا ہے آپ نے آج تک اس سے کبھی فون پر بات نہ کی۔۔۔

یہاں تک حال احوال نہ پوچھا۔۔۔

تو اسے بھی کونسا کوئی فرق پڑتا تھا۔۔۔

اتنا تھا اسے باپ کا آحساس تو یہی رہتا میرے ساتھ۔۔۔

میرا باز و بنتا۔۔۔

یہ سب کاروبار اسے کا ہی تو ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر نہیں اسے تو ضد تھی باہر جانے کی۔۔۔

عالم شاہ کا لہجہ طنزیہ تھا۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے اب تو وہ واپس آ گیا ہے ناں۔۔۔

اب تو ٹھیک ہو جائے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آج تو اس کی اتنی بڑی خوشی ہے۔۔۔

اس میں خوشی سے شامل ہو جائے۔۔۔

انعم بیگم التجاء کرتے بولی۔۔۔

ممممممم۔۔۔

تم جاؤ میں آتا ہو۔۔۔

عالم شاہ بناء مڑے بولے۔۔۔

ٹھیک ہے میں انتظار کر رہی ہو آپکا۔۔

انعم بیگم کے جانے کے بعد عالم شاہ پلٹے اور سوچنے لگے۔۔

www.novelsclubb.com

ملائکہ بتاؤ میں کیسی لگ رہی ہو؟؟؟

تمہارے بھائی کو اچھی لگوں گی ناں؟؟؟

نرمل خود کو شیشے میں دیکھتے ہوئے بولی۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہلکے گلابی رنگ کی میکسی پہنے وہ آج دلہن کی طرح تیار تھی اور کسی بھی طرح ارسل پر اپنی خوبصورتی کا جادو جگانا چاہتی تھی۔۔۔

!!!ہاں ٹھیک ہی لگ رہی ہے آپ

ملائکہ بے دلی سے بولی کیوں کہ ملائکہ کو نرمل بلکل پسند نہیں تھی وہ بس گھر والوں کی وجہ سے خاموش تھی۔

نرمل بیٹا اور کتنا تیار ہونا ہے۔۔۔

ارسل آنے والا ہے جلدی سے باہر آجاؤ۔۔۔

شانزے بیگم اندر کی جانب بڑھی تو نرمل کی تیاری کو دیکھنے لگی۔۔

www.novelsclubb.com

ملائکہ منہ چڑھائے وہاں سے نکل پڑی۔۔۔

!!!دیکھا آپ نے اسکا منہ

نرمل نے اس کے جاتے ساتھ ہی شانزے بیگم کو شکایت لگائی۔۔۔

ہاں دیکھا ہے۔۔۔

مگر تمہیں اس کی فکر نہیں ہونی چاہیے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تمہیں بس ارسل کو اپنی مٹھی میں کرنا ہے۔۔۔

جانتی ہو یہ سب اسی کا ہے۔۔

اتنی بڑی پراپرٹی کا بس وہ اکیلا ساٹھ فیصد کا مالک ہے۔۔۔

شانزے بیگم نے نرمل کو سمجھایا۔۔

یہی وجہ ہے بس ماما۔۔۔

جو میں اس سڑیلا اور اکڑو انسان کی کڑوی باتوں کو برداشت کرتی ہو۔۔۔

ورنہ مجھ میں کوئی کمی نہیں جو اس کے پیچھے بھاگو۔

نرمل بھنویں چڑھائے بولی۔۔

www.novelsclubb.com

اچھا چھوڑو ان سب کو۔۔۔

میں ہوں ناں تمہارے ساتھ۔۔۔

اور بہت پیاری لگ رہی ہے میری بیٹی۔۔۔

شانزے بیگم نے نرمل کا ماتھا چوما۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہاں بس یہ تھوڑا سا اور لگا لو۔۔۔

پھر چلتے ہیں نیچے۔۔۔

نرمل شیشے کی جانب دیکھتے بولی۔۔

ابرج جو پوری رات اور آدھا دن ایک کمرے میں بند زمین پر آدھ موہ گری پڑی رہی تھی۔۔۔

اب ہوش میں آتے ہوئے آنکھوں کو بمشکل کھولتے وہ سامنے چھت کو دیکھنے لگی۔۔۔

سر ایک دم بھاری جیسے کسی نے اس پر بوجھ ڈالا ہو۔۔

اپنا سر تھامے وہ ساتھ پڑے بیڈ کا سہارا لیے اٹھ کر بیٹھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!افففففففف میرا سر

!!!یہ بھاری کیوں ہے اتنا

وہ سر پکڑے چکرائی۔۔۔

کہ تبھی باہر سے اسے طبلے اور گھنگروں کی آواز اس کی سماعت سے ٹکرائی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یہ سب آوازیں؟؟؟

یہ کہاں سے آرہی ہے؟؟

اور میں یہاں کیسے؟؟؟

وہ ارد گرد دیکھتے بولی۔۔۔

سورج کی کرنوں اور دن کی روشنی نے اس کے کمرے کو روشن کیا ہوا تھا۔۔۔

کمرے کی چاروں اطرف نظر گھومائی۔۔۔

جہاں مختلف اداکاروں کی تصویریں چسپاں تھی۔۔۔

ابرج جگہ سے ناآشنا کمرے میں چلتے ہوئی کھڑکی کی جانب بڑھی۔۔۔

جہاں سے اس جگہ کے باہر کا سارا نظارہ صاف نظر آرہا تھا۔۔۔

کھڑکی سے سر ٹکائے ابرج باہر دیکھنے لگی۔۔۔

کہ باہر کا منظر دیکھ کر اس کی روح کانپ سی گئی۔۔۔

کچھ لڑکیاں پاؤں میں گھنگروں باندھے طبلے کی دھن پر ناچ رہی تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جبکہ ایک آدمی ان. کے ناچتے قدموں پر انہیں ڈھنگ سیکھا رہا تھا۔۔۔

یہ سب کیا ہے؟؟؟؟

یہ!!!؟؟؟؟

ابرج باہر کو دیکھتے ہوئے پیچھے کو ہٹی۔۔۔۔

!!!یہ پانی پی لو

!!!پیاس لگی ہو گی تمہیں

بس تھوڑا سا سفر اور پھر میں تمہیں اپنے گھر لے جاؤ گا۔۔۔

اور وہی ہم دونوں نکاح کر لے گے۔۔۔

www.novelsclubb.com

اکرم کا مسکراتا چہرہ جو اس نے آخری بات دیکھا تھا گھوما۔۔۔

!!!!!اکرم

ابرج اپنا سر تھامے ایک خوف میں مبتلا ہوتے بولی۔۔۔۔

آنکھوں میں آنسوں اور جسم پر کپکپی اس کو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!دروازہ کھولو

دروازہ کھولو۔۔۔۔۔۔

ابرج دروازے کی جانب بڑھی اور بری طرح دروازہ پیٹنے لگی۔۔۔۔

باہر موجود لوگ دروازے کے شور سے رک گئے۔۔۔

!!!دروازہ کھولو

!!!!مجھے جانا ہے یہاں سے پلیز دروازہ کھولو

ابرج روتے ہوئے دروازہ پیٹ رہی تھی۔۔۔

شبو جو اس کوٹھے کی مالک تھی شور سن کر اپنے کمرے سے باہر نکل آئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

یہ کیا شور مچا ہوا ہے استاد جی۔۔۔۔

کل رات کوٹھا اتنی دیر سے بند ہوا کہ نیند مکمل نہیں ہوئی میری۔۔۔

شبو آنکھوں کو ملتے ہوئے بولی۔۔۔

شبو بیگم یہ شور اس کمرے سے آرہا ہے جہاں اس نئی لڑکی کو بند کیا گیا ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

لگتا ہے ہوش آ گیا ہے اسے تبھی ایسا طوفان برپا کر رہی ہے۔۔۔

!!!!!ہوش

ہاہاہاہاہاہاہاہاہاہا۔۔۔

شبو ایک لمبا قہقہ بڑھتے ہوئے ہنسی۔۔

ہوش سچ میں ہی اب آیا ہے اسے۔۔۔

پہلے تو اس فریبی کے عشق میں مدہوش تھی۔۔

کرواتی ہو چپ اس کو بھی جیسے پہلی والیوں کو کروایا تھا۔۔

اور تم سب اچھے سے ناچ سیکھو۔۔۔

www.novelsclubb.com

آج شام کو ایک بہت بڑا جشن ہونا ہے بڑے بڑے لوگوں نے آنا ہے۔۔۔

اگر کسی نے صحیح سے خوش نہ کیا ناگاہک کو۔۔۔

اس حسین چہروں پر تیزاب انڈیل دونگی۔۔۔

آئی ناں سمجھ۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شبوان سب لڑکیوں کو دھمکاتے دروازے کی جانب بڑھی۔۔۔

!!!دروازہ کھولو

کوئی ہے؟؟؟؟

!!!!مجھے جانا ہے یہاں سے

!!!!کھولو

ابرج دروازہ بجا رہی تھی کہ جب دروازہ کھلنے کی آواز آنے پر وہ پیچھے کو ہوئی۔۔۔

اور جیسے ہی دروازہ کھلا وہ باہر نکلنے کو بھاگی۔۔

کہ تبھی سامنے کھڑی عورت نے اس کی بازو کو پکڑا اور اندر کمرے میں اسے لاتے ہوئے جھٹکا دیا۔۔۔۔

کدھر؟؟؟؟

کدھر جانے کی تیاری ہے؟؟؟

شبو کمر پر ہاتھ جمائے بولی۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!مجھے گھر جانا ہے

مجھے یہاں نہیں رہنا۔۔۔

ابرج پھر سے اٹھی اور باہر کو لپکی۔۔۔

کہ اب کی بار وہ شبو کو پیچھے کرتے باہر بھاگی۔۔۔

سب لڑکیاں اس کو باہر بھاگتے دیکھ کر ایک بار پھر رک گئی۔۔۔

ابرج ایک کمرے سے گزرتے دوسرے کمرے میں جا رہی تھی۔۔۔

جیسے ہی دروازہ پھلانگنے لگی۔۔۔

سامنے کھڑے وجود سے جا ٹکرائی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج ایک دم سے لڑکھڑا سی گئی۔۔۔

دیو قدامت عجیب شکل کا خوفناک شخص سامنے کھڑا اسے طاق رہا تھا۔۔۔

اندر کھینچ لا اس نئی مینا کو۔۔۔

ابھی اس کے پر کاٹتی ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شبو کی آواز جیسے ہی سامنے کھڑے شخص نے سنی۔۔۔

ابرج کو بازو سے پکڑے گھسیٹتے ہوئے واپس اس کی کمرے کی جانب لانے لگا۔۔۔

!!!!چھوڑو مجھے

کون لوگ ہو تم سب؟؟؟

کیوں قید کر رہے ہو مجھے؟؟؟

!!!!!جانے دو

ابرج مسلسل چلا رہی تھی۔۔۔

مگر کسی کے دل میں اس کے کیے رحم نہ ابھرا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج کو واپس اس کمرے میں لا کر پھینک دیا گیا۔۔۔

شبو اور وہ شخص کمرے کے دروازے میں دیوار کی مانند کھڑے تھے۔۔۔

کون ہو تم لوگ؟؟؟

اور کیوں پکڑ رکھا ہے مجھے؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور اکرم؟؟؟

اکرم کہاں ہے؟؟؟؟

ابرج بیڈ کا سہارا لیے کھڑی ہوئی۔۔۔

!!!!!اکرم

!!!!!!!!اکرم

!!!!اے لڑکی چپ

چلامت ورنہ نہی زبان نکال کر ہاتھ میں رکھ دونگی۔۔

شبو بھی ایک کڑک آواز سے چیخی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہ ابرج ایک دم خاموش ہو گئی۔۔۔

اکرم کہاں ہے؟؟؟

کس کو بلا رہی ہے۔۔۔

!!!اکرم کو



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارے بے وقوف لڑکی۔۔۔

وہ اکرم جس کو تو بڑا پیار کرتی تھی اور بھاگ نکلی اس کے ساتھ۔۔۔

تجھے دولاکھ میں مجھے بیچ کر گیا ہے۔۔۔

شبو جو اس کے سامنے بول رہی تھی۔۔۔

ابرج نے سنا تو لڑکھڑا سی گئی اور ہکا بکا ہوتے بے یقینی کے عالم میں اسے دیکھنے لگی۔۔

دولاکھ؟؟؟؟؟؟؟۔

!!!ہاں دولاکھ

اور وہ یہ کام برسوں سے کر رہا ہے۔۔

www.novelsclubb.com

تم جیسی بے وقوف اور کم عقل لڑکیوں کو پھنساتا ہے اور پھر انہیں اس بے رحم وادی میں چند ٹکوں کے پیچھے مجھے بیچ جاتا ہے۔۔

جہاں تم لوگوں کے دام لگتے ہیں۔۔۔

شبو نے اس کو اکرم کی اصلیت سے روشناس کروایا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!نہیں

!!!نہیں نہیں نہیں

وہ میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتا۔۔۔

وہ مجھے یوں بیچ نہیں سکتا؟؟؟

میں نے اپنا گھر بار سب چھوڑا ہے اس کے پیچھے۔۔۔

وہ میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتا۔۔۔

ابرج دیوانہ وار بولی۔۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

تم سے پہلی والی بھی یہی کہتی تھیں۔۔۔

ہے ہی بڑا گھٹیا انسان وہ۔۔۔

ایسی چالیں چلتا ہے کہ تم جیسی بلبلیں اس کے قابو میں اجاتی ہو۔۔۔

اب جو بھی ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

رہنا تو یہی پڑے گا تمہیں۔۔۔۔

اس کوٹھے میں۔۔۔۔

پیسے بھرے ہیں تمہارے میں نے۔۔۔۔

پورے وصول کرونگی تم سے۔۔۔

شبو کا لہجہ سخت ہوا۔۔۔۔

نہیں مجھے نہیں رہنا یہاں۔۔۔

مجھے جانا ہے۔۔۔۔

!!!!ابھی

www.novelsclubb.com

ابرج اٹھی اور باہر کو بھاگی۔۔۔

کہ سامنے کھڑے شخص نے ایک تھپڑ ابرج کے منہ پر دے مارا۔۔۔۔

جس سے ابرج ایک دم گر پڑی اور ہونٹ سے خون بہنے لگا۔۔۔

ارے ارے۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کیا کر رہے ہو؟؟؟

ایسی تھوڑی نہ روکتے ہیں ایسی خوبصورت بلا کو۔۔۔۔

دیکھو ذرا نشاں پڑ گئے چہرے پر اس کے۔۔۔

شبو فورا ابرج کے پاس گئی اور اس کے چہرے کو چھوتے نہایت پیار سے بولی۔۔۔

مگر اگلے ہی لمحے اس کا چہرہ دبوچے وہ اپنی اصلیت پر آئی۔۔۔

اب اگر بھاگنے کی کوشش کی ناں۔۔۔

تو اب کی بار تھپڑ مارا نا۔۔۔

اگلی بار اس کے حوالے کر دونگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ایسے نوچ کھائے گا تجھے کہ تو خود کو مار ڈالے گی۔۔۔

شبو نے دھمکاتے کہا۔۔

ابرج کی نظر اس شخص پر پڑی جو ابرج کو دیکھتے ہونٹوں پر زبان پھیرنے لگا۔۔۔

نہیں!!!۔ابرج ڈرتے بولی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!ہاں بلکل یہی نہیں

اب اس نہیں پر قائم رہنا۔۔۔

میں ہر بار موقع نہیں دیتی۔۔۔۔

شبو نے تنبیہہ کی اور اٹھ کر باہر چلی گئی اور دروازہ واپس باہر سے بند کر دیا۔۔۔۔

ابرج اپنی دونوں ٹانگیں سمیٹے اپنی قسمت پر رونے لگی۔۔۔

گاڑی سیدھا ویلہ میں داخل ہوئی۔۔۔

جس کا باہر کا پورچ گلابی اور پیلے پھولوں سے سجایا گیا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل نے انتظامات دیکھے تو بولا۔۔۔

کیا آج گھر میں کوئی دعوت ہے؟؟؟

یا کسی قسم کی پارٹی؟؟؟

نہیں ارسل بھائی آج اپکا دن ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!وہ بھی خاص

عاصم نے آنکھ دبائے احمد کے ہاتھ پر تالی دے ماری۔۔

بس تم اور تمہاری خرافات۔۔۔

ارسل اسے اگنور کرتے گاڑی سے اترا۔۔۔

تو سامنے انعم بیگم کو کھڑا پایا جو آنکھوں میں نم لیے اس کی راہ تک رہی تھی۔۔۔

ارسل چشمہ اتارے تیز قدموں سے ان کی جانب بڑھا اور ان کو اپنے ساتھ لگا لیا۔۔

کیسی ہے آپ موم؟؟؟؟

!!!بہت یاد آئی اپکی مجھے

www.novelsclubb.com

ارسل نے انعم بیگم کا چہرہ تھامے کہا۔جن کے گالوں پر خوشی کے آنسوں بکھر گئے تھے۔۔

یاد آتی تو جلد واپس آتے۔۔۔

چار سال کا لمبا عرصہ کیسے گزارا میں نے۔۔

یہ صرف میں ہی جانتی ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!اچھاناں موم

بس بھی۔۔۔۔

اب تو آ گیا ہو ناں میں۔۔

اب مت روئے۔۔۔

ارسل انعم بیگم کے آنسوں صاف کرتے بولا۔۔۔

!!بس موم سے ملنا آپ

!!!میں تو کچھ لگتی ہی نہیں ناں آپ کی بھائی

ملائکہ جو پیچھے کھڑی تھی منہ پھولائے بولی۔۔۔۔

ارے چھٹکی۔۔۔

!!! اتنی بڑی ہو گئی ہو

ارسل نے اس کو خود سے لگایا اور پیار کرتے کہا۔۔۔

جی بھائی جب آپ گئے تھے تب میں سکس کلاس میں تھی اب اور میں میٹرک میں ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

ملائکہ پر جوش انداز سے بولی۔۔۔

اچھا موم بابا کہاں ہے؟؟

کیا وہ آج بھی مجھ سے نہیں ملے گے؟؟

انعم بیگم نے سنا تو چہرے پر اوس سی پڑ گئی۔۔۔

مطلب وہ اب تک ناراض ہے مجھ سے؟؟؟

نہیں بیٹا ناراض نہیں ہے بس تمہاری دوری نے انہیں دکھ دیا ہے اب تم آ گئے ہو سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔

انعم بیگم نے اسے نارمل کرتے کہا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!ارسل بیٹا

کیسے ہو جوان؟؟؟

نوید شاہ آگے بڑھتے ہوئے ارسل کے گلے لگے۔۔۔

کیسے ہیں چاچوں آپ!؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور آنٹی کیسی ہے آپ؟؟

شانزے بیگم جو پیچھے ہی کھڑی تھی ارسل ان کے پاس گیا اور ملتے ہوئے بولا۔۔۔

!!!میں بھی ٹھیک ہو

اچھا تو جوان کیسا رہا ہے سفر آج کا؟؟؟

نوید شاہ خوشدلی سے بولے۔۔۔

بہت اچھا مگر ان دو جوکروں نے سارا موڈ ہی سپوئل کر دیا تھا میرا۔۔۔

اندر آتے عاصم اور احمد کو دیکھ کر ارسل بولا۔۔۔

اچھا جی تو ہم نے سپوئل کیا ہے ناں اپکا موڈ تو ہم ہی اس موڈ کو ٹھیک بھی کرے گے۔۔۔

احمد آگے ہو کر بولا۔۔۔

مطلب؟؟؟

ارسل ناسمجھی سے بولا۔۔

مطلب کچھ نہیں باہر چلے ہمارے ساتھ ایک زبردست سرپرائز موجود ہے آپ کیلئے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

عاصم ارسل کا ہاتھ پکڑے باہر کی جانب بڑھا۔۔

جبکہ سب اس کے پیچھے چل پڑے سوائے انعم بیگم کے جو عالم شاہ کو بلانے کیلئے اندر رہی تھی۔۔

کہاں لے جا رہے ہو یار؟؟؟

کیسا سرپرائز دینا چاہتے ہو مجھے؟؟؟

پتہ ہے میں بہت تھکا ہوا ہے۔۔۔

ارسل بھائی ساری تھکن ختم ہو جائے گی۔۔۔

اپ چلے تو سہی میرے ساتھ۔۔۔

عاصم اسے اپنے ساتھ ایک گارڈن میں لے گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

جو بہت ہی خوبصورت سجا ہوا تھا۔۔۔

مختلف رنگوں کے پھولوں اور غباروں سے سجاوٹ کی گئی تھی۔۔

یہ سب تیاری کس لیے؟؟؟

ارسل تیاری دیکھتے بولا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!میں بتاتی ہو

اچانک ایک جانب سے آواز گونجی۔۔۔

سب اس طرف متوجہ ہوئے۔۔۔

جبکہ ارسل بھی اسی جانب دیکھنے لگا۔۔۔

ہلکے گلابی رنگ کی میکسی میں ملبوس نرمل آہستگی سے چلتے ہوئے سب کے سامنے آ کھڑی ہوئی۔۔۔

!!!!نرمل

یہ سب کیا؟؟؟

www.novelsclubb.com

ارسل اس کی تیاری کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

ارسل آج ہم دونوں کی منگنی ہے۔۔۔

جس سے افیشلی ایکدوسرے کے بن جائے گے۔۔۔۔

تو بتاؤ کیسا لگا سرپرائز؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نرمل تجسسی بھری نظروں سے اسے چہکتے بول رہی تھی۔۔۔

منگنی؟؟؟؟؟

ارسل کے چہرے پر بیزاری سی چاہی۔۔۔

!!!ہاں منگنی

ہم سب کی رضامندی سے یہ منگنی طے پائی گئی ہے جوان۔۔۔

نوید شاہ نے ارسل کے کندھوں کو تھاما۔۔۔

عالم شاہ اور انعم بی بھی اب وہاں اگئے۔۔۔

موم یہ سب؟؟؟؟

www.novelsclubb.com

ارسل حیرت زدہ ہوا۔۔۔

!!ہاں بیٹا سوچا آج تم آرہے ہو تو آج ہی کیوں نہ تمہیں اس بندھن میں باندھ لیا جائے؟؟؟

ارسل کے چہرے کے تاثرات بگڑ گئے۔۔۔

وہ بناء کچھ کہے وہاں سے سیدھا اندر کی جانب بڑھ گیا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

سب ارسل کو یوں جاتا دیکھ کر دنگ رہ گئے۔۔۔

!!!آپ سب پریشان نہ ہو میں دیکھتی ہوا سے

انعم بیگم ارسل کے پیچھے چل پڑی۔۔

جبکہ نرمل منہ لٹکائے سامنے کھڑی شانزے بیگم کو دیکھنے لگی جو خود اس بات کی توقع نہ رکھتی تھی۔۔۔

ارسل اپنے کمرے گیا اور اپنا کوٹ اتارے بیڈ پر بیٹھ گیا۔۔۔

ارسل جلالی کیفیت میں بیٹھا اپنی گھڑی اتارنے لگا۔۔۔

www.novelsclubb.com

انعم بیگم بھی سیدھا اس کے کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔

یہ سب کیا ہے بیٹا؟؟؟

موم میری اجازت کے بغیر آپ نے یہ سب کیوں کیا؟؟؟

ارسل بدمست ہوا۔۔۔

اس میں اجازت کی کیا بات تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تم دونوں کا رشتہ تو بچپن سے طے تھا یہ بات تو تم جانتے تھے ناں۔۔

تو پھر اب ایسا رویہ کیوں؟؟؟

موم وہ میرے ذوق کے مطابق نہیں ہے۔۔۔

ہر وقت سر پر سوار رہنے والی لڑکی ہے وہ۔۔۔

ارسل چڑ چڑا کر بولا۔۔۔

کوئی اور پسند ہے تمہیں کیا؟؟؟

انعم بیگم نے ششدر ہوتے پوچھا۔۔۔

موم میرا انکار کسی کی پسندیدگی نہیں ہے۔۔۔

بس مجھے وہ پسند نہیں۔۔

اپ شانزہ آنٹی اور نوید چاچوں سے معذرت کر لے پلیز۔۔

ارسل حتمی فیصلہ سناتے سیدھا واش روم کی جانب بڑھ گیا۔۔۔

جبکہ انعم بیگم نا امیدی سے باہر چلی گئی۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جہاں پہلے سے ہی عالم شاہ کھڑے تھے۔۔۔

کیا ہوا کیا جواب دیا ہے تمہارے بیٹے نے؟؟؟

وہ نہیں مان رہا۔۔۔

انعم بیگم نے مایوسی سے کہا۔۔۔

جانتا تھا وہ نہیں مانے گا۔۔۔

ہماری پسند کی چیز وہ کبھی قبول نہیں کرتا تو یہ تو زندگی بھر کا ساتھ نبھانے والا رشتہ ہے۔۔۔

عالم شاہ بدلی سے بولے۔۔

نہیں شاہ جی ایسی بات نہیں وہ بس تیار نہیں ابھی اس رشتے کی ذمہ داری کیلئے۔۔۔

www.novelsclubb.com

انعم بیگم نے بات کو کور کرنے کی کوشش کی۔۔۔

انعم وہ اس رشتے کیلئے نہیں راضی تم ذمہ داری کا بہانہ مت بناؤ۔۔

اب مجھے میرے بھائی کے سامنے بھی زلیل کرنا چاہتا ہے وہ۔۔۔

عالم شاہ بھڑاس نکالتے وہاں سے چل دیے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جبکہ انعم بیگم وہی کھڑی شش وپنج میں مبتلا رہی۔۔۔

نرمل بیٹا بس کر دو۔۔۔

چپ کر جاؤ۔۔۔

کتنا رو گی۔۔۔

دیکھو آنکھیں کتنی خراب ہو رہی ہے تمہاری۔۔۔۔

شانزے بیگم نرمل کو خود سے لگائے بولی۔۔۔

اب اتنا بھی کیا معاملہ ہو گیا ہے جو اس نے رو رو کر برا حال کیا ہوا ہے۔۔۔

نوید شاہ جو وہی کھڑے تھے بولے۔۔۔

کیا آپکے نزدیک یہ اتنا معاملہ نہیں ہے نوید جی۔۔۔

آپکی بیٹی کو رد کیا ہے آپکے جوان جہاں بھتیجے نے۔۔۔

شانزے بیگم طنزیہ ہوئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ جوان جہاں بھتیجا اپکا بھی بھانجا لگتا ہے محترمہ۔۔۔

اور رہی بات رد کی تو اس نے وقت مانگا ہے سوچنے کا۔۔

تو اس پر اس کا رونا سمجھ نہیں آتا مجھے۔۔۔

جب شادی مجھ سے ہی کرنی ہے تو سوچنا کس بات کا پاپا؟؟؟؟

وہ مجھ سے نہیں کرنا چاہتا شادی۔۔۔

تبھی ایسا کہہ رہا۔۔۔

مجھے ٹال رہا ہے۔۔۔

He insulted my feelings my ego....

www.novelsclubb.com

نرمل زور زور سے روتے ہوئے بولی۔۔۔

بس میری جان بس۔۔۔۔

میں ہوناں سب ٹھیک کر دونگی۔۔۔

بس چپ ہو جاؤ۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

افففففففف یہ دونوں ماں بیٹی۔۔۔

خود ہی سنبھالو اس مسئلے کو۔۔۔۔

میری تو سمجھ سے باہر ہو تم دونوں۔۔۔

نوید شاہ وہاں سے کندھے جڑھتے چلے گئے۔۔۔

ہاں ہاں سنبھال لے گے ہم۔۔۔

اپ بس اپنے بھائی اور بھتیجے کا ساتھ دے۔۔

شانزے بیگم نے کہا اور واپس نرمل کو خود سے لگائے چپ کروانے لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل فریش ہو کر اپنے بیڈ پر لیٹا سوچ رہا تھا۔۔۔۔

سب کچھ ویسا ہی جیسا چھوڑ کر گیا تھا۔

مگر وقت کے ساتھ کچھ بدلا کیوں نہیں۔۔۔

نہ پاپا کا رویہ۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نہ ہی نرمل کی سوچ۔۔۔۔

ان سب کو کیسے ہینڈل کرونگا میں ؟؟؟؟

ابھی ارسل اس متعلق سوچ ہی رہا تھا کہ اسکا فون بجنے لگا۔۔۔

صابر کی کال ؟؟؟؟

ارسل نے دیکھا تو فون اٹھالیا۔۔۔

ہاں بول صابر کیسا ہے یار تو ؟؟؟؟

میں ٹھیک ہو تو سنا ؟؟

!!! یار واپس آگیا ہے تو اور کوئی پارٹی نہیں

صابر دوسری جانب سے بولا۔۔۔

یار جب چاہے پارٹی مل جائے گی تجھے۔۔۔

ہاں تو ابھی دے دے۔۔۔۔۔

آج موڈ بھی کچھ اچھا سا ہے چل پھر آج ہی دے پارٹی۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور مل بھی لے گے ہم سب یار۔

صابر نے حامی بھری۔۔۔

ہاں ٹھیک ہے۔۔۔

میں خود بھی کچھ ریلیکس ہونا چاہتا ہو۔۔۔

چل ملتے ہیں پھر۔۔۔

ارسل نے کہا اور فون بند کر دیا۔۔۔

اور تیار ہونے کو اپنے کیبن روم کی جانب بڑھ گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس کو تیار کرو آج اچھا سا۔۔۔۔۔

سوچ رہی ہو اس دم کٹی بلی کو آج کسی ٹھکانے لگا ہی دو۔۔۔

اس سے پہلے یہ کوئی اور ہنگامہ کرے اور ہم پھنس جائے۔۔۔۔

اس کو فارغ کرتی ہو آج۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شبو دروازے کے پاس کھڑی کسی کو کہہ رہی تھی۔۔۔

!!!!!نہیں

!!!!!نہیں

پلیز ایسا مت کرو۔۔۔

پلیز مجھے جانے دو۔۔۔۔۔۔

مجھے مت دھکیلوں اس گندگی میں۔۔۔۔۔

مجھے جانے دو۔۔۔۔

ابرج نے سنا تو ننگے پاؤں بھاگتی کھڑکی سے ہاتھ نکالے بولی۔۔۔۔

چھوڑا اسے۔۔۔۔

آج بہت بڑے بڑے لوگوں نے آنا ہے۔۔۔۔

اسے تیار کروا۔۔۔۔

اور اگر تیار نہیں ہو گی تو بتانا مجھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ایسے ہی اسے ان جسم فروشوں کے ہاتھ بیچ دونگی۔۔۔

خود ہی نوچ کھائے گے اسے۔۔۔۔

شبو سختی سے کہتے ہوئے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

جبکہ ابرج وہی کھڑی کھڑکی پر ہاتھ مارتے روتے چلانے لگی۔۔۔۔

شام ڈھلی تو حسن بازار کی رونق واپس ابھر آئی۔۔۔۔

شبو کے حکم کے مطابق کچھ لڑکیاں ابرج کے کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔

جو دیوار کے ایک کنارے لگے اپنے نصیب اور غلطی کا ماتم کر رہی تھی۔۔۔۔

اندر آتی لڑکیوں کو دیکھا تو اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

میرے پاس مت آنا کہہ رہی ہو میں۔۔۔

میں مار دونگی سب کو۔۔۔۔

دور رہو۔۔۔۔۔۔۔

ابرج چلا کر بولی۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یہی رکھ دو سارا سامان اسکا۔۔۔۔

اور دروازہ بند کر دو۔۔۔۔

ان میں سے ایک لڑکی آگے بڑھتے بولی۔۔۔۔

بیٹھ جاؤ یہاں۔۔۔۔

تیار کر دو تمہیں۔۔۔۔

اس لڑکی نے ابرج کو بیٹھنے کا کہا۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔۔

!!!!مجھے نہیں ہونا تیار

مجھے نہیں جانا کہیں۔۔۔۔

مجھے بس گھر جانا ہے۔۔۔۔

!!!!!!بابا

ابرج زار و قطار رونے لگی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میرا نام نبیلہ تھا۔۔۔۔

سامنے کھڑی لڑکی بولی۔۔۔

میں بھی تمہاری طرح کسی کی محبت میں یہاں اس کے ساتھ بھاگ آئی۔۔۔

اور وہ مجھے یہی بیچ کر اپنی محبت کی رقم وصول کر گیا۔۔۔

یہاں ہر لڑکی کو ایسے ہی لایا جاتا ہے۔۔۔

سب نے تمہاری طرح بہت شور کیا تھا۔۔۔

مگر اب سب نے اس کو نصیب اور سزا سمجھ کر قبول کر لیا ہے۔۔۔۔

بہتر ہے تم بھی اس کو جلد قبول کر لو۔۔۔

جتنی جلدی قبول کرو گی اتنی آسانی ہو گی۔۔

دیکھو!!

مجھے جانے دو۔۔۔۔

میں ہاتھ جوڑتی ہو تمہارے سامنے!!!

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مجھے نہیں رہنا چاہتی یہاں۔۔۔

مجھے نہیں بکنا کسی کے بھی ہاتھوں۔۔

مجھے گھر جانا ہے بس۔۔۔

ابرج ہاتھ جوڑے التجاء کرتے بولی۔۔۔

یہاں سے ایک لڑکی نے بھاگنے کی کوشش کی تھی۔۔۔

شبو خالہ نے اسے یوں غائب کیا کہ جیسے وہ کبھی تھی ہی نہیں۔۔۔

اور جو وہ کہتی ہے کر کہ دکھاتی ہے۔۔۔

میری مانو خاموشی سے تیار ہو جاؤ۔۔۔

www.novelsclubb.com

نہ خود مصیبت میں پھنسو نہ ہمیں اس میں شامل کرو۔۔۔۔

لاؤ کپڑے دو اسے۔۔۔

نبیلہ نے ایک لڑکی کو اشارہ دیا۔۔۔

ابرج سامنے پڑے کپڑے ابتری کیفیت سے دیکھنے لگی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!ارسل کھانا بہت مزے کا تھا یار

!!!بہت مزے کی پارٹی دی تو نے تو

صابر ارسل کے کندھے پر ہاتھ جمائے بولا۔۔۔

اچھا کھانا تو ہو گیا۔۔۔۔

اب پلانا بھی ہو جائے۔۔۔۔

ایک لڑکا جو ساتھ ہی بیٹھا تھا اچھل کر بولا۔۔۔

پلانا مطلب؟؟؟؟

ارسل نا سمجھی سے بولا۔۔۔۔

یہ وائین کی بات کر رہا ہے۔۔۔صابر نے بات واضح کی۔۔

!!! نہیں یار

میں یہ سب نہیں کرتا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل نفی میں. سر ہلاتے پیچھے کو ہوا۔۔۔

اچھا تو چلوں اسے چھوڑو۔۔۔۔

آؤ بازار حسن چلتے ہیں سنا ہے آج وہاں بڑی رونق لگنی ہے۔۔۔

صابر متانت سے بولا۔۔۔

!!!!ہاں ہاں چلوں چلتے ہیں

سب ہی ایکدوسرے کو کہتے بولے۔۔

نہیں یار۔۔۔

!!!!مجھے نہیں پسند یہ سب

www.novelsclubb.com

جانتے تو ہو پھر بھی۔۔۔

یار اب ہماری بھی کوئی بات مان جا۔۔۔۔

صابر منہ لٹکائے بولا۔۔۔

یار مجھے نہیں پسند۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تم لوگوں نے جانا ہے تو جاؤ۔۔۔

ارسل صاف گو ہوا۔۔۔

چلوں ٹھیک ہے تم نہیں جاؤ گے تو کوئی بھی نہیں جائے گا۔۔۔

سب چلتے ہیں اپنے اپنے گھر۔۔۔۔

صابر نے مایوسی سے کہا اور چل پڑا۔۔۔۔

افففففففف ایک تو اس کے ڈرامے۔۔۔

ارسل نے صابر کو دیکھا تو کہا۔۔۔۔

اچھا بس کرو اپنے ڈرامے۔۔۔

www.novelsclubb.com

. چلوں چلے

مگر بتا رہا ہو۔۔۔

ہم زیادہ دیر نہیں رکے گے وہاں۔۔۔۔

ہاں ہاں ٹھیک کہہ رہے ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہم۔وقت پر ہی واپس آجائے گے۔۔۔

چلوں یاروں۔۔۔

آج ہلہ گلہ ہو ہی جائے۔۔۔

صابر پر جوش انداز سے بولا۔۔۔

جبکہ ارسل بے دلی سے ان کے ساتھ گاڑی میں جا بیٹھا۔۔۔

ابرج شیشے کے سامنے بیٹھی خود کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

!!!کیا کیا نہ سوچا تھا بابا نے میرے لیے

www.novelsclubb.com

مجھے دلہن بنا دیکھنا چاہتے تھے۔۔۔

آج میں دلہن کی مانند ہو مگر ایسی دلہن جو اپنے بطن سے یہ سب نوچ پھینکے۔۔۔

یہ سب میری غلطی کی سزا مل رہی ہے مجھے۔۔۔

ابرج خود کو حقارت بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

سرخ ساڑھی میں ملبوس بالوں کا جوڑا بنے اور لبوں پر سرخ رنگ کی لالی وہ سیج میں قیامت ڈھا رہی تھی۔۔۔

ہو گئی ہے تیار یہ کہ نہیں؟؟؟؟

شبو اندر آتے بولی۔۔۔

!!!!!ہائے ماشاءاللہ

!!!!ذیے نصیب

یہ تو بہت ہی خوبصورت لگ رہی ہے۔۔۔۔

آج تو گاہکوں کی آنکھیں پھٹ جائے گی اس کو دیکھ کر۔۔۔

www.novelsclubb.com

شبو نے ابرج کو دیکھا تو رنگین لباس میں ملبوس بالائیں بھرتی بولی۔۔۔

یہ گجرے کو بھی اس کے جوڑے میں لگاؤ۔۔۔

آج تو گاہکوں کی لائن لگ جائے گی۔۔۔

منہ مانگے دام وصول کرو نگی اس پر۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آج تو چاندنی ہو گئی میری۔۔۔۔

شبو اپنے ہاتھ سے گجرے اتار کر نبیلہ کو تھما گئی اور خوشی سے گنگناتے وہاں سے مٹکتے ہوئے نکل پڑی۔۔۔

نبیلہ نے وہ گجرے ابرج کے بالوں میں اٹکا دیے۔۔۔

جواب میک آپ میں. اٹے زندہ لاش کی مانند لگ رہی تھی۔۔۔

حسن بازار میں چمچماتی گاڑی جیسے ہی داخل ہوئی سب کی نظریں اس طرف مرکوز ہوئی۔۔۔

سب اس گاڑی میں بیٹھے نوابوں کو اپنے کوٹھے کی زینت بنانا چاہتے تھے۔

www.novelsclubb.com

سب مرد اپنے اپنے کوٹھے پر ان کو متوجہ کرنے کی خاطر ان کی گاڑیوں پر پھول پھینکنے لگے۔۔۔

ارسل جو صابر کے ساتھ بیٹھا تھا اس سب ماحول سے بے چین ہو گیا۔۔۔۔

ہر کوئی ان کی گاڑی کی جانب لپکا۔۔۔۔

ارسل کی نظریں چاروں اطرف گھومی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

سامنے کھڑکیوں اور دروازوں کو کھولے کھڑی آدھے ڈھکے کپڑوں میں موجود لڑکیاں فضول قسم کے اشارے کر کے ان کو اپنی جانب متوجہ کر رہی تھی۔۔۔۔

ہر طرف طبلوں اور گھنگروں کی آوازیں گونج رہی تھی جبکہ گیتوں کی آواز بھی صاف سنائی دے رہی تھی۔۔۔

یہ سب کیا ہے صابر؟؟؟؟

ارسل عجیب نظروں سے بولا۔۔۔۔

مجھے کوفت محسوس ہو رہی ہے اس ماحول سے۔۔۔

یہی وجہ میں نہیں آنا چاہتا تھا یہاں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل کا لہجہ تلخ ہوا۔۔۔۔

چل یار اب آ گئے ہیں تو کر لیتے ہیں مزہ۔۔۔۔

اگلی بار نہیں آئے گے۔۔۔

اگلی بار کیا اب کبھی نہیں آئے گے۔۔۔

مجھے آنا ہی نہیں چاہیے تھا۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تمہاری وجہ سے آگیا ہو۔۔۔

ارسل کا موڈ مکمل آف ہو گیا۔۔۔

یار اس کوٹھے پر چلتے ہیں۔۔۔

بظاہر بڑا خوبصورت لگ رہا ہے دیکھتے ہیں اندر کونسا خزانہ ہے۔۔۔

ایک لڑکے نے گاڑی کوٹھے کے سامنے ٹکائی۔۔۔

ارسل کا دل اب ان سب چیزوں سے اچاٹ ہو گیا۔۔۔

اور سب گاڑی سے باہر نکل آئے۔۔۔

پتہ نہیں میں کیوں آگیا ہو یہاں!!!!!۔ارسل دل ہی دل میں خود کو کوسنے لگا۔۔۔

www.novelsclubb.com

کوٹھے کے ملازموں نے ان لوگوں کو اپنے جانب آتے دیکھا تو الائیں بالائیں کرتے ان کی جانب بڑھے۔۔

کوئی ان پر پھول پھینک رہا تھا۔۔۔

تو کوئی ان کو ہار پہنا رہا تھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل نے اپنے گلے میں موجود موتیوں کے ہار کو نوچا اور زمین پر پھینک دیا۔۔۔

اب سب اندر کی جانب بڑھ گئے۔۔۔

جہاں پر ایک محفل کا رنگ جما تھا۔۔۔

ایک بڑے سے ہال نما کمرے کو روشنیوں سے بخوبی سجایا گیا تھا۔۔۔

جابجا موجود گول تکیے اور سامنے پڑے شیشے کے حقے نہایت سلیقے سے رکھے گئے تھے۔

سرخ رنگ کی چادروں سے فرش کو ڈھانپا گیا تھا جبکہ ہر جانب شیشوں کے ٹکڑے چسپاں تھے۔۔۔

ارسل اپنے دیگر تین دوستوں کے ہمراہ زمین پر بچھی۔چادروں پر جا بیٹھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

یار موڈ سیدھا کر لے۔۔۔

آ تو گئے ہیں اب انجوائے کر لیتے ہیں۔۔

صابر نے ارسل کا بگڑا منہ دیکھا تو کہا۔۔۔

جس پر ارسل نے کوئی تاثر نہ دیا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!! شبو خالہ

!!!!شبو خالہ

چلوں باہر۔۔۔

آج ایک بڑی تگڑی پارٹی آئی ہے ہمارے شاہان شان کوٹھے کی زینت بڑھانے۔۔۔

استاد بھاگتا ہوا اندر کی جانب آیا۔۔۔

جہاں شبو اپنے چہرے پر مزید میک آپ تھوپ رہی تھی۔۔۔

وہاں رے استاد جی۔۔۔

آج پہلی بار کوئی اچھی خبر سنائی ہے تم نے تو۔۔۔

لگتا ہے یہ نئی لڑکی بڑے پیسے لے کر آئی ہے ہمارے لیے۔۔۔

بس آج ایسا مجرا ہو گا اس کوٹھے پر کہ لوگ برسوں یاد رکھیں گے شبو کا کوٹھا۔۔۔

شبو منہ میں پان دبائے بولی۔۔۔

تم جا کر مہمانوں کی خاطر تواضع کرو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں ذرا اپنے حسن کو مزید نکھار لو۔۔۔

شبو شیشے میں خود کو دیکھتے بولی۔۔

ہاں ٹھیک ہے میں جاتا ہو تم بھی جلدی آجانا۔۔۔

استاد وہاں سے کہتا باہر کو نکل پڑا۔۔۔

ارسل نظریں جھکائے بیٹھا سارے ماحول کو نظر انداز کر رہا تھا۔۔۔

یہ اچانک تین چار لڑکیاں جو اوپر سے نیچے تک چم چم کرتے لباس میں ملبوس تھی۔۔۔

مٹکتے ہوئے ہوئے دلفریب اداؤں کا جادو چلاتے وہاں آئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور ہاتھ میں موجود کچھ مشروب ایک ایک کر کے ان کے سامنے رکھنے لگی۔۔۔

!!! نظریں کیوں جھکا رکھی ہے صاحب

ذرا نظر بھر کر دیکھ تو لیجئے۔۔۔

نہ یہ موقع بار بار آتا ہے نہ میں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ایک لڑکی جو ارسل کے سامنے مشروب رکھ رہی تھی۔۔۔

اس کو دلفریب نظروں سے دیکھتے بولی۔۔۔۔

ارسل جس کو پہلے ہی اس ماحول میں الجھن محسوس ہو رہی تھی اچانک اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔۔

کہاں جا رہا ہے یار؟؟؟

صابر نے ایک دم ارسل کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔

بس صابر اور برداشت نہیں ہو رہا۔۔۔

میں گاڑی میں انتظار کرتا ہو تم سب آ جانا جب آنا ہو گا۔۔۔

ارسل نے اپنا ہاتھ چھڑوایا اور آگے کو بڑھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

یار سن تو۔۔۔۔

صابر بھی اس کے پیچھے چل پڑا۔۔۔۔

ارسل نکل کر بالکنی میں آگیا اور اندر کے گھٹن بھرے ماحول سے نکل کر لمبے لمبے سانس بھرنے لگا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یار کیا کر رہا ہے؟؟؟

سب بہت انجوائے کر رہے ہیں تو بھی کر۔۔۔

صابر نے اسے باہر کھڑا دیکھا تو کہا۔۔۔۔

میرا تو دم گھٹ رہا تھا اندر۔۔۔

ان لڑکیوں کو یوں اپنا جسم پیش کرتے دیکھ کر دل کر رہا تھا کسی گڑھے میں دفن ہو جاؤ۔۔۔

ارسل بے ہنگم ہوا۔۔۔

!!! یار پلیز

سب کا موڈ خراب نہ کر۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہم سب کیلئے آیا ہے تو رک جا کچھ دیر اب۔۔۔

دل بنا رہے گا سب کا۔۔۔

صابر نے اسے سمجھاتے کہا۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے تم چلو اندر میں آتا ہو کچھ دیر میں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل نے تاسف سے کہا۔۔۔

پکاناں؟؟؟؟؟؟

ہاں پکا!!!!تو جا!!!۔ارسل نے جواب دیا۔۔۔

جس پر صابر واپس اندر کی جانب بڑھ گیا۔۔۔

کس مصیبت میں پھنس گیا ہو۔۔۔

گھر میں نرمل برداشت نہیں ہوتی۔۔۔

اور یہ یہ اتنی زیادہ لڑکیاں کیسے برداشت ہو نگی۔۔۔۔

بس یہ وقت اب جلدی سے گزر جائے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل نیچے دیکھتے بولا۔۔۔

شبو باہر ہال میں داخل ہوئی۔۔۔

!!!!!ذیے نصیب



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بابو جی۔۔۔۔

!!!!کسی کو کوئی دقت تو نہیں ناں

شبو اپنے روایتی بیٹک پر اداؤں کی مار کرتے بولی۔۔۔

دقت تو کوئی نہیں ہے شبو جی۔۔۔۔

بس انتظار ہے دیار یار کا۔۔۔۔

ایک شخص جو ہاتھ میں جام تھامے تھا تکیے سے ٹیک لگائے بولا۔۔۔

جی جی صاحب جی۔۔۔

آپکی آنکھیں ابھی ٹھنڈی کیے دیتے ہیں۔۔۔

یہ سب آپکو خوش کرنے کیلئے ہی تو سجا ہے۔۔۔

شبو مسکراہٹ دیتے بولی۔۔۔

اچھا تو لوں پھر پورے پچاس ہزار۔۔۔

اور شروع کرو اس رنگین محفل کو۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اب صبر نہیں ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

وہ سینے پر ہاتھ دھڑے بے چینی ظاہر کرتے بولا۔۔۔

شبو نے پچاس ہزار کی گٹھی دیکھی تو فورا جھپٹ کر اس پر ہڑی۔۔۔۔

استاد جی۔۔۔۔

استاد جی۔۔۔

بلالو آج کی محفل کی جان کو۔۔۔

اب اس کے دیوانے صبر سے گریزاں کیے بیٹھے ہیں۔۔۔

شبو نے گٹھی دباتے اپنی سیٹ سنبھالی۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور پھر کچھ ہی دیر میں محفل شروع ہو گئی۔۔۔

ارسل جو باہر کھڑا تھا اندر سے گانے اور گیت کی آواز سنی تو پلٹا۔۔۔

لگتا ہے شروع ہو گیا ہے اندر کا ڈرامہ۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل نے دل ہی دل میں کہا۔۔۔

اور اندر کی جانب بڑھ گیا۔۔۔

ہال کے اندر بڑھتے ہوئے اس کو اچانک کسی کھٹ پٹ سی آواز سنائی دی۔۔۔

جیسے کوئی درد بھری آواز سے رو رہی ہو۔۔۔

پہلے تو ارسل نے اس کو نظر انداز کرتے ہوئے اندر جانے کا فیصلہ کیا۔۔۔

مگر جب دل نے نہ جانا تو آہستگی سے اس جانب بڑھنے لگا۔۔۔

محفل کا آغاز ہو چکا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ایک رقاصہ اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہوئے طبلے اور ڈھولک کی تھاپ پر ناچ رہی تھی۔۔۔

اپنی دلفریب اداؤں اور نگاہوں سے وہ وہاں بیٹھے سب لوگوں کا دل اپنی جانب موہ رہی تھی۔۔۔

صابر اور دیگر لڑکے بھی اس کے فن ہر اش اش کر اٹھے تھے۔۔۔

ہر کوئی اس وقت اس رقص جاناں کے نشے میں گم تھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شبو بیگم جو ناچتی رقاصہ کو دیکھ کر ہاتھ پر تالی مار رہی تھی۔۔۔

استاد جی کے اس کے کان میں کہنے پر اس کے چہرے تاثرات بگڑ سے گئے۔۔۔

اور وہ فوراً وہاں سے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔

کسی کو بھی اس کے وہاں سے جانے میں فرق نہ پڑا۔۔۔

میں نے کہا ناں مجھے نہیں جانا کہیں۔۔۔

تو نہیں جانا۔۔۔

یہ لوگ مجھے مارنا. چاہتے ہیں تو مار ڈالے۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر پل پل کی موت کی اذیت میں برداشت نہیں کر سکتی۔۔۔

ابرج کا صبر اب ختم ہو چکا تھا وہ بغاوتی انداز سے غرائی۔۔۔

بس کر دو چپ ہو جاؤ۔۔۔

باہر محفل ہو رہی ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اگر اس میں کسی بھی قسم کا خلل ہوا ناں تو شبو خالہ تمہیں کہیں کا نہیں چھوڑے گی۔۔۔

نبیلہ اس کو سمجھاتے ہوئے چپ کرواتے بولی۔۔۔

مجھے کسی کا بھی کوئی ڈر نہیں ہے۔۔۔

میں چلاؤں گی۔۔۔

اور چلاؤں گی۔۔۔

خود کا یوں تماشا دیکھ کر میں چپ نہیں رہ سکتی۔۔۔۔

ابرج اونچی سے مزید چلائی۔۔۔

کہ تبھی وہاں شبو دروازہ پٹختے اندر کی جانب بڑھی۔۔۔

کیا شور مچا رکھا ہے لڑکی تو نے۔۔۔۔

تجھے خبر نہیں باہر کتنے معزز لوگ بیٹھے ہیں۔۔۔

شبو گرج کر بولی۔۔۔

معزز لوگ۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جو کوٹھے کی زینت کا ساماں ہے واقف ہو ان سے بخوبی۔۔۔

مجھے یہاں نہیں رہنا ہے بس۔۔

مجھے جانا ہے اس غلیظ جگہ سے۔۔۔

ابرج زچ ہوئی۔۔۔

تجھے میں یہاں رکھو گی بھی نہیں لڑکی۔۔۔

تجھے تو آج رات ہی کسی عیاش پرست کو بیچنا ہے مجھے۔۔۔

تیری موجودگی میری باقی لڑکیوں کو گمراہ کرے گی۔۔

سب دیکھ تجھے کیسے انسان کے ہاتھ فروخت کرتی ہو۔۔

یاد رکھے گی شبو کو ہر شب۔۔۔

شبو تلملاتے ہوئے وہاں سے نکل گئی۔۔۔

تمہیں یہ سب نہیں کرنا چاہیے تھا۔۔۔

کیوں خود کو مزید تباہ کرنا چاہتی ہو۔۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نبیلہ اس کے قریب ہوئی۔۔۔

ابرج سر پکڑے اس غلیظ جگہ سے بس نکلنے کا سوچ رہی تھی۔۔۔

یہاں سے نکلنا آسان نہیں۔۔۔

یہ جگہ ایک ایسی گہری دلدل ہے جو پھنس گیا اس میں وہ اس میں نگلا گیا۔۔۔

میں تمہاری طرح ہمت نہیں ہارو گی۔۔۔

مجھے یہاں نہیں رہنا بس۔۔۔

ابرج پاس بیڈ پر بیٹھتے چلائی۔۔۔

کیا کرو؟؟؟

!!!کیسے سمجھاؤ تمہیں

نبیلہ پریشانی سے بولی۔۔۔

!!!کیا ہوا ہے شبو بیگم

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اتنے غصے میں بپھری کیوں ہوئی ہو؟؟؟

استاد صاحب جو ہال سے باہر اسکا انتظار کر رہے تھے بولے۔۔۔

اس لڑکی کا کچھ نہ کچھ کرنا ہو گا استاد جی۔۔۔

یہ لڑکی وبال جان بن جائے گی ہمارے لیے۔۔

اور میں اپنے دھندے کیلئے کسی بھی قسم کا نقصان برداشت نہیں کرونگی۔۔۔

ٹھیک ہے میں ابھی کسی سیٹھ گاہک کو دیکھتا ہو۔۔۔

تب تک تم جا کر مجرے میں بیٹھو سب اکیلے ہیں وہاں۔۔۔

میں سنبھالتا ہو آگے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ٹھیک ہے۔۔۔

جیسے کوئی سیٹھ مانے مجھے بتانا۔۔

شبو وہاں سے انگارے بڑھتے نکل گئی۔۔۔

جبکہ استاد جی اب اپنی بات پر عمل کرنے کو کھڑے ہو گئے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نیبلہ لے آؤں اسے باہر۔۔۔۔

استاد کی آواز سنی تو نیبلہ اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔

نبیلہ مجھے نہیں جانا۔۔۔

مجھے کہیں نہیں جانا۔۔۔

مجھے بچالو۔۔۔

پلیز مجھے بچالو۔۔۔

میں نہیں بکنا چاہتی مجھے اس دلدل سے نکال دو۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج بے بسی کے عالم میں نیبلہ کے سامنے ہاتھ جوڑے گر گرائی.۔۔۔۔

میں کچھ نہیں کر سکتی۔۔۔

نہ اپنے لیے نہ تمہارے لیے۔۔۔

اس بازار حسن میں سب کی بولی لگتی ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کل میں تھی آج تم ہو کل کوئی اور ہو گی۔۔

اور یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔۔۔

نبیلہ مایوسی سے بولی۔۔۔

تمہیں آواز نہیں آ رہی نبیلہ ؟؟؟

لے کر آؤ اسے باہر۔۔۔

گاہک انتظار میں ہے۔۔۔

استاد کی آواز ایک بار گونجی۔۔

نبیلہ نے ابرج کو دیکھا جس کا وجود خوف کی وجہ سے لرز رہا تھا۔۔۔

چلوں استاد جی بلا رہے ہیں باہر۔۔۔

نہیں۔۔۔۔

مجھے نہیں جانا۔۔۔

نہیں جانا کہیں۔۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج پیچھے کو ہٹتے دیوار کی جانب بڑھی۔۔

ضد مت کرو۔۔۔

تمہاری چیخ و پکار یا رونے سے ان پتھر اور ناسور دل لوگوں کو کوئی فرق نہیں پڑے گا۔۔۔

مجھے نہیں جانا نبیلہ۔۔۔

پلیز مجھے بچالو۔۔

ابرج ایک بار دہائی کرتے بولی۔۔۔

میں کچھ نہیں کر سکتی سوائے تمہیں سمجھانے کے۔۔۔

اب چلوں۔۔۔

ورنہ وہ خود آجائے گے اور پھر بہت برا ہو گا۔۔۔

نبیلہ ابرج کو تھامے اسے باہر کی جانب لے کر بڑھی۔۔۔

ہر قدم ابرج کیلئے کسی موت کی تکلیف دہ اذیت سے کم نہ تھا۔۔۔

گھسیٹتے قدموں کے ساتھ وہ کمرے کی دہلیز پار کرتے باہر نکلی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل ہال سے ہٹ کر اب اس آواز کی جانب بڑھا۔۔۔

جس کمرے میں وہ داخل ہوا وہاں سخت اندھیرا تھا۔۔

مگر اس کمرے کے ساتھ والے کمرے کی روشنی نے اسے بھی روشن کیا ہوا تھا۔۔۔

کسی کی سسکیوں کی آواز نے ارسل کے رونگٹے کھڑے کر دیے تھے۔۔۔۔

یہ آواز؟؟؟

کون رو رہا ہے اس طرح؟؟؟۔ارسل اس جانب بڑھا۔۔۔

کہ سامنے کمرے میں کھڑے تین مردوں کو شکلیں اسے صاف نظر آئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہاں ہے وہ خوبصورت بلا؟؟؟

کب تک یونہی انتظار کی تکلیف کرواؤ گے استاد جی۔۔۔

ایک شخص جو شکل سے بظاہر غنڈہ مطلوب ہوتا تھا۔۔

اپنے منہ پر ہاتھ پھیرتے عجیب شکل اپنائے بولا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جی جی سیٹھ جی۔۔

آ رہی ہے بس وہ۔۔۔

بلا کر آیا ہو میں۔۔۔

دیکھو استاد جی اس بار مال بہت اچھا ہونا چاہیے۔۔۔

پچھلی والی مجھے بلکل پسند نہیں آئی تھی۔۔

وہ تو بس شبو کی وجہ سے لے گیا تھا اسے مگر اب کی بار۔۔۔

وہ شخص سودا بازی کے انداز اپنائے بولا۔۔۔

نہیں نہیں سیٹھ جی۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس بار آپ کے ذوق کو دیکھ کر ہی لڑکی دے گے آپکو۔۔۔

آپ فکر مت کرے بس۔۔۔

استاد نے فورا بات کاٹتے کہا۔۔۔

ارسل جو ساتھ کمرے میں کھڑا ان سب کی باتوں کو سن رہا تھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یہ سب کس حوالے سے بات کر رہے ہیں کچھ سمجھ نہیں آ رہا مجھے؟؟؟

آخر یہاں چل کیا رہا ہے؟؟؟

ارسل کی سنگین دلچسپی سے سارے معاملے کو دیکھنے لگا۔۔۔

کہ تبھی اچانک دوسری جانب سے دو وجود آتے نظر آئے۔۔۔

اندھیرے کی وجہ سے دونوں کے چہرے ارسل کو صاف دکھائی نہیں دے رہے تھے۔۔۔

مگر عکس سے عیاں تھا کہ دونوں لڑکیاں ہی ہیں۔۔

اب یہ دونوں کون ہیں؟؟؟

ارسل معاملے کو باریکی سے دیکھتے سوچنے لگا۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہ تبھی روشنی کی کرن ان میں سے ایک لڑکی کے چہرے پر پڑی۔۔۔

سفید دودھیا رنگت کی مالک سرخ ساڑھی میں ملبوس وہ لڑکی چپ سادھے چل رہی تھی۔۔۔

ارسل اسے دیکھ کر ایک دم ساکن سا ہو گیا۔۔۔

اس کے وجود میں ایک عجیب سی تھرتھلی سی دوڑی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بے چین آنکھوں سے وہ اب اس کے چہرے کو تکنے لگا۔۔۔

جس کی آنکھیں دیر تک رونے کی وجہ سے سرخ تھی جبکہ چہرہ بھی سرخ گلاب کی مانند لال تھا۔۔۔

ہاتھوں میں کانچ کی چوڑیاں اور بالوں میں گجرا پہنے وہ لڑکی چہرے سے بہت ہی درد اور خوف میں مبتلا محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

ارسل جو اسے دیکھ کر ساکت تھا اسے اندر جاتا دیکھ بے چین سا ہوا۔۔۔۔

یہ سب کیا تھا؟؟؟؟

وہ لڑکی کیوں اندر گئی ہے؟؟؟؟

www.novelsclubb.com

ارسل سوچتے ہوئے اس کمرے کی جانب آہستگی سے بڑھا۔۔۔

واہ رے استاد آج کا مال تو کمال ہے۔۔۔۔۔

مزہ آگیا ہے دیکھ کر ہی۔۔۔

وہ شخص اپنے لبوں پر ہاتھ پھیرتے بھوکی نظروں سے ابرج کو دیکھ کر بولا۔۔۔

جو نیلبہ کے ساتھ لپکے نظریں گرائے کھڑی انسوں کناں تھی۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تو پھر اپکو پسند آئی ہے یہ مطلب؟؟؟۔

!!!ہاں ہاں بہت زیادہ بس دام بتاؤ اس بلا کہ

کتنے ہیں؟؟؟

جو مانگو گے ملے گا۔۔۔

وہ شخص آہستگی سے ابرج کی جانب بڑھا۔۔۔

جو پہلے تو نظریں گرائے کھڑی تھی مگر پھر اس کو اپنے قریب آتے دیکھ کر پیچھے کو ہٹنے لگی۔۔۔

!!!!دور رہو

!!! دور ہو مجھ سے

!!!!ورنہ

ابرج زخمی شیرنی کی مانند اسکو انگلی دکھاتے بولی۔۔۔

استاد یہ لڑکی تو لگتا ہے نئی ہے۔۔۔

تبھی اکڑ دکھا رہی ہے مجھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!جی سیٹھ جی آج صبح ہی آئی ہے یہ یہاں

بلکل گلاب کا تازہ پھول ہے یہ۔۔۔

استاد آگے بڑھتے بولا۔۔۔

پھر تو بہت مزہ آنے کو ہے۔۔۔

سیٹھ نے اپنا ہاتھ آگے بڑھاتے ابرج کی بازو کو تھام لیا۔۔۔

ابرج نے اپنے ہاتھ کو جکڑے دیکھا تو چیخنے لگی۔۔۔

چھوڑو مجھے۔۔۔۔

چھوڑو۔۔۔

مجھے نہیں جانا تمہارے ساتھ۔۔۔۔

!!!!چھوڑو

!!!!! کوئی ہے

پلیز بچاوء مجھے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج جو چیخ و پکار کر رہی تھی۔۔۔

ارسل یہ سب اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

اس کو اب یہاں چلنے والے کاروبار کی سب سمجھ اچکی تھی۔۔۔

ابرج کو جب اپنی کلائی اس کے ہاتھ سے نکلتی محسوس. نہ ہوئی تو اپنے دانت اس کی بازو میں گاڑ دیے۔۔۔

جس کی درد کی شدت سے وہ چنگارا اٹھا۔۔۔

اور گرفت ڈھیلی ہو گئی۔۔۔

ابرج نے موقع پایا اور استاد کو دھکا دیتے ہوئے باہر کی جانب نکلی۔۔

www.novelsclubb.com

لیکن اس سے پہلے وہ بھاگتی۔۔۔

سامنے کھڑے ایک سخت جان وجود سے ٹکرا گئی اور پیچھے کی جانب گرنے لگی۔۔۔

کہ تبھی سامنے کھڑے وجود نے اس کو کمر سے تھاما اور اپنی جانب کھینچا۔۔۔

ابرج اس شخص کے سینے سے جا لگی جس نے اسے گرنے سے بچایا تھا۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج کا پورا وجود خوف سے کانپ رہا تھا جبکہ اس کی سانسیں بھی تیز ہو رہی تھی۔۔۔

آنکھیں موندھے وہ اس کے ساتھ ایک ننھی بچی کی مانند لگی ہوئی تھی۔۔۔

دوسری جانب ارسل بھی اس کے وجود کی لرزش اور لمس کو محسوس کر رہا تھا۔۔۔

جس کا وجود مکمل ٹھنڈا پڑ چکا تھا اور اب وہ ارسل کی مضبوط بانہوں میں جکڑی ہوئی تھی۔۔۔

یہ سب کیا ہو رہا ہے؟؟؟

شبو جواب وہاں اچکی تھی ابرج کو ارسل کے ساتھ دیکھ کر بولی۔۔۔

ابرج نے آواز سنی تو فوراً کپکپا سی گئی۔۔۔۔

استاد اور باقی سب بھی کمرے سے باہر نکل آئے۔۔۔

www.novelsclubb.com

جبکہ وہ شخص بھی اپنا بازو تھامے کڑاہتا ہوا باہر کو آیا۔۔۔

اے شبو تیری اس ائٹم نے میرا ہاتھ کاٹ کھایا۔۔۔

میں اس کو چھوڑو گا نہ نہیں اب۔۔۔

وہ شخص تلملا کر بولا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نے جب سنا تو ارسل کی بانہوں کا حصار توڑتے ہوئے اس کے پیچھے کو جا چھپی۔۔۔۔

مجھے نہیں جانا۔۔ ابرج ہکلاتے بولی۔۔

اے نبیلہ پکڑا سے اور لے کر آ سیٹھ کے پاس۔۔۔

شبو نے نیبلہ کو حکم دیا۔۔۔۔

نبیلہ جس نے سنا تو ارسل کی جانب بڑھی۔۔۔

!!!رک جاؤ؟؟؟

اس لڑکی کو کوئی ہاتھ نہیں لگائے گا۔۔۔۔

ارسل کا لہجہ سخت اور تنبیہہ والا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج نے جب ارسل کی آواز سنی تو اس کی جانب دیکھنے ہمدردانہ نظروں سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

کیوں؟؟؟

کیوں نہ لگائے اس کو ہاتھ۔۔۔

یہ میری ملکیت میں ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں اس کو شبو سے خرید وگا۔۔۔

وہ شخص لفظ چباتے بولا۔۔۔۔

کس قدر گرے ہوئے ہو تم لوگ۔۔۔

ایک لڑکی کو اس کی رضامندی کے بغیر یہاں رکھا ہوا ہے اور اسے اب بیچ رہے ہو۔۔۔۔

ارسل جواباً ہوا۔۔۔

اونواب۔۔۔۔

یہ بات نہ کرو۔۔

یہ جگہ جس کام کیلئے ہیں ناں وہی ہوتا ہے یہاں۔۔۔

اور یہ لڑکی۔۔۔

شبو کہتے ہوئے ابرج کی جانب ں بڑھی۔۔

جس نے ارسل کی بازو کو مضبوطی سے تھام لیا تھا۔۔۔

خبردار!!!!

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہاتھ بھی لگایا اسے۔۔۔۔

!!!!!ورنہ

ارسل نے شبو کو غصے سے دیکھتے کہا۔۔۔

ورنہ کیا؟؟؟؟

!!!ہاں کیا

یہ شبو کا علاقہ ہے۔۔۔

اور یہ بلبل شبو کی ہے جو اس کے نام نہاد یار سے پورے دو لاکھ میں خریدی ہے۔۔۔۔

اور بابو تم مجرا دیکھنے آئے ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

آنکھیں سینکوں اور یہاں سے چلتے بنوں۔۔۔

شبو لڑکار کرتے ہوئے بولی۔۔۔

اچھا تو اس کی قیمت محض دو لاکھ ہے؟؟؟؟

ارسل نے اپنے پیچھے موجود ابرج کو دیکھا جس کا رو رو کر برا حال تھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!! تھی

!!!اب نہیں

!!!اب تو دگنی ہے اس بلبل کی قیمت

شبو لالچ بھرے لہجے سے بولی۔۔۔

اچھا تو کتنی قیمت ہے اس کی؟؟؟

ارسل نے ابرج کو دیکھتے بولا۔۔۔

جواب اس کو حقیقر نظروں سے دیکھتے پیچھے کو ہوئی تھی۔۔۔۔

شبو یہ میرا مال ہے۔۔۔

اور یہ صرف میں خریدو گا۔۔۔۔

تو جتنا بھی مانگے گی اتنا دونگا۔۔۔

مگر یہ مجھے چاہیے۔۔۔

اسے کسی کو نہیں بیچے گی تو۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

پیچھے کھڑے شخص نے شبو کو غصے سے کہا۔۔۔

کتنے پیسے لو گی اس کے؟؟؟

پانچ لاکھ؟؟

دس لاکھ؟؟

پندرہ لاکھ؟؟؟

کتنے؟؟؟

ارسل نے شبو کی لالچ کو بھانپا۔۔۔

جس کا منہ رقم سن کر کھلے کا کھلا رہ گیا۔۔۔۔

!!!تم بھی

تم بھی میری قیمت لگانے آئے تھے۔۔۔

ابرج جو اس کے پیچھے مارے حیرت کھڑی تھی ارسل کو دیکھتے ہوئے روہانسی ہوئی۔۔۔

جس کا ارسل نے کوئی جواب نہ دیا اور شبو پر ہی نظریں جمائے اس کے تیور دیکھنے لگا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!پورے پچیس لاکھ

اگر منظور ہو تو یہ تمہاری ہوئی۔۔۔

ورنہ گاہک اور بھی بہت ہے اس کے۔۔۔

شبو نے دبی مسکراہٹ دیتے کہا۔۔۔

تو ٹھیک ہے ڈن ہوا۔۔۔

ارسل فاتحانہ مسکراہٹ دیتے ہوئے پیچھے کو ہٹا اور کوٹ سے چیک بک نکالے رقم لکھنے لگ گیا۔۔۔

یہ کیا کر رہی ہے شبو؟؟

!!!یہ مال میرا تھا

اور تو اس کو بیچ رہی ہے۔۔۔

یاد رکھ میں تیرا پرانا گاہک ہو۔۔۔

اچھا نہیں کر رہی تو یہ سب کر کے۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ شخص شبو کو دھمکاتے ہوئے بپھرا۔۔۔

او سیٹھ۔۔۔

ہر بار تجھے بیچتی ہو۔۔۔

مگر تو مجھے کبھی اتنی رقم نہیں دیتا۔۔۔

آج میری چاندی ہے۔۔۔

تو میں کیسے فائدہ نہ اٹھاؤ۔۔۔

جو زیادہ پیسے دے گا وہی لڑکی لے کر جائے گا۔۔۔۔

شبو نے مڑتے اسے جواب دیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!دیکھ لونگا تجھے؛

!!!دیکھ لونگا

جس پر وہ شخص غصے سے پاؤں پٹختے ہوئے وہاں سے نکل گیا۔۔۔

ارسل نے چیک لکھا اور شبو کے آگے بڑھا دیا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شبو نے چیک دیکھا تو لال ٹپکاتے ہوئے چیک کو دیکھنے لگی۔۔

بابو یہ لڑکی آپکی ہوئی ہے۔۔۔

اب جو مرضی کرو اس کے ساتھ۔۔۔

میرا اس سے کوئی تعلق نہیں اب۔۔۔

شبو چیک کو پھٹی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

ارسل جس نے شبو کی لالچ کو بھی خرید لیا تھا مسکراتے ہوئے ابرج کے روبرو ہوا۔۔۔

جو اسے کاٹ کھانے کی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

میں تو تمہیں مسیحا سمجھی تھی جو مجھے اس دلدل سے نکالنے آیا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

مگر تم نے تو میری اور بھی بڑی بولی لگا دی ہے۔۔۔

دھتکار ہے تم جیسے مردوں پر۔۔

جو اپنی مردانگی ازمانے ایسی غلاظت بھری جگہوں پر آتے ہیں۔۔۔

ابرج طنز آلود تیروں کے نشتر چلا رہی تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جبکہ ارسل خاموشی سے کھڑا بس اس کی باتوں کو سن رہا تھا۔۔۔

اور کہ بس؟؟؟

!!کچھ اور کہنا رہ گیا ہے باقی تو بول دو

!!!کیونکہ ہمیں اب جانا ہے یہاں سے

ارسل اپنی پاکٹس میں ہاتھ ڈالے بے ضرر تاثرات سے بولا۔۔

میں تمہارے ساتھ کہیں نہیں جاؤ گی۔۔۔

!!! سمجھ رہے ہو ناں تم

میں نہیں جاؤ گی تمہارے ساتھ کہیں بھی۔۔۔

ابرج اس پر چیخی۔۔۔

ارسل نے ابرج کو بگڑتے دیکھا تو فوراً اس کی کلائی تھامی اور کھینچتے ہوئے وہاں سے نکل پڑا۔۔۔

ہائے کاش ایسے گاہک تین چار اور آ جائے۔۔۔

قسم سے یہ دھندا چھوڑ دو نگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

شبو چیک کی بو سونگھتے مست ہوئی۔۔۔

!!!چھوڑو مجھے

میں نہیں جاؤ گی تمہارے ساتھ کہیں. بھی۔۔۔

.میرا ہاتھ چھوڑو۔۔

ابرج نے ارسل کے ہاتھ پر اپنے ناخن گاڑے۔۔۔۔

جس پر ارسل ایک دم رک گیا۔۔۔

اور غصے سے ابرج کو گھورنے لگا۔۔۔

اب اگر تم چلائی یا میرے بازو پر کاٹا تو یقین. جانو وہی چھوڑ آؤ گا جہاں سے نکال کر لایا ہو تمہیں۔۔

ارسل نے اسے انگلی دکھاتے کہا۔۔۔

وہ بھی دوزخ ہے یہ بھی دوزخ ہے۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!اپ اس کی باتوں میں نے آئے پلیز

ارسل نے لہجہ زور آور کیا۔۔۔

تو کیا سمجھے پھر ہم؟؟؟

ساری سمجھ تو تمہاری پاس ہی ہے۔۔۔

!!!ہم تو سب یہاں نا سمجھ بیٹھے ہیں

عالم شاہ تضحیک امیز انداز سے بولے۔۔۔

!!!ماما آپ تو سمجھے

ارسل نے عالم شاہ کو مکمل اگنور کیا اور انعم بیگم کی جانب بڑھا۔۔۔

میری سمجھ بند ہو چکی ہے ارسل۔۔۔

میں نے ہر بار تمہارا ساتھ دیا ہے۔۔۔

مگر اس بار نہیں۔۔۔

ہمیں کیا پتہ وہ کون ہے اسکا خاندان کیسا ہے کہاں کی ہے کیا ہے؟؟؟

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!اور پھر ہم ہی سمجھے ؟

بہت دکھ پہنچایا ہے تم نے۔۔۔

بہت دکھ۔۔۔۔

انعم بیگم آنکھوں میں بے یقینی کے آنسوں لیے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

جبکہ عالم شاہ بھی ارسل کو گھورتے انعم بیگم کے پیچھے ہوئے۔۔۔

جبکہ ارسل ان دونوں کے جانے کے بعد سیدھا اپنے کمرے کی جانب غضب و غیض کے ساتھ بڑھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج ارسل کے کہنے پر اندر کی جانب آتو گئی مگر اب اتنے بڑے گھر میں موجود کئی کمروں میں سے ارسل کے کمرے کی تلاش کرنے کو نظریں گھومانے لگی۔۔

ملائکہ جو ابرج کے اندر جانے پر اس کے پیچھے کو بڑھی تھی اس کے پاس آگئی۔۔۔

آپ ارسل بھائی کا کمرہ ڈھونڈ رہی ہے ؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!وہ ہے ان کا کمرہ سامنے

کیچن کے ساتھ ہی موجود ایک کمرے کی جانب ملائکہ نے اشارہ دیا۔۔۔

جس کے بتانے پر ابرج تیز قدموں کے ساتھ ارسل کے کمرے میں داخل ہو گئی اور کمرے میں داخل ہوتے زور زور سے رونے لگ گئی۔۔۔

خود کو بازوؤں سے پکڑتے وہ ابھی تک نرمل کی جنونیت پر خوفزدہ تھی۔۔۔۔

!!!!کہیں اس کے کہنے پر ارسل مجھے چھوڑ ہی نہ دے

!!اگر ارسل نے مجھے چھوڑ دیا تو

سوچ کی ابھرتے اندیشوں نے اسے پریشان کر دیا۔۔

www.novelsclubb.com

کہ تبھی ارسل غصے سے چور لمبے لمبے ڈاگ بھرتا کمرے میں داخل ہوا۔۔۔

اور سیدھا بیڈ پر جاتے ہی اپنے پیروں کو جوتوں سے آزاد کرنے لگا۔۔۔۔

ابرج جو دور کھڑی اس کے سرخ اور جلال بھرے تاثرات کو دیکھ رہی تھی ڈرتے ڈرتے اس کے پاس کھڑی ہوئی۔۔۔۔

میرے سر پر کیوں کھڑی ہو گئی ہو اب؟؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!وہاں جا کر بیٹھو

ارسل ابرج پر برسا اور صوفے کی جانب اشارہ کیا۔۔۔

مگر ابرج تب بھی بناء ہلے وہی کھڑی رہی۔۔۔۔

!!!!میں کچھ کہہ رہا ہو تمہیں

وہاں جا کر بیٹھو ابھی۔۔۔

میرا غصہ میرے قابو میں نہیں ابھی۔۔۔

میں نہیں چاہتا میں کچھ بھی برا کہوں تمہیں۔۔۔

ارسل بیڈ سے اٹھا اور پھاں پھاں کرتا ہوا الماری کی جانب بڑھا اور کپڑے کھنگالنے لگا۔۔۔

کیا آپ مجھے چھوڑ دے گے ؟؟؟؟

ارسل نے ابرج کی دھیمی آواز سنی تو ایک دم رک گیا۔۔۔۔

اور پلٹ کر ابرج کو دیکھنے لگا جو پریشانی سے اپنی انگلیوں سے کھیل رہی تھی۔۔۔

ارسل ایک پل کو تو خاموش ہوا مگر پھر واپس بیڈ پر جا بیٹھا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بیٹھو یہاں!!!۔ارسل نے اسے اپنے پاس بیٹھنے کا اشارہ دیا۔۔۔

میں کہہ رہا ہو بیٹھو یہاں۔۔۔

یقین جانو انسان خور نہیں ہو میں۔۔۔

جس پر ابرج بناء کچھ کہے خاموشی سے بیٹھ گئی۔۔۔۔

ارسل نے اپنے سر کو پکڑا اور پھر گہرا لمبا سانس بھرا۔۔۔

میں جانتا تھا ایسا ہی کچھ ہو گا۔۔۔۔

تبھی خود کو اس کیلئے تیار کر رہا تھا۔۔

مگر مجھے نرمل کے اس پاگل پن کی ہر گز توقع نہ تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

خیر میں جانتا ہوان سب کو کیسے سنبھالنا ہے۔۔۔

اور رہی بات چھوڑنے کی۔۔۔

چھوڑنا ہوتا تو خریدتا نہ۔۔۔

نہ ہی واپس آتا اور نہ ہی نکاح کر کے یہاں لاتا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تو بہتر ہے یہ سوچ اپنے دماغ سے نکال دو۔۔۔

ارسل نے ابرج کو یقین دہانی کروائی اور اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔

!!! مگر وہ لڑکی

ابرج نے نرمل کی جانب متوجہ کیا۔۔۔

وہ لڑکی میری کزن ہے۔۔۔

جس کی باتوں سے مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا۔۔

لہذا بہتر ہے تم بھی اس کی باتوں کو ہوا میں تولو۔۔

تھک گیا ہو میں آرام کرنا چاہتا ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

بہتر ہے تم بھی آرام کرو۔۔۔

ارسل اٹھا اور واپس الماری کی جانب بڑھا۔۔

ابرج کو ارسل کی باتیں اب کئی حد تک پر سکون اور مطمئن کر چکی تھی۔۔۔

مگر ان کپڑوں میں کیسے ؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نے اپنی ساڑھی کی جانب دیکھتے کہا۔۔۔

میں ابھی ملائکہ سے کہتا ہو تمہیں کچھ کپڑے دے دیتی ہے۔۔۔

گھر کا ماحول سنبھلے تو تمہیں شاپنگ کروادونگا۔۔۔

تب تک کمرے میں رہو باہر نہ آنا۔۔۔

اس وقت تمہارے لیے باہر کے حالات کسی طوفان سے کم نہیں۔۔۔۔

ارسل تحمل انداز اپنائے بولا اور کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔

جبکہ ابرج وہی بیٹھی ارسل کی باتوں کو سوچنے لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

نرمل اپنے بیڈ پر بیٹھے ٹانگیں سکھیرے نوح کناں تھی۔۔۔

!!!بس کردو میری جان

!!!بس بھی

وہ تمہارے قابل تھا ہی نہیں تبھی تمہاری محبت کو ٹھکرا کر چلا گیا ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بہتر ہے تم بھی اس کے انسان کو ٹھوکر مارو اور آگے بڑھو۔۔۔

شانزے بیگم نرمل کو پیار سے سمجھاتے بولی۔۔۔

ماما اس نے میری محبت کو نہیں مجھے ٹھکرایا ہے۔۔۔۔

مجھے۔۔۔۔۔

آخر کیا کمی ہے مجھ میں جو اس نے یہ سب کیا؟؟

میری ایگو کو ہرٹ کیا ہے۔۔۔

اسے بری طرح کچل کر رکھ دیا ہے۔۔۔

وہ شانزے بیگم کی جانب سوالی نظروں سے دیکھتے بولی۔۔۔

نہیں میری بیٹی تو سب سے پیاری ہے۔۔۔

سب سے اچھی ہے۔۔۔

کوئی کمی نہیں میری بیٹی میں۔۔۔

شانزے بیگم نے نرمل کے ماتھے پر بوسہ دیتے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں آپکو کہتی تھی ناں کچھ تو ہے جو وہ ایسا کر رہا ہے۔۔۔

مگر تب کسی نے میری بات نہیں سنی۔۔۔

اور اب دیکھ لے وہ میری جگہ اس لڑکی کو لے آیا ہے۔۔

کیسے برداشت کر رہی ہو میں یہ اذیت۔۔۔

صرف میں ہی جانتی ہو۔۔۔

نرمل بلکتے بولی۔۔

بس میری جان بس۔۔۔

دیکھو رو رو کر کتنا برا حال کر دیا ہے تم نے اپنا۔۔۔

بس چپ ہو جاؤ۔۔۔

ہم ارسل سے اچھا رشتہ تمہارے لیے ڈھونڈنے گے۔۔۔

!!! نہیں

نہیں موم۔۔۔

www.novelsclubb.com

چاہیے تو مجھے ارسل ہی۔۔۔

پہلے چاہ تھی اب میری ضد ہے۔۔۔

میں اس لڑکی کی زندگی عذاب بنادونگی۔۔۔

اس کو ارسل کی نظروں میں اس قدر گرادونگی کہ وہ اسے خود دھکے مار کر نکالے گا۔۔۔

نرمل بدلے کی آگ میں جلتے بولی۔۔۔۔

!!! پاگل ہو گئی ہو تم

کہ عقل کو مات ہو گئی ہے تمہارے۔۔۔

شانزے بیگم اپنی بیٹی کی حرکات کو سنبھالو۔۔۔

www.novelsclubb.com

نوید صاحب جو کمرے میں داخل ہی ہوئے تھے نرمل کی باتین سن کر بھڑکے۔۔۔

اپ تو چپ ہی کر جائے تو بہتر ہے۔۔۔

میری بیٹی کی حرکات پر اپکو نظر رکھنے کی ضرورت نہیں۔۔۔

جس کی ضرورت تھی آج وہ ایک بہت بڑا کام کر کے آیا ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جائے اس کی عقل کو سلامی دے اور اس کی حرکات کو درست کرے۔۔۔

شانزے بیگم نوید صاحب کے گلے پڑی۔۔۔

تم نے۔۔۔

تم نے اس کی سوچ خراب کر کے رکھی ہے۔۔۔

اس کی پرورش کا ذمہ تمہیں دینا ہی نہیں چاہیے تھا۔۔۔

جیسی خود کی سوچ ویسی ہی اپنی بیٹی کی سوچ رکھی۔۔

نوید صاحب طنز کرتے وہاں سے چلے گئے۔۔۔

جی جی میری ہی پرورش خراب ہے۔۔

www.novelsclubb.com

اپکا اپنا بھتیجا تو آسمان سے اترا ہے۔۔۔۔۔

ہر کسی کو میری ہی اولاد بری لگتی ہے۔۔۔۔

شانزے بیگم ان کے پیچھے کو چلائی اور واپس نرمل کے پاس آ بیٹھی۔۔۔

میں بتا رہی ہو موم۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں اس کو نہیں چھوڑو گی چاہے مجھے کچھ بھی کرنا کیوں نہ پڑے۔۔۔

ارسل کی زندگی کو دوزخ نہ بنایا تو میرا نام بھی نرمل نہیں۔۔۔

نرمل شانزے بیگم کے ساتھ لگے انتقام کی آہ بھرنے لگی۔۔۔

ابرج بیڈ پر بیٹھے پورے کمرے کا معائنہ کر رہی تھی۔۔

ہر چیز اپنی جگہ پر نفاست سے پڑی بھلی لگ رہی تھی۔۔۔

کوئی بے کار یا فضول قسم کی اشیاء کا جھنجھٹ نہ تھا۔۔۔

ہلکے رنگ کے پردے اور گہرے رنگ کا پینٹ اس کمرے کی خوبصورتی کو بڑھا رہا تھا۔۔۔

کہ تبھی ملائکہ کمرے میں کچھ کپڑے تھامے داخل ہوئی۔۔۔

جس پر ابرج فوراً اس کی جانب متوجہ ہوئی۔۔۔

بھابھی یہ لے میں آپ کے لیے کچھ کپڑے لائی ہو۔۔۔

پتہ نہیں اپکو ٹھیک لگے گے کہ نہیں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر اپنے سب سے پسندیدہ سوٹ آپکو دے رہی ہو۔۔۔

ملائکہ خوشدلی سے کپڑے بڑھاتے بولی۔۔۔

بھابھی؟؟؟؟ابرج اچھنبا سی ہوئی۔۔۔

ہاں ناں میں ارسل بھائی کی چھوٹی بہن ملائکہ ہو۔۔۔

اوراس لحاظ سے آپ میری بھابھی ہوئی ناں؟؟؟

کیوں آپکو اچھا نہیں لگا کیا؟؟؟

!!!نہیں نہیں

بہت اچھا لگا۔۔

www.novelsclubb.com

بس سب کا رویہ دیکھا اور ان سب میں تمہارا بھابھی کہنا عجیب سا لگا۔۔۔

ابرج تاسف سے کپڑے تھامے بولی۔۔۔

ظاہر سی بات ہے بھابھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کل ہی بھائی باہر سے آئے اور انکی منگنی نرمل کے ساتھ ہونی تھی اور پھر آج انہوں نے اپ سے نکاح کر لیا۔۔

تو ایسا تو رویہ ہو گا ناں۔۔۔

ملائکہ ابرج کی ساڑھی کا پلوں پکڑے بولی۔۔۔

منگنی؟؟نرمل کے ساتھ؟؟؟

جی بھابھی کل بھائی کی منگنی تھی نرمل کے ساتھ۔۔۔

اچھا ہوا نہیں ہوئی۔۔۔

بہت ہی بری لگتی ہے مجھے وہ۔۔۔

www.novelsclubb.com

ملائکہ منہ چڑھائے بد گوئیاں کرتے بولی۔۔۔

تو پھر کیوں نہیں ہوئی منگنی؟؟؟

مگر ابرج کی سوئی تو بس منگنی والی بات پر ہی اٹکی تھی جو بہت ہی تجسسی انداز سے ملائکہ کو گھور رہی تھی۔۔

!!!وہ بھائی نے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ملائکہ اس سے پہلے کچھ بتلاتی ارسل کمرے میں داخل ہوا۔۔۔

دے دیے ہیں کپڑے ملائکہ تم نے؟؟؟؟

جی بھائی دے دیے ہیں۔۔۔

ملائکہ نے حامی میں سر ہلایا۔۔۔

اچھا تو اب بوا سے کہوں کچھ کھانے کیلئے یہی لے آئے۔۔۔۔

میں نہیں چاہتا اب کوئی تماشا ناشتے کی ٹیبل پر بھی لگے۔۔۔

ارسل کہتے ہوئے واش روم کی جانب بڑھا۔۔۔

ٹھیک ہے بھائی!!!

ملائکہ ارسل کی بات پر اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔

ملائکہ!!!!

بات تو پوری بتاتی جاؤ!!!

کہ منگنی کیوں نہیں ہوئی؟؟؟

www.novelsclubb.com

ابرج کا تجسس بھرتا جارہا تھا۔۔۔

!!!!ہاں وہ

ملائکہ ایک بار پھر گو ہوئی۔۔۔

ملائکہ میرے کپڑے بھی صحیح سے استری نہیں ہے۔۔۔

کل کہا بھی تھا بوا کو کہ سوٹ کیس سے نکال کر اچھے سے استری کر دینا مگر نہیں۔۔۔

ارسل واش روم سے باہر نکلتے کپڑے بیڈ پر پٹختے بولا۔۔۔

آپ مجھے دے دیں۔۔۔

میں کر دیتی ہو استری اچھے سے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج نے ارسل کی جانب دیکھا۔۔۔

نہیں بھابھی میں ابھی بوا کو بھیجتی ہو وہ کر دے گی۔۔

ملائکہ نے فورا کہا۔۔۔

نہیں میں کر دیتی ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آپ مجھے دے دیں میں بس دو منٹ میں کر کے دیتی ہو۔۔۔

ابرج نے اپنی بیوی ہونے کی پہلی سیڑھی چڑھتے کہا۔۔۔

آر یو شور؟؟؟

!!!!کوئی مسئلہ نہیں ہے میں بوا سے

نہیں نہیں آپ بس ہاتھ لے میں آپکو دے دونگی۔۔۔

ابرج نے فوراسوٹ سنبھالنااور اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔

ویسے بھائی بھابھی ہے بہت پیاری۔۔

!!!پرفیکٹ چوائس

www.novelsclubb.com

ملائکہ نے ارسل کو ہاتھ کا اشارہ دیتے ہوئے شرارت کی۔۔۔

جس پر ابرج نے فورا الجھی نظروں سے ملائکہ کو دیکھا۔۔۔

!!!!ملائکہ کی بچی

ارسل ایک دم ملائکہ کو شرارتی انداز سے پکڑتے بولا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آہاہاہاہاہا۔۔۔

جو سچ ہے وہ میں نے کہہ دیا ہے۔۔

باقی میں بوا سے ناشتے کا کہتی ہو۔۔۔

ملائکہ ہنستے ہوئے باہر نکل پڑی۔۔۔

جبکہ ارسل کچھ پل کو ابرج کو دیکھتا رہا جو پورے کمرے میں نظریں گھمائے استری ڈھونڈ رہی تھی۔۔۔

!!!!!ابرج

!!!جی

www.novelsclubb.com

استری کمرے میں نہیں بلکہ کلاتھ روم میں ہوتی ہے۔۔۔

!!!!وہاں ہے وہ روم

!!!واش روم کے بلکل ساتھ

ارسل نے اشارہ دیا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!شکریہ

آپ بس ہاتھ لے میں ابھی کر دیتی ہوا سے استری۔۔۔

ابرج ساڑھی سنبھالے ارسل کو نظر انداز کرتے روم کی جانب بڑھ گئی۔۔۔

جبکہ ارسل کچھ سوچنے کے بعد واش روم کی جانب بڑھا۔۔۔۔



عالم شاہ لائبریری میں ہی بیٹھے کتاب ہاتھ میں تھامے چائے نوش کر رہے تھے۔۔

میں اندر آ سکتا ہو بھائی؟؟؟

نوید شاہ نے دروازے پر دستک دی۔۔۔

!!!ہاں ہاں نوید

!!اس میں اجازت لینے والی کوئی بات نہیں ہے

عالم شاہ نے اپنی کتاب میز پر رکھی اور نوید کی جانب متوجہ ہوئے۔۔۔

کیا ہوا ہے نوید کچھ پریشان لگ رہے ہو؟؟؟

www.novelsclubb.com

!!!جی بھائی

شانزے اور نرمل نے طوفان اٹھا رکھا ہے۔۔۔

بس انہی کی وجہ سے پریشان ہو۔۔۔

نوید شاہ نے اپنی پریشانی کا ادراک کیا۔۔۔

غلطی ان کی نہیں ہے نوید۔۔۔

ان کا پریشان ہونا اور یہ واویلا مچانا بنتا ہے۔۔۔

غلطی تو میرے صاحبزادے کی ہے۔۔۔

جس کی وجہ سے گھر کا ماحول یکسر بدل گیا ہے۔۔

رشتوں میں دراڑے نمودار ہو رہی ہے۔۔۔

عالم شاہ سنجیدہ ہوئے۔۔۔

!!پتہ نہیں کیوں

مجھے لگتا ہے اس کے پیچھے کوئی نہ کوئی وجہ ہے بھائی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نوید شاہ نے خدشہ ظاہر کیا۔۔۔

کیا مطلب؟؟؟

کونسی وجہ؟؟؟

بھائی مجھے لگتا ہے ہمیں ارسل سے سکون سے اس معاملے کو لے کر بات کرنی چاہیے۔۔۔

اس کا پورا سچ اس کی پوری بات اور وضاحت سننی چاہیے۔۔۔

کیا پتہ وہ حق سچ پر ہو۔۔۔

بناء کچھ جانے سنے ہم اس کو غلط نہیں ٹھہرا سکتے۔۔

سب کا رویہ اس کے متعلق یکسر بدل گیا ہے۔۔۔

آخر سب کیوں نہیں سوچتے کہ وہ ہمارا ہی بچہ ہے۔۔۔

اگر غلطی بھی ہوئی ہے تو سدھارنا بھی ہم نے ہی۔۔۔۔

نوید شاہ نے گہری سوچ کو زبان دی۔۔۔

ممممممم کہہ تو ٹھیک رہے ہو تم۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر تم اچھے سے جانتے ہو میرے اور ارسل کے تعلقات کس قدر خراب ہے۔۔۔

لہذا مجھ سے تو وہ کبھی کوئی بات شئیر نہیں کرے گا۔۔۔

تم ہی اس کے زیادہ قریب ہو۔۔۔

بہتر ہے تم اور انعم ہی اس معاملے کو دیکھو۔۔

عالم شاہ نے نوید شاہ کو رائے دی۔۔۔

ٹھیک ہے بھائی میں کرتا ہوں ارسل سے بات۔۔۔

چلتا ہوا ب۔۔۔

نوید شاہ کہتے ساتھ ہی اٹھ کھڑے ہوئے اور باہر کو نکل پڑے۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج باہر بیٹھی ارسل کے نکلنے کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔

جیسے ہی اسے دروازہ کھلنے کی آواز آئی فوراً اس جانب لپکی۔۔۔

کہ تبھی سامنے سخت کندن کی مانند وجود لیے کھڑے ارسل کے ساتھ جا ٹکرائی۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جو معمول کے مطابق ہلکے سبز رنگ کی شرٹ میں ملبوس تھا۔۔۔

جس کا وجود پانی کی ننھی ننھی بوندوں سے ابھی بھی تر تھا۔۔۔

!!!!!!اوہ

دھیان سے۔۔۔

ارسل نے لڑکھڑاتی ابرج کے ہاتھ کو تھاما۔۔۔

جس کے گیلے بالوں کی بوندیں ابرج کے چہرے کو جا چھوئی۔۔۔

دونوں ایکدوسرے کے قریب ہونے پر تھوڑا سا جھجھکے۔۔۔

!!!سوری

www.novelsclubb.com

میں جلدی میں تھی۔۔۔

دیکھ نہ سکی۔۔۔۔

ابرج نظریں جھکائے سرخ ہوئی۔۔۔

غلطی میری بھی ہے۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میرا ابھی دھیان کہیں اور تھا۔۔۔

ارسل نے ابرج کو کل فیوز ہوتے دیکھا تو بولا۔۔۔۔

اچھا تو جاؤ پھر تم بھی فریش ہو جاؤ۔۔۔

تب تک بوا بھی ناشتہ لے آئے گی۔۔۔

ارسل پیچھے کو ہٹا۔۔۔

جس پر ابرج کپڑے تھامے سیدھا واش روم کی جانب بھاگی۔۔۔

ارسل ابرج کو یوں جاتا دیکھ کر مسکراہٹ دیتے ہوئے شیشے کے سامنے جا کھڑا ہوا۔۔۔

اپنے گیلے گیسوؤں کو لہلاتے ہوئے سمیٹنے لگا۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہ تبھی آنکھوں کے سامنے ابرج کی جھکی نظریں اور سرخ پڑتا چہرہ گھوما۔۔۔

ماما کہتی ہے جھکی نظریں حیا کی کھلی گواہی ہوتی ہے۔۔

اگر ایسا ہے تو پھر وہ سب کیا ہے جو اس کے ساتھ جڑا ہے؟؟؟

ارسل گہری سوچ میں گم ہوا۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!ارسل بابو

یہ ناشتہ ؟؟؟؟

بوا کمرے کے چاروں اطرف متلاشی نظروں سے دیکھتے بولی۔۔۔

!!!میز پر رکھ دے بوا

!!!جی ٹھیک ہے

بوا میز کی جانب بڑھی مگر نظریں ابھی بھی گھوم رہی تھی۔۔۔

بوا اگر رکھ دیا ہے ناشتہ تو جا سکتی ہے آپ۔۔۔

کسی کام کی ضرورت پڑی تو بلا لے گے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل جو شیشے سے بوا کی نظروں کو بھانپ رہا تھا بولا۔۔۔

جی ارسل بابو۔۔۔

وہ دروازہ بند کیے واپس باہر کو نکل پڑی۔۔۔

ارسل بال صیحح کرتے بیڈ پر جا بیٹھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج بھی بالوں کو تولیے سے سوکھاتے ہوئے باہر نکلی۔۔۔۔

ارسل جو موبائل پر نظریں جمائے بیٹھا تھا سامنے کھڑی پیلے اور گلابی رنگ کے امتزاج سے بنے لباس میں ملبوس ابرج پر نظر پڑی۔۔۔

جس کے بالوں سے پانی بوند بوند بہہ کر اسے ابھی بھی تر کر رہا تھا۔۔۔

!!!ہر رنگ ہر لباس میں کمال

ارسل زیر لب بڑبڑایا۔۔

ابرج اپنے میں گم کبھی بالوں کو ایک جانب پھینکتی تو کبھی دوسری جانب۔۔۔۔

ارسل جو اس کے سحر میں گم تھا اب ٹکٹکی باندھے اسے دیکھنے لگا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج اپنے بالوں کو کنگی کرتی جیسے ہی مڑی۔۔۔

ارسل کو خود کی جانب یوں دیکھتے وہ جھینپ سی گئی۔۔۔۔

ارسل ابھی بھی اسے بناء کسی جھجھک دیکھ رہا تھا۔۔۔

!!!ناشتہ آگیا ہے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بہت بھوک لگی ہے مجھے۔۔۔

دو دن سے کچھ نہیں کھایا میں نے۔۔۔

آپکو لگی ہے تو آجائے۔۔۔

ابرج ماحول کو بدلتے ہوئے سیدھا ناشتے کی جانب بڑھی۔۔۔

جس پر ارسل اپنی آنکھوں کے محور کو توڑتے ہوئے مسکرانے لگا۔۔۔

یہ آنکھیں اور یہ سحر کسی دن مروائے گا مجھے۔۔۔

ارسل ہڑبڑایا۔۔۔

کچھ کہا آپ نے مجھ سے؟؟؟

www.novelsclubb.com

!!!نہیں کچھ نہیں

ناشتہ کرو تم اور کچھ منگوانا ہے تو بتا دینا۔۔۔۔

ارسل بھی ابرج کے سامنے جا بیٹھا۔۔۔

ایک بات پوچھو؟؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!جی پوچھے

ابرج نوالہ بناتے بولی۔۔

کیا وہ عورت تمہاری اصل ماں تھی؟؟؟

ابرج نے سنا تو نوالہ وہی اٹک گیا۔۔۔

ارسل جو سامنے بیٹھا تھا ابرج کو رکا دیکھ کر خود بھی رک گیا۔۔

میرے خیال سے غلط سوال کر دیا ہے میں نے۔۔۔

تمہاری زندگی ہے تمہارے معاملے۔۔۔

مجھے کوئی حق نہیں کہ پوچھو۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج نے سنا تو ایک لمحے کے توقف پر یونہی ارسل کو دیکھتے رہی۔۔۔

اور پھر اگلے ہی لمحے نوالہ منہ میں لیے گو ہوئی۔۔۔

بہت کم ہی سننے کو ملتا ہے کہ لوگوں کو بیٹیاں پسند نہیں ہوتی۔۔۔

شاید انہی لوگوں میں میری امی بھی شامل ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بظاہر میں ان کی سگی اولاد ہو مگر جو سلوک وہ مجھ سے کرتی تھی سوتیلی مائیں بھی نہ کرتی۔۔۔

ہمیشہ بیٹے کو مجھ پر اہمیت دی۔۔

ناجانے وہ یہ کیوں بھول گئی تھی کہ خود بھی تو بیٹی ہے مگر انہی بیٹی پسند نہیں۔۔۔

ابرج ایک لمحہ پھر رہی شاید ہمت باندھ رہی تھی۔۔۔

بچپن سے لے کر اب تک انہوں نے مجھے کبھی پیار نہیں کیا ہمیشہ دھتکارا۔۔۔

عادل بھائی کو سینے سے لگایا اور مجھے پاس بھی بھٹکنے نہ دیا۔۔۔

مگر ابا کا سہارا ان کی محبت انکا اعتماد بہت تھا میرے لیے۔۔۔

ایک ابا ہی تو تھے جو مجھ سے بہت محبت کرتے تھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج کی آنکھیں نم ہوئی۔۔۔

میری پرورش میری تعلیم سب انہی کے سر پر ہی تو ہوئی۔۔۔

امی لڑتی تھی کہ مجھے نہ پڑھایا جائے۔۔۔

مگر وہ خود مجھے سکول چھوڑ کر آتے تھے۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!اور میں نے ہی ان کی عزت

ابرج اب مکمل رونے لگ گئی چہرے کو ہاتھوں سے چھپائے وہ خود کو نارمل کرنے لگی۔۔۔

جبکہ ارسل یہ سب سن کر دنگ سا ہوا اور ٹکٹکی باندھے اسے تجسسی انداز سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

بس کھالیا ہے میں نے جتنا کھانا تھا۔۔۔

بھوک نہیں اب مجھے۔۔۔

ابرج ناشتے سے پیچھے ہوتے آنسوں صاف کرتے اٹھی اور واش روم کی جانب بڑھی۔۔۔

ارسل نے اسے روکنا مناسب نہ سمجھا اور خود بھی ناشتے سے بددل ہوا۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!ارسل

نرمل جو اپنے کمرے سے باہر نکلی تھی ارسل کو لاؤنج سے گزرتا دیکھ کر اس کی جانب بڑھی۔۔۔

ارسل نے اس کی آواز سنی تو بناء رکے چلتا رہا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!میں نے تمہیں بلایا ہے ارسل

اگنور کیوں کر رہے ہو مجھے؟؟؟

غلط تم نے کیا ہے اور سزا مجھے کیوں؟؟؟

وہ اب چلائی۔۔۔۔

میں تمہارے کسی بھی حکم کا پابند نہیں۔۔۔

تم سے زیادہ ضروری مجھے اور بھی بہت سے کام ہے۔۔۔

ارسل پل بھر کو رکا اور بناء رکے تضحیک امیز لہجے سے کہتا ہوا باہر نکل گیا۔۔۔

جبکہ نرمل وہی کھڑی سٹپاسی گئی اور غصے سے بپھرتے ہوئے ارسل کے کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔

www.novelsclubb.com



ابرج واش روم سے باہر نکلی تو ارسل کو کمرے میں نہ پایا جبکہ ناشتہ بھی ویسا ہی پایا جیسا وہ چھوڑ کر گئی تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یہ اب کہاں چلے گئے ہیں؟؟؟

ابرج کہتے ہوئے میز کی جانب بڑھی اور برتن سمیٹنے لگی۔۔۔

کہ دروازہ ایک زوردار دھماکے سے کھلا۔۔۔

ابرج ایک دم دروازے کی آواز پر چونک سی گئی۔۔۔

دیکھا تو سامنے نرمل کو ہی کھڑا پایا جو خون خیز آنکھوں سے اس کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿

ارسل لاؤنج سے باہر نکلا اور سیدھا گاڑی کی جانب بڑھا۔۔۔

!!!! گیٹ کھولو

ارسل نے آواز لگائی اور جا کر گاڑی کے اسٹیئرنگ کو سنبھالا۔۔

!!!!!اوپس

چابی تو میں کمرے میں چھوڑ آیا ہو۔۔۔۔

افففففففف کیا کرتا ہے ارسل۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل خود جو کوستے ہوئے گاڑی سے باہر نکلا اور گھر کی جانب بڑھا۔۔۔

میری زندگی کو تباہ کر کے۔۔۔

میرے سکون کو غارت کر کے تم یہاں بیٹھی سکون سے ناشتہ کر رہی ہو۔۔۔۔

!!!!!! واہ

نرمل غیظ و غیض کے ساتھ طنزیہ تالی بجائے ہوئے اندر کی جانب بڑھی۔۔۔

دیکھے میں نے ایسا کچھ نہیں کیا۔۔۔

آپ غلط سمجھ رہی ہے۔۔۔

ابرج متانت ہوئی۔۔

!!!!میں غلط سمجھ رہی ہو

!!!!میں

نرمل چلائی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

دیکھے مجھے آپ سے کوئی بات نہیں کرنی۔۔۔

!!!بہتر ہے یہاں سے جائے آپ

ابرج جو اس کا رویہ دیکھتے ہوئے زچ ہوئی انگلی دکھائے بولی۔۔۔

!!!!تم ہوتی کون ہو مجھے یہاں سے نکالنے والی

یہ میرا گھر ہے۔۔۔

یہاں کے ہر فرد پر میری ملکیت ہے۔۔۔۔

تو اپنی اوقات میں رہو۔۔۔۔

نرمل نے ابرج کی بات سنی تو بپھڑ سی گئی۔۔۔

مجھے نہیں لگتا ہے کہ مجھے آپکو بار بار یاد کروانا ہو گا کہ میں کون ہو۔۔۔

اور اب اس گھر میں میری کیا حیثیت ہے۔۔۔۔

رہی بات اوقات کی تو میری بہت اونچی ہے تبھی آپکی بد تمیزی برداشت کر رہی ہو۔۔۔۔

!!!!ورنہ

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج بھی اب غصے سے بولی۔۔۔

!!!! ورنہ کیا

!!!!ہاں بولو ورنہ کیا

دھکے دے کر تمہیں نکلواؤ گی اس گھر سے۔۔۔۔

!!!بس کچھ دن انتظار کرو

ارسل ہی نکالے گا تمہیں دھکے مار کر یہاں سے۔۔۔

نرمل اس کی جانب بڑھی اور انتقاما ہوئی۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

میں انتظار کر رہی ہو پھر اس دن کا۔۔۔

جب مجھے میرا شوہر گھر سے نکالے گا۔۔۔۔

وہی شوہر جو مجھے یہاں اپنی بیوی بنا کر لایا ہے اور میری ہی خاطر سب سے لڑا بھی ہے۔۔۔

انتظار میں ہو میں پھر۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج دونوں بازوؤں باندھے اطمینانیت سے مسکراہٹ دیتے بولی۔۔

تم سمجھتی کیا ہو خود کو؟؟؟؟

نرمل کو اس کی اطمینانیت دیکھ کر پاگل پن سا سوار ہوا۔۔۔

اور ابرج کو بازو سے پکڑے چیخنے لگی۔۔۔

!!!!چھوڑو مجھے نرمل

!!!!چھوڑو

ابرج نے نرمل کو خود سے پیچھے کیا۔۔۔

جس پر نرمل لڑکھڑا سی گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

تم نے مجھے دھکا دیا۔۔۔

اب بتاتی ہو تمہیں۔۔۔۔

نرمل ابرج کو مارنے کی غرض سے آگے کو بڑھی۔۔۔

مگر جیسے ہی اپنا ہاتھ ابرج پر اٹھایا کسی نے اس کا پیچھے سے جکڑ لیا۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نرمل کا ہاتھ اٹھتے دیکھ کر سہمتے ہوئے دونوں ہاتھوں. سے چہرہ تھامے کھڑی ہو گئی۔۔۔

یہ سب کیا ہے نرمل!؟؟؟

اور تمہاری ہمت بھی کیسے ہوئی ابرج پر ہاتھ اٹھانے کی۔۔۔

ارسل نے نرمل کا ہاتھ جھٹکے سے پیچھے کیا۔۔۔

ارسل یہ۔۔۔

!!!یہ لڑکی

نرمل معصومیت کا ڈھونگ کرتے اس کے قریب ہوئی۔۔۔

میں کہہ رہا ہو پیچھے ہو۔۔۔

اور جاؤ یہاں سے ابھی اسی وقت۔۔۔

لگتا ہے اپنی ساری اعلی تعلیم تم بھول چکی ہو تبھی جاہلیت پر اتر آئی ہو۔۔۔

ارسل چنگارا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نے ارسل کی آواز سنی تو ہاتھ ہٹائے ارسل کا لہجہ محسوس کرنے لگی جس میں اس کیلئے فکر یہ جذبات عیاں تھے۔۔۔

یہ تم اچھا نہیں کر رہے ہو ارسل۔۔۔

یہ تم اچھا نہیں کر رہے ہو۔۔۔۔

تم اس دو ٹکے کی لڑکی کو مجھ پر نرمل شاہ پر فوقیت دے رہے ہو۔۔۔

بہت غلط کر رہے ہو۔۔۔

زبان سنبھالو نرمل۔۔۔

لمٹس میں رہو اپنی۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور میں جو بھی کر رہا ہو اپنی مرضی اور خوشی سے کر رہا ہو۔۔۔

بہتر ہے میری زندگی سے دور ہو جاؤ ورنہ تمہارے لیے اچھا نہیں ہو گا۔۔۔۔

ارسل سخت ہوا۔۔

مجھ سے زیادہ تمہیں کوئی محبت نہیں کر سکتا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یہ بھی نہیں۔۔۔۔

تم سمجھ کیوں نہیں رہے۔۔۔

نرمل نے ابرج کو حقیقر نظروں سے دیکھا۔۔۔

بیوی ہے یہ میری۔۔۔

مجھے محبت نہ بھی کرے تمہارا اس میں کوئی سروکار نہیں۔۔۔

ارسل نے ابرج کو کندھوں سے تھامے خود سے لگایا۔۔۔

ابرج ارسل کو اب الجھی نظروں سے دیکھنے لگی۔۔۔

اور تمہاری خود غرض محبت مجھے نہیں چاہیے۔۔۔

www.novelsclubb.com

اب جاؤ گی خود یا بلاؤں چاچو کو۔۔۔

ارسل نے نرمل کو دھمکاتے کہا۔۔۔

جس پر وہ ابرج کو کاٹ کھانے کی نظروں سے گھورتے روتے ہوئے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

نرمل کے جاتے ہی ارسل نے فورا کمرے کا دروازہ بند کیا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تم ٹھیک ہو؟؟؟

ارسل نے سنسنی سی نظر حیرت کی تصویر بنی ابرج پر ڈالی۔۔۔

!!!ہ۔۔۔ہ۔۔۔ہاں

ابرج ہکلاتے بولی۔۔۔

یہ پاگل لڑکی نہ خود سکون لے گی نہ لینے دے گی۔۔۔

ارسل ابرج کے پاس سے گزرتے ہوئے اپنی چابی ڈھونڈنے لگا۔۔۔۔

!!! ویسے جواب بہت اچھے دے رہی تھی تم

مطلب؟؟؟

ابرج کھسکی۔۔۔

میرا شوہر۔۔۔

!!!بیوی

سب سننے میں بہت اچھا لگا مجھے!!!۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

زبان تو تمہاری بہت ہے یہ تو مجھے پتہ ہے۔۔۔

مگر اتنی تیز اندازہ ہوتا جا رہا ہے مجھے۔۔۔

ارسل شرارتی مسکراہٹ سجائے اس کے سامنے روبرو ہوا۔۔۔

جو اس کی اس شرارت پر تذبذب سی ہوئی۔۔۔

آپ سب سن رہے تھے؟؟؟

ابرج اس کو کینی نظروں سے دیکھتے بولی۔۔۔

سن اور دیکھ دونوں رہا تھا۔۔۔

مگر اس میں کوئی سوچ نہیں تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

جیسے ہی اندر آیا تم دونوں خواتین کی جنگ دیکھی۔۔۔

ارسل کہتے ساتھ ہی قہقہ لگانے لگا۔۔

چلے بس کرے اب۔۔۔

یہ تو میں بھی کہہ سکتی ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کہ آپ بھی یہی سب کہہ رہے ہیں۔۔۔

میری بیوی۔۔۔

شوہر ہو میں۔۔۔

ہمارا نکاح۔۔۔

ابرج بھی اب ارسل کو بات کا جواب دوٹوک دیتے مسکرائی۔۔۔

!!!آہاں

بھئی جواب پورے پورے دیتی ہو۔۔۔

جیسے بید بازی کا مقابلہ ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل اس کے سامنے سے گزرتا اب دوسری جانب اپنی چابی تلاش کرنے لگا۔۔۔

ایک بات پوچھو۔۔۔؟؟ابرج سوچتے بولی۔۔۔

!!!ہاں پوچھو

ارسل اس کی جانب متوجہ ہوا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ایک انجان لڑکی کیلئے سب سے مخالفت کیوں؟؟

مجھے تو ٹھیک سے آپ جانتے بھی نہیں ہے۔۔۔

جبکہ نہ آپ نے یہ رشتہ قبول کیا ہے اور نہ میں نے۔۔۔

تو پھر اپنی فیملی کی مخالفت کیوں؟؟

ابرج سچ میں جواب جاننا چاہتی تھی۔۔۔

ممممم سوال تو اچھا کیا ہے جواب بھی اچھا ہی پاؤں گی۔۔۔

ارسل بیڈ پر بیٹھتے بازوؤں باندھے بولا۔۔۔

مطلب؟؟؟

www.novelsclubb.com

ابرج بھی اب بیڈ کے کنارے آں کھڑی ہوئی۔۔۔

انجان لڑکی تم تب تک تھی جب تک ہمارا نکاح نہیں ہوا تھا۔۔۔

اور رہی بات رشتے کی۔۔۔

تو یہ ہم دونوں کا معاملہ ہے جو اس کمرے کی حد تک ہونا چاہیے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بظاہر ہم اچھے میاں بیوی تو بن سکتے ہیں۔۔۔

ہمم دنیا کے سامنے ایکدوسرے کو سپورٹ کرتے ہو۔۔۔

ہمممم ابرج نے حامی میں سر ہلایا۔۔۔

اور رہی بات میری فیملی کی۔۔۔

تو یقین جانو جس ماں نے میری پرورش کی ہے وہ خود کتنی اچھی ہو گی اس کا اندازہ تم لگا نہیں سکتی۔۔۔

اب یہ تم پر ہے کہ تم انکا دل کیسے جیتو گی۔۔۔

اس میں میں تمہیں کبھی سپورٹ نہیں کرونگا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسلہ تاسف سے بولا۔۔۔

ہممممم

!!!

ابرج نے سنا تو چپ رہی۔۔۔

پتہ نہیں میری گاڑی کی چابی کہاں ہے؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کہاں رکھ دی میں نے۔۔۔

ارسل بات کرتے اٹھا اور واپس چیزیں دیکھنے لگا۔۔۔

چابی ڈھونڈ رہے ہو آپ؟؟؟

ابرج ارسل کی متلاشی تاثرات کو دیکھتے بولی۔۔۔

!!!ہاں یہی رکھی تھی اب نہیں ہے یہاں

!!!پتہ نہیں کہاں گئی

ارسل میز کی جانب اشارہ کرتے پریشان ہوا۔۔۔

جس پر ابرج پہلے تو مسکرائی اور پھر آہستگی سے چلتے ہوئے ارسل کے سامنے آن کھڑی ہوئی۔۔۔

یہ لے آپکی چابی۔۔۔

ناشتے کی ٹرے پر ہی چھوڑ گئے تھے۔۔۔

مجھے تھا کہ آپ واپس آؤ گے تبھی میں نے پکڑ لی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج چابی ہتھیلی پر رکھے اس کے سامنے بڑھاتے بولی۔۔

مطلب تم مجھے پریشان کر رہی تھی؟؟؟

ارسل آنکھیں سکھڑے بولا۔۔۔

نہیں۔۔۔۔

آپ خود کو خود ہی پریشان کر رہے تھے میں تو بس کھڑی دیکھ کر محظوظ ہو رہی تھی۔۔۔

ابرج ہنسی لبوں میں دبائے بولی۔۔۔

ارسل نے ابرج کے چہرے پر اچھلتی شرارت دیکھی تو چابی تھامے مسکراتا ہوا اس کے پاس سے گزرا۔۔۔

www.novelsclubb.com

کیا آپ کے نزدیک اس نکاح کی اہمیت بس دنیاداری تک محدود ہے؟؟؟

ابرج نے ایک بار پھر ارسل کے جاتے قدموں کو روکا۔۔۔

جس پر ابرج کو مڑتے دیکھنے لگا۔۔۔

ہر سوال کا جواب نہیں ہوتا ابرج۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل کا لہجہ سرد ہوا۔۔۔

میں ملائکہ سے کہہ دونگا کھانا تمہارے ساتھ کھائے گی وہ۔۔۔

اور میں لیٹ ہو جاؤنگا لہذا ماحول کو ٹھنڈا رکھنا۔۔۔

ارسل کہتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔

جبکہ ابرج کیلئے لاکھ سوچوں کا ساماں چھوڑ گیا۔۔۔

🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿🌿

ابرج پورا دن کمرے میں بند یونہی دن گزراتی رہی۔۔۔

باہر نکلنے کو دل کیا مگر پھر ارسل کی بات یاد کرتے ہوئے واپس وہی بیٹھی رہی۔۔۔

رات ہوئی تو پچھلی رات کی تھکی ابرج ارسل کا انتظار کرتے بیڈ پر کمبل اوڑھے سو گئی۔۔۔

ارسل جو گاڑی کو پارک کرتے سیدھا اپنے کمرے میں داخل ہوا۔۔۔

کمرے میں اندھیرا بھرا دیکھ کر چونکا۔۔۔

!!!!اتنا اندھیرا



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بوا بھی نا۔۔۔

لائیٹ تو آن رکھتی۔۔۔

معلوم بھی ہے کہ میں اکثر لیٹ گھر آتا ہو۔۔

ارسل لائیٹ جلاتے ہوئے سیدھا واش روم کی جانب بڑھا۔۔۔

رات کا آدھ پہر گزر چکا تھا۔۔۔

افففففففف بہت نیند آ رہی ہے ایسا لگا رہا جیسے صدیوں سے بیدار ہو۔۔۔

تھکاوٹ سے چور ارسل جو ابرج کو اب تک مکمل بھول چکا تھا۔۔۔

سلیپنگ سوٹ پہنے وہ بھولے بھٹکے آنکھوں کو ملتے انگرائی لیتے سیدھا اپنے بیڈ کی جانب بڑھا۔۔۔

مگر جیسے ہی وہ لیٹنے کو کمبل اٹھائے بڑھا۔۔۔

سامنے ابرج کو سوئے پایا۔۔۔

جو اپنی دونوں بازوؤں پر سر ٹکائے مزے سے سو رہی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل نے ابرج کو وہاں سوئے دیکھا تو اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرے پیچھے کو ہٹا۔۔۔

افففففففف میں تو اسے بھول ہی چکا تھا۔۔۔

بھول ہی گیا کہ اب میں شوہر کے درجے پر فائز ہو چکا ہو۔۔۔

اور میری ایک عدد بیوی بھی ہے۔۔۔

وہ مارے یاداشت سر جکڑے بولا۔۔۔

کس قدر سکون سے سو رہی ہے۔۔۔

ارسل کی نظروں گھومتے ہوئے واپس ابرج کے چہرے پر پڑی۔۔۔

جس کی زلفیں گہری سیاہ چادر کی مانند پورے تکیے پر پھیلی ہوئی تھی۔۔۔

جبکہ ایک زلف گستاخی کرتے ہوئے ابرج کے چہرے پر گرے لبوں تک کو چھو رہی تھی۔۔۔

ارسل جو پہلے ہی ایک نظر میں ابرج کے سحر میں گھرا تھا آج پھر اس کے سحر میں ڈوب چکا تھا۔۔۔

تنہائی اور رات کی خاموشی ہونے کے باوجود ارسل کے کانوں میں سائیں سائیں آوازیں آ رہی تھیں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جبکہ ارسل کو اپنے دل کی دھڑکن اور ابرج کی گرم لو بھرتی سانسیں صاف سنائی دے رہی تھی۔

جس نے ماحول کو مزید رومانوی رخ دیا اور ارسل کے جذبات کو ابھارا۔۔۔

ارسل کی نیند جو کچھ دیر پہلے اس کے سر کو چکرا رہی تھی جھٹ پٹ غائب کر دیا۔۔۔

ارسل اس ماحول کے لمحوں میں ڈوبے ابرج کے قریب غیر ارادی طور پر ہوا۔۔۔

فرط جذبات پر قابو کھوتے ہوئے وہ اس پر بناء سوچے سمجھے مزید جھکا۔۔۔

مگر اس سے پہلے وہ اس کے سحر میں مکمل ڈوبتا اور ابرج کو اپنے آحساس کا آحساس دلاتا۔۔

ابرج انگڑائی بھرتے ہلی اور اپنے سامنے دھندلی آنکھوں سے ارسل کو قریب پایا۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو جھٹ سے خوف کھاتے اٹھ بیٹھی اور کمبل کو خود پر لپیٹے ارسل کو کینی نظروں سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

ارسل بھی ابرج کے یوں اٹھ جانے پر بوکھلا سا گیا۔۔۔

!!!!وہ میں

!!!میں بس



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

پیشانی پر انگلی پھیرتے وہ پیچھے کو ہٹا۔۔۔

!!!جی

ابرج ارسل کے چہرے پر ابھرتی سرخی کو بھانپ چکی تھی۔۔۔

آ۔۔۔آ۔۔آپ چاہے تو سو جائے بیڈ پر میں صوفے پر سو جاؤ گی۔۔۔

ابرج کمبل ہٹاتے اٹھنے لگی۔۔۔

نہیں نہیں۔۔۔

تم سو جاؤ آرام سے۔۔۔

ویسے بھی آدھی رات گزر چکی ہے میں صوفے پر سو جاؤ گا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل چہرے پر ابھرتی الجھن اور جذبات کو چھپاتے ہوئے صوفے کی جانب بڑھا۔۔۔

اور بناء ابرج کو دیکھے آنکھیں موند لی۔۔۔

ابرج ارسل کے اس رویے پر ششدر اسے دیکھنے لگی۔۔۔

یہ سب کیا تھا؟؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!ارسل میرے قریب

!!!نہیں نہیں میرا وہم ہو گا یہ سب

ابرج تکیے پر سر رکھے ارسل کو ترچھی آنکھوں سے دیکھنے لگی۔۔۔

جبکہ دوسری جانب ارسل بھی اسی شش وپنج میں مبتلا تھا۔۔۔

کیا ہو گیا ہے ارسل تجھے؟؟؟

ایسا کیوں ظاہر کر رہا ہے جیسے پہلی بار لڑکی دیکھی ہو۔۔۔

اتنا بھی تجھے خود پر کنٹرول نہیں کہ ایک لڑکی کے ساتھ ایک کمرے میں رہ سکے۔۔۔

کیا سوچتی ہو گی اب وہ میرے بارے میں۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل سر پیچھے کی جانب کیے ابرج کو دیکھنے لگا۔۔۔

ابرج نے ارسل کو خود کی طرف دیکھتے دیکھا تو فورا مصنوعی نیند کا بہانہ بناتے آنکھیں موند لی۔۔۔

یوں دونوں نے پوری رات ایک دوسرے کو سوچتے گزاری۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج معمول کے مطابق صبح آفتاب سے پہلے اٹھی۔۔۔

اٹھتے ساتھ ہی نظر سب سے پہلے سامنے سوئے ہوئے ارسل پر پڑی جو بظاہر بہت ہی مشکل سے صوفے پر اٹکا ہوا تھا۔۔۔

اور رات کی کارستان اس کی آنکھوں کے گرد گھومی۔۔۔

ارسل کا وہ چہرہ اور اس کی تیز بھاگتی سانسیں اور دھڑک ابرج کو اب تک یاد تھی۔۔

پتہ نہیں وہ سب کیا تھا؟؟؟

میرا وہم ہی ہو گا جو بھی تھا۔۔۔

آنکھیں ملتے وہ اٹھی اور فریش ہونے کو واش روم کی جانب بڑھی۔۔۔

کچھ ہی دیر میں ڈوپٹہ سر پر لپیٹے وہ وضو کیے باہر کو نکلی۔۔۔

نماز پڑھنی ہے۔۔۔

آگے ہی بہت ناغہ آگیا ہے۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر قبلہ اول کا رخ کیسے معلوم کرو؟؟؟

ہر بار ابا بتاتے تھے مگر میری یہ یاداشت۔۔۔۔

وہ خود کو کوستے زیر لب بڑبڑائی۔۔۔

ان کو اٹھاؤ کیا اب؟؟؟

نہیں نہیں۔۔۔

یہ تو ویسے ہی بہت دیر لیٹ سے سوئے تھے۔۔۔

اوپر سے صوفے پر جیسے لیٹے ہیں دوپہر تک ان کو پورے بدن میں تکلیف شروع ہو جائے گی۔۔۔

www.novelsclubb.com

بہتر ہے انہیں اٹھا ہی دو۔۔۔

ارسل!!!!

ارسل!!!

ابرج ارسل کے سر پر کھڑی اسے اٹھانے لگی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر ارسل پر اس کی آواز کا کوئی اثر نہ ہوا تو پھر اسے چھوتے ہوئے اٹھانے لگی۔۔۔

ہممممم آہ!!!!!

کیا ہوا ہے ابرج!!!!

ابھی تو سویا تھا میں!!!

ابھی نہ اٹھاؤ مجھے بعد میں اٹھانا۔۔۔

ارسل انگرائی بھرتے بولا۔۔۔

ارسل آپ بیڈ پر جا کر سو جائے۔۔۔

نہیں ٹھیک ہو میں یہاں!!!

تم جاؤ آرام کرو۔۔۔

ارسل نیند میں بولا۔۔۔

نہیں آپ جائے بیڈ پر میں آرام کر چکی ہو۔۔۔

یوں لیٹے رہے گے تو جسم درد کرے گا آپکا۔۔۔ہہ

www.novelsclubb.com

پکاناں!!!ارسل نیند بھری آواز سے بولا۔۔۔

!!!جی پکا

!!!ٹھیک ہے

ارسل سر کھجاتے اٹھااور نیند میں سرشار سیدھا بیڈ پر اوندھے میں جالیٹا۔۔۔

یہ تو گرتے ہی سو گئے ہیں۔۔۔

!!!اب کس سے پوچھو

شاید بوا جاگی ہو ان کو پتہ ہو گا۔۔۔۔

ابرج سوچتے سیدھا کمرے سے باہر نکلی۔۔۔

مگر جب کیچن کی جانب بڑھی تو وہاں اندھیرا پایا۔۔۔

پورا گھر ابھی تاریکی میں گم تھا۔۔۔

سب سو رہے ہیں۔۔۔

لگتا ہے یونہی نماز پڑھنی ہو گی مجھے۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل سے پوچھنا پڑے گا اب جب وہ جاگے گے۔۔۔۔۔

ابرج ابھی یہ سوچ کر کمرے کی جانب بڑھی ہی تھی کہ اسے سامنے کمرے میں روشنی جلتی نظر آئی۔۔۔

جس پر ابرج فورا اس کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔

دروازے سے کمرے کے اندر جھانکا تو سامنے ایک شخص کو بیٹھے پایا۔۔۔

جو وہاں بیٹھے قرآن پاک کی تلاوت کر رہے ہیں۔۔۔

یہ تو ارسل کے والد ہیں۔۔۔

ابرج منہ میں بڑبڑائی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کون ہے باہر؟؟؟؟

عالم شاہ کڑک آواز سے بولے۔۔۔

جس پر ابرج ایک دم ساکن سی گئی۔۔۔

!!!جو بھی ہے سامنے آئے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابھی۔

ابرج نے سنا تو آہستگی سے دروازہ کھولے اندر کی جانب بڑھی۔۔۔

وہ۔۔۔

وہ میں۔۔۔

ابرج پریشانی سے ہکلاتے بولی اور سر جھکا لیا۔۔۔

کیوں آئی ہو یہاں؟؟؟؟

عالم شاہ نے تیکھی نظروں سے اسے دیکھا۔۔۔

ن۔۔۔۔ن۔۔ماز۔۔۔

!!!میرا مطلب قبلہ اول

اس رخ ہے۔۔۔

وہ پڑی ہے جائے نماز۔۔

چاہو تو اس طرف جا کر نماز ادا کر لو۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

عالم شاہ نے بناء کوئی تاثر دیے لائبریری میں موجود چھوٹی سی نماز گاہ کی جانب اشارہ دیا۔۔۔

ابرج بناء کچھ بولے آگے بڑھی۔۔۔

جبکہ عالم شاہ واپس قرآن پاک کی تلاوت میں مصروف ہوئے۔۔۔

ابرج نماز کی ادائیگی کرتے ہوئے واپس اٹھی اور باہر جانے کو بڑھی۔۔۔۔

!!!!روکوں

عالم شاہ کی آواز نے اس کے قدم روک ڈالے۔۔۔

!!!!!جی

چائے بنانے آتی ہے؟؟؟

www.novelsclubb.com

عالم شاہ نے اس کی جانب دیکھا۔۔۔

جی!!!ابرج نے اثبات سے سر ہلایا۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

تو بنا کر لے آؤ۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

خود کیلئے بھی اور میرے لیے بھی۔۔۔

عالم شاہ کی بات سنی تو ابرج الٹے پاؤں کیچن کی جانب بڑھی۔۔۔

اور کیچن کی چیزوں کو ڈھونڈتے ڈھونڈاتے بلآخر چائے بنا کر واپس لائبریری کی جانب بڑھی۔۔۔

جہاں اب عالم شاہ تسبیح ہاتھ میں تھامے ورد کر رہے تھے۔۔۔

!!چائے

ابرج نے ٹرے کی جانب اشارہ دیا۔۔۔۔

عالم شاہ نے آنکھ کا اشارہ میز کی جانب کیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج چائے رکھے واپس پلٹی۔۔۔

بیٹھو کرسی پر۔۔۔

بات کرنی ہے کچھ۔۔۔۔

ابرج نے سنا تو بناء کچھ کہے واپس کرسی پر جا بیٹھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!نماز کی پابند ہو

!!!!!جی

ابرج ہمنے اثبات سے سر ہلایا۔۔۔

!!!! ممممم گڈ

عالم شاہ نے چائے کی پیالی تھامی چسکی بھری۔۔۔

اچھی چائے بنالیتی ہو۔۔۔

امید ہے کل بھی صبح آفتاب کی چائے تم ہی بنا کر دو گی۔۔۔۔

عالم شاہ کے بے تاثر چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ بکھری۔۔۔

www.novelsclubb.com

جی!!!بہتر۔۔۔

ابرج نے مسکراہٹ دی۔۔۔

پوچھنا ہے کچھ۔۔

امید ہے جو پوچھو گا سچ بتاؤ گی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور جھوٹ نہیں بولو گی۔۔۔

نماز کے پابند لوگ جھوٹ سے کتراتے ہیں۔۔۔

اس بات کی گواہی اب تم دو گی مجھے۔۔۔

سب سچ سچ بتا کر

عالم شاہ نے گہری نظر ڈالی۔۔۔

جی انکل۔۔۔۔

ابرج الجھنی تاثرات سے بولی۔۔

کیونکہ اس کو ابھی تک عالم شاہ کا رویہ اور اب پوچھے جانے والے سوالات کو سمجھ نہ پا رہی تھی۔۔۔

ابرج لائبریری سے سیدھا کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔

چہرے کی نمی اور آنکھوں کی سرخی اس کی پریشان کیفیت کا منہ بولتا ثبوت تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل جواب تک اٹھ چکا تھا واش روم میں فریش ہو رہا تھا۔۔۔

ابرج ارسل کی موجودگی کو نہ پا کر بیڈ کی جانب بڑھی اور کمبل سمیٹنے لگی۔۔۔

"امید ہے کہ آج کی ہماری گفتگو کے متعلق تم ارسل کو کچھ نہیں بتاؤ گی۔۔۔

یقین کر سکتا ہو تم پر اس امید کو باندھ کر کہ نہیں؟؟؟

عالم شاہ جواب خود بھی الجھن کا شکار تھے ابرج کو دیکھتے بولے۔۔

"جی انکل اپکا یقین نہیں ٹوٹے گا۔۔

کہاں تھی تم؟؟؟

ارسل بالوں کو تولیے سے جھاڑتے ہوئے باہر نکلا تو ابرج کو کسی سوچ میں گم کھڑا پاتے بولا۔۔۔

!!!!جی

ابرج ہوش کی دنیا میں آئی۔۔۔

کچھ کہا ہے آپ نے مجھ سے؟؟؟

کہاں گم ہو بھئی؟؟؟

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں پوچھ رہا ہو کہاں تھی۔۔۔

اٹھا تو تمہیں کمرے میں نہ پایا۔۔۔

تو پریشانی ہوئی کہ کہیں نرمل تمہیں اٹھا کر تو نہیں لے گئی۔۔۔

ارسل نے مسخرے پن سے کہتے ہی ایک لمبا قہقہ لگایا۔۔۔

مگر دوسری جانب ابرج بلکل چپ سادھے بناء کسی تاثرات کے کھڑی تھی۔۔۔

کیا ہوا؟؟؟

جگت اچھی نہیں لگی کیا؟؟

ارسل نے خاموش ابرج کو دیکھتے پوچھا۔۔۔

نہیں ایسی بات نہیں۔۔۔

ابرج دوسری جانب رخ کیے اپنے چہرے کو نارمل بنانے لگی۔۔۔

ارسل جو ابرج کے رویے کو دیکھ رہا تھا اب اس کے پیچھے آں کھڑا ہوا۔۔۔

!!!میری طرف دیکھو

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نہیں!!!!۔ابرج کی آواز بھاری سی ہوئی۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

تو میں تمہاری جانب آجاتا ہو۔۔۔

ارسل اب ابرج کے روبرو کھڑا ہوا۔۔۔

جس کا چہرہ اب مکمل سرخ اور آنسوؤں سے تر تھا جبکہ آنکھیں بھیگ چکی تھی۔۔۔

تم رو رہی ہو؟؟؟

نہیں تو!!!!ابرج نفی میں سر ہلاتے بولی۔۔

اچھا مجھے ایسا لگا کہ شاید یہ جو تمہاری گالوں پر پانی کی گرم ننھی بوندیں ہیں آنسوں ہیں۔۔

لگتا ہے غلط لگا مجھے۔۔۔

ارسل اس کی گال کو چھوتے آنسوں انگلی پر ٹکائے دیکھتے بولا۔۔۔

!!!مجھے کوئی بات نہیں کرنی آپ سے

!!! پلیز

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کیا ہوا ہے؟؟

کسی نے کچھ کہا ہے؟؟؟

ارسل ابرج کو کندھوں سے تھامے اپنائیت سجائے بولا۔۔۔

!!!کیوں اپنایا مجھے آپ نے

جب اس رشتے کی کوئی حقیقت نہیں۔۔۔

تو کیوں دنیا کے سامنے ڈرامہ رچانے پر تلے ہیں آپ۔۔۔

اور کیوں میرا مزید تماشا بنانا چاہتے ہیں؟؟؟

ابرج ارسل کی بازوؤں کا حصار توڑتے بولی۔۔

www.novelsclubb.com

یہ کیا کہہ رہی ہو؟؟؟

لگتا ہے صبح صبح دماغ چکرا گیا ہے تمہارا۔۔۔

ارسل کو ابرج کا رویہ قطعی سمجھ میں نہ آیا۔۔۔

ٹھیک کہہ رہی ہو اور صحیح بول رہی ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مجھے اپنی موجودگی آپ کے گھر میں ایک بوجھ لگتی ہے۔۔۔

میں کسی پر بوجھ بننا نہیں چاہتی۔۔۔

میری وجہ سے آپ کے اپنے گھر والوں سے تعلقات خراب ہو گئے ہیں۔۔۔

جس کی ذمہ دار صرف میں ہوں۔۔۔

ابرج سر جھکائے شرمندہ ہوئی۔۔۔

جہاں بھی جاتی ہو سب تباہ کر دیتی ہو۔۔۔

امی ٹھیک ہی کہتی تھی۔۔۔

مجھے پیدا ہوتے ہی مار دینا چاہیے تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

تبھی اس ذلت بھری زندگی سے بچ جاتی میں۔۔

ابرج سٹپٹاتے ہوئے اپنے بالوں کو نوچتے بیڈ پر بیٹھتے بولی۔۔

جبکہ ارسل جواب تک ابرج کا رویہ سمجھ نہیں پا رہا تھا بناء کچھ بولے وہاں سے شیشے کی جانب بڑھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تو کیا چاہتی ہو اب؟؟؟؟

کیا کرو میں اب تمہارے لیے۔۔۔

کہ تمہارے اندر سے یہ آحساس ختم ہو جائے۔۔۔

جتنا کر سکتا تھا کیا۔۔۔

اپنی زندگی کا حصہ بنایا تمہیں اپنے گھر والوں کے سامنے تمہارے لیے کھڑا ہوا۔۔۔

مزید کیا چاہتی ہو بتاؤ؟؟

ارسل بناء ابرج کو دیکھے ڈریسنگ ٹیبل پر ہاتھ جمائے چہرے پر سنیگینی جمائے بولا۔۔۔

جو میں چاہو گی کیا آپ مجھے دے گے؟؟؟

www.novelsclubb.com

ابرج آنسوں صاف کرتے بولی۔۔۔

معلوم نہیں مگر کوشش کرونگا۔۔۔

ارسل صاف گو ہوا۔۔۔

کوشش نہیں عمل چاہیے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آپ حامی بھرے۔۔

زبان دے مجھے کہ آپ کرے گے جو میں چاہو گی۔۔۔

ابرج اب زچ ہوئی۔۔۔

بولو کیا چاہتی ہو؟؟؟

ارسل دونوں بازوؤں سینے پر باندھے اب متحیر ہوا۔۔۔

علیحدگی!!!

ابرج ارسل کی آنکھوں سے نظریں چڑائے لفظ چباتے بولی۔۔

کیا؟؟؟

کیا چاہیے؟؟؟

ارسل کو اپنے کانوں پر یقین نہ ہوا۔۔۔

طلاق چاہیے مجھے آپ سے ارسل۔۔۔

میں علیحدہ ہونا چاہتی ہو آپ سے۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مزید آپ کے نام کے ساتھ مجھے نہیں رہنا۔۔۔

ابرج سخت گو ہوئی۔۔

تم پاگل ہو گئی ہو۔۔۔۔

دماغ خراب ہو گیا ہے تمہارا۔۔۔

نکاح کو ایک رات اور دوسری صبح نصیب ہوئی ہے اور تم مجھ سے علیحدگی چاہتی ہو۔۔۔

ارسل جو ضبط سے کھڑا سن رہا تھا اب ابرج کے سر پر کھڑے اس پر بھڑکا۔۔۔

ہاں ہو گئی ہو پاگل۔۔۔

تبھی چاہتی ہو کہ مجھے آپ سے طلاق چاہیے۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور اپ مجھے دے گے۔۔۔۔

!!!!ورنہ

ابرج اپنی ضد پر پکی ہوئی۔۔۔

ورنہ کیا؟؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہاں بولو ورنہ کیا؟؟؟

ارسل ابرج کے قریب ہوا۔۔۔

ورنہ میں عدالت میں خلع کی درخواست دائر کرونگی۔۔۔

ابرج ارسل کو گھورے اس کو زچ کرتے ہوئے بولی۔۔۔

تم مجھ سے علیحدگی لینا چاہتی ہو!!!؟؟

ارسل اس کی بازوؤں کو تھامے اسے قریب کرتے چنگارا۔۔۔

ارسل کا غصہ جب بھی اس کے سر چڑھتا تھا وہ اپنے آپ کے قابو میں نہ رہتا تھا۔۔۔

!!ہاں لینا چاہتی ہو وہ بھی ابھی اسی وقت

www.novelsclubb.com

تاکہ تماشا ختم کرے جو شروع آپ نے کیا تھا مگر اس کا اختتام میں کرونگی۔۔۔

ابرج خود کو اس سے حصار سے نکالنے کی کوشش کرتے بولی۔۔۔

میری زندگی تماشا ہے۔۔۔

جس میں جب چاہے بناء بتائے آؤ اور اپنی مرضی سے نکل جاؤ۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں تمہارے لیے اب تک کیا کچھ نہ کر گیا اور اسکا یہ صلہ ؟؟؟

ارسل ابرج کو کھینچتے خود سے لگائے اپنی گرفت مضبوط کیے اس پر جھکا۔۔۔

جس کا غصہ اب جنونیت کی چوٹی چڑھے بول رہا تھا۔۔۔

چھوڑو مجھے ارسل۔۔۔

میں نے نہیں کہا تھا کہ مجھے اپناؤ۔۔۔

!!!اور نہ ہی میرے لیے یہ سب کرو

اور ویسے بھی ہمارے رشتے کی بنیاد محبت نہیں سمجھوتہ ہے۔۔۔

اور سمجھوتے کے رشتے گردن پر بوجھ ہوتے ہیں جو سانس نہیں لینے دیتے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج ارسل کی سرخ پڑتی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے بولی۔۔۔

محبت کی بات تو تم کرو ہی مت۔۔۔

دیکھ چکا تمہارے اکرم کی محبت۔۔۔

ارسل آپ مجھ پر طنز کر رہے ہیں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بلآخر سچ آپکی زبان پر بھی آ ہی گیا ناں۔۔

ابرج لزرش گو ہوئی۔۔۔

کونسا سچ کیسا سچ۔۔۔

میرے نزدیک تمہارا کوئی سچ نہیں۔۔۔

بیوی ہو تم میری اور اسی پر یقین مجھے۔۔۔۔

چھوڑے مجھے۔۔۔

میں سب کچھ سمجھ گئی ہو۔۔۔۔

مزید مجھے اپنے متعلق آپکی زبان سے کچھ نہیں جاننا۔۔۔ابرج ارسل کے ہاتھوں کو نوچنے لگی۔۔۔

تمہیں اپنانے کا فیصلہ اگر میرا تھا۔۔۔

تو میری اجازت کے بغیر تم جا بھی نہیں سکتی ہو اب۔۔۔

ارسل کی گرفت ابرج پر مضبوط ہوتی گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل چھوڑے مجھے۔۔۔

مجھے درد ہو رہا ہے بازوؤں پر۔۔۔

ابرج کے چہرے کے تاثرات اب تکلیف کی وجہ سے ابھرے دوسری جانب ارسل کی قربت اور جذبات محسوس کرتے اسے پیچھے کو دھکیلنے کی کوشش کرتے بولی۔۔۔

میں کہہ رہا ہوناں۔۔۔

میں نہیں چھوڑوں گا تمہیں۔۔۔

آپ ہوش میں نہیں ہے ارسل۔۔

بہتر ہے چھوڑے مجھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج ارسل کے چہرے کو اپنے قریب ہوتا دیکھ کر بولی۔۔

چپ بلکل چپ۔۔

ہوش میں رہنے ہی کہاں دے رہی ہو۔۔

اور علیحدگی کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہونے دونگا میں۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل گرفت کو مضبوط کیے اب ابرج کو آغوش میں بھرے اس پر جھکا۔۔۔

ارسل مکمل ابرج پر جھکتے اس کی بازوؤں کو چھوڑے تر چہرے کو اپنے ہاتھوں میں تھامے اس کی لرزش کو محسوس کرنے لگا۔۔۔

ابرج جو ارسل کی گرفت میں تھی ارسل کے لبوں کی تپش کو محسوس کرتے ہی سینے پر ہاتھ دھڑے اسے خود سے پیچھے کی جانب دھکا دیا۔۔۔

ارسل ایک دم پیچھے کو لڑکھڑایا۔۔۔

ابرج اپنے چہرے کو صاف کرتے ارسل کو غصیل نظروں سے دیکھنے لگی۔۔۔

!!! یہ کیا حرکت تھی ارسل

www.novelsclubb.com

ارسل جو خود اپنے کیے پر ششدر تھا گیلے بالوں میں ہاتھ پھیرے ابرج کو چندھیانی نظروں سے دیکھنے لگا۔۔۔

بولتی جو جا رہی تھی چپ تو کروانا تھا کسی طرح۔۔

ارسل اپنے لب صاف کی اس کی جانب بڑھا۔۔۔

پیچھے رہے۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

پیچھے۔۔۔۔

قریب مت آئے میرے۔۔۔

گھن آرہی ہے مجھے آپ سے۔۔۔

ابرج نے اسے ہاتھ سے رک جانے کا اشارہ دیا۔۔۔

آپ میں اور سیٹھوں میں کوئی فرق نہیں۔۔۔

آپ بھی وہی کر رہے جو وہ کرنا چاہتے تھے بس فرق نکاح کا ہے۔۔۔۔

اارج اپنے بالوں کو سمیٹتے شدت سے بولی۔۔

غلط سمجھ رہی ہو تم ابرج۔۔۔

سراسر غلط۔۔۔

اور بول بھی غلط رہی۔۔۔

بیوی ہو تم میری۔۔۔

نکاح بے شک مجبوری سے ہوا۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نبھانے کی کوشش کر رہا ہو میں۔۔

اور جو کچھ بھی ابھی ہوا تمہاری انہی باتوں کے غصے میں آ کر کیا۔۔۔

ارسل ناقابل یقین عمل پر شرمندہ ہوا۔۔۔

یہی تو مسئلہ ہے اپکا۔۔۔

ہر کام جذبہ اور بے قابو ہو کر کرتے ہو۔۔۔

اور ہمارا نکاح بھی اسی کا نتیجہ ہے۔۔۔

ابرج تلخ ہوئی۔۔

بس کر دو اب۔۔۔

www.novelsclubb.com

میں نے کہا ہے نہیں چھوڑو گا۔۔۔

تو نہیں چھوڑو نگا۔۔

کر لو جو کرنا چاہتی ہو۔۔۔

اگر یہی ضد ہے تمہاری تو میری ضد کا ابھی پتہ نہیں تمہیں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل ابرج کو آتشی نظروں سے دیکھتے انگلی سے تنبیہہ کرتے بولا۔۔۔

اور شیشے کے سامنے سے گزرتے ہوئے ڈریسنگ ٹیبل پر موجود تمام چیزوں کو غصے سے ہاتھ مارتے ہوئے کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔

پرفیوم کی بوتلیں کانچ کے ٹکڑوں کے مانند بکھرتے ہوئے زمین بوس ہوئے۔۔۔

اور ابرج کے پیروں تک آ گئے۔۔۔

ارسل کے جانے کے بعد ابرج ارسل کا خونخوار انداز دیکھ کر وہی بیٹھی دونوں ٹانگوں پر سر جمائے رونے لگ گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

نرمل جو ارسل کے کمرے کے باہر ہی کھڑی کان لگائے اندر کی آوازیں سننے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

ارسل کے باہر نکلنے پر فوراً پیچھے کو ہٹی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل جسکا مزاج بگڑا ہوا تھا نرمل کو دیکھ کر مزید زہر زدہ ہوا مگر بناء رکے وہ لاونج کی جانب بڑھا۔۔۔

!!!کہا تھا ناں

کہ وہ مجھ سے زیادہ محبت نہیں کر سکتی۔۔۔

دیکھ لو ایک دن میں ہی تمہاری عقل ٹھکانے آگئی ہے۔۔۔

نرمل بازوؤں باندھے طنزیہ مسکراہٹ ہنسی۔۔۔

!!!!!تم

ارسل سنگین ہوئے انگلی دکھاتے بولا۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!!ارسل

انعم بیگم جو کیچن سے نکلی تھی ارسل کو لال پیلا ہوتے دیکھ کر پریشان ہوئی۔۔۔

ارسل نے انعم بیگم کی آواز سنی تو فورا نارمل ہونے کی کوشش کرنے لگا۔۔۔

کمرے میں آؤ میرے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!! بات کرنی ہے تم سے کچھ

انعم بیگم کہتی سیدھا اپنے کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔۔

نرمل جو ابھی بھی اسی طنزیہ نظروں سے اسے گھور رہی تھی ارسل اس کے قریب سے گزرتا ہوا سیدھا انعم بیگم کی کمرے کی جانب بڑھا۔۔۔۔

میرے کچھ کرنے سے پہلے ہی سب میرے حق میں ہو رہا ہے۔۔

!!!! واہ جی

اب تو لگتا ہے مجھے بھی کچھ کرنا چاہیے۔۔۔

نرمل ہنستے ہوئے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!! جی ماما

آپ نے بلایا مجھے۔۔۔

ارسل مودب انداز سے چہرے کمرے میں داخل ہوا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!بیٹھو یہاں

انعم بیگم جن کا لہجہ تھوڑا سرد تھا صوفے کی جانب اشارہ دیا۔۔۔

یہ کس طرح کا شور آرہا تھا تمہارے کمرے سے؟؟؟

انعم بیگم نے ارسل جو بیٹھتے دیکھا تو فوراً سوال داغا۔۔۔۔

ارسل نے سنا تو خاموش بیٹھی نظریں گرائے سوچنے لگا۔۔۔

میں کچھ پوچھ رہی ہوں ارسل؟؟؟

تم جانتے ہو یہ سب ابھی کسی نے قبول نہیں کیا۔۔۔

تو پھر یہ سب؟؟؟

www.novelsclubb.com

ماما میں خود یہ سب نہیں چاہتا تھا۔۔

!!!مگر

ارسل سر پکڑے بولا۔۔۔

کیا نہیں چاہتے تھے اور کیا مگر؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اگر تم چاہو تو مجھے بتا سکتے ہو۔۔۔

ہو سکتا ہے میں کچھ مدد کر سکوں۔۔۔

انعم بیگم نرمی برتتے بولی۔۔۔۔

وہ طلاق چاہتی ہے مجھ سے۔۔۔

پاگل ہو گئی ہے۔۔۔

مگر بھول ہے اسکی۔۔۔

کہ میں اسے طلاق دے دونگا۔۔

میں کمزور مرد نہیں ہو جو یہ سب برداشت کرے۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل برہم۔ہوتے بولا۔۔۔

کیا طلاق؟؟؟

انعم بیگم خلط ملط ہوئی۔۔۔

جی طلاق۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر کیوں؟؟؟؟

!!!ابھی تو بس ایک دن ہوا تم دونوں کے نکاح کو

اور اب یہ سب؟؟؟

انعم بیگم پریشان ہوئی۔۔۔

معلوم نہیں مجھے۔۔۔

کہ یہ سب کیوں؟؟؟

کل تک تو ٹھیک تھی مگر آج صبح۔۔۔

میری خود سمجھ سے باہر ہے یہ سب ماما۔۔۔

کس اذیت میں پھنس گیا ہو میں۔۔۔

ارسل پریشانی سے سر پکڑے بیٹھ گیا۔۔۔

محبت کرتے ہو اس سے؟؟؟

انعم بیگم ارسل کے دیوانہ وار رویے کو دیکھتے بولی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

محبت کا تو پتہ نہیں۔۔۔

مگر جب اسے دیکھا تھا دل میں خیال ضرور ابھرا کہ اس کو میرا ہونا چاہیے۔۔۔

میرے محرم رشتے کے روپ میں۔۔۔

ارسل کے چہرے پر ہلکی سی مسکان ابھری۔۔۔

ہمممممم۔۔۔

تو کیا وہ کرتی ہے تم سے؟؟؟؟

معلوم نہیں۔۔۔۔

لیکن اگر کرتی ہوتی تو یوں مجھ سے علیحدگی کا مطالبہ نہ کرتی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل مایوسی سے بولا۔۔۔

تو یہ تبدیلی تمہارے کہنے کے مطابق آج صبح محسوس کی تم نے۔۔۔

مگر آج صبح تو میں نے اسے لائبریری سے نکلتے دیکھا تھا۔۔۔

جہاں تمہارے پاپا بھی تھے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!مجھے حیرت ہوئی کہ ابرج وہاں

انعم بیگم بولتے بولتے رکی اور ارسل کی طرف دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

جبکہ ارسل بھی انعم بیگم کی بات سنتے ہی ان کی جانب الجھی نگاہ زدہ ہوا۔۔۔

ماما!!!!ارسل کو اب ابرج کا رویہ سمجھ میں آنے لگا۔۔۔

سمجھ گئی ہو میں بھی ارسل۔۔۔

تم فکر مت کرو۔۔

میں پتہ لگاتی ہوں اس معاملے کا۔۔۔

مگر اس سے پہلے ابرج سے بات کرتی ہو۔۔

بے شک تم دونوں کا نکاح ہماری رضامندی سے نہیں ہوا۔۔۔

مگر اگر تم خوش ہو تو ہمیں تمہاری خوشی عزیز ہے۔۔

اور ویسے بھی جو نصیب میں لکھا ہوتا ہے وہی ہونا بھی ہوتا ہے اور ملنا بھی۔۔۔

انعم بیگم کی باتوں نے کئی حد تک ارسل کی پریشانی کو کم کیا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تم جاؤ کمرے میں اب۔۔۔

میں آتی ہو اور کرتی ہو بات ابرج سے۔۔۔

مگر تب تک کوئی لڑائی مت کرنا۔۔۔

بہتر ہے خاموش رہو۔۔۔

انعم بیگم نے سب معاملے کو گہرائی سے سمجھتے ہوئے ارسل کج پریشانی بھانپتے کہا۔۔۔

ارسل اثبات سے سر ہلاتے وہاں سے اٹھا اور کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔

جبکہ انعم بیگم اب کئی سوچوں میں گم اس معاملے کو پڑھنے لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل کمرے میں داخل ہوا تو ابرج کو فرش پر بیٹھے دیکھا۔۔۔

جو کانچ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو اٹھا رہی تھی مگر ایک نظر بھی ارسل کو نہ دیکھا۔۔۔

چھوڑو اسے۔۔۔

بوا آ کر صاف کر لے گی اسے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل بے ضرر رہوا۔۔۔

مگر ابرج بناء کوئی جواب دیے شیشے اٹھانے میں مصروف رہی۔۔۔

جواب نہ پاکر ارسل ابرج کی جانب بڑھا اور خود بھی گھٹنوں کے بل اس کے پاس بیٹھ گیا۔۔۔

کہہ رہا ہو کہ بوا اٹھالے گی تو چھوڑ وا سے۔۔۔۔

اٹھو یہاں سے یہ کام تمہارے کرنے والے نہیں۔۔

ارسل نے ابرج کے ہاتھ سے ٹکڑوں کو پھینکا۔۔۔

میں کر رہی ہو ناں۔۔۔

مجھے کرنے دے میرا کام۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج ارسل کے ہاتھ کو جھٹکتے واپس شیشہ اٹھانے لگی۔۔۔

آخر مسئلہ کیا ہے تمہارا؟؟؟؟

کیوں ضد پر آئی ہو؟؟؟

ارسل نے ابرج کے ہاتھ کو اپنی جانب کھینچا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کہ ہاتھ میں موجود شیشے کا ٹکڑا اچانک ابرج کے ہاتھ میں جا چبھا۔۔۔

!!!!!!!!آہ

!!!!!!!!آوچ

ابرج نے درد سے کڑاہتے اپنا ہاتھ ارسل سے کھینچ لیا۔۔۔

ارسل نے ابرج کو کڑاہتے دیکھا تو فورا اس کے ہاتھ کی جانب متوجہ ہوا۔۔۔

جس پر سے خون کی بوندیں تیزی سے بہتے نیچے فرش کو رنگین کر رہی تھی۔۔۔۔

اوہ. میرے خدایا۔۔۔

یہ کیا کر دیا میں نے۔۔۔

www.novelsclubb.com

سوری ابرج۔۔۔

میری وجہ۔۔۔

ارسل نے فورا ابرج کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھاما جس پر کانچ ہتھیلی کے اندر دھنسا ہوا تھا۔۔۔

چھوڑے۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

رولا تو خوب چکے ہیں آپ۔۔۔

اب کیا مار ڈالنے کا ارادہ بھی رکھتے ہیں؟۔۔۔

ابرج نے سرخ سوجھی آنکھوں سے ارسل کی جانب دیکھتے اپنا ہاتھ کھینچا اور اٹھ کر بیڈ پر جا بیٹھی۔۔۔

ارسل نے اس کا رویہ دیکھا تو بناء کچھ کہے ڈریسنگ ٹیبل کی جانب بڑھا اور فرسٹ ایڈ باکس نکال کر سیدھا ابرج کے پاس جا بیٹھا۔۔۔

جو اپنے ہاتھ میں چبھے شیشے کو دیکھ کر آنسوں بہا رہی تھی۔۔۔

!!! دو ہاتھ مجھے ادھر

www.novelsclubb.com

ارسل نے اس کی جانب دیکھا۔۔۔

!!! نہیں میں. ٹھیک ہو

وہ دوسری جانب رخ کیے بے رخی سے بولی۔۔۔

ہر بات پر ضد نہیں ابرج۔۔۔۔

آنسوں تم بہاؤ منع نہیں کر رہا کو تمہیں مگر ہاتھ مجھے تھما دو۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ویسے ہی جیسے تمہارے والد نے تھمایا تھا۔۔۔

ارسل نے ابرج کو اپنی جانب کیا اور اس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ بھرا۔۔۔

ارسل ابرج کے ہاتھ کو صاف کرنے لگا۔۔۔

جبکہ ابرج کی نظریں بس ارسل کے پریشان چہرے پر بندھ گئی۔۔

جو اس کی تکلیف اور بے چینی کو دیکھ کر بوکھلا سا گیا تھا۔۔۔

ابرج۔۔۔

تھوڑی درد ہو گی مگر بس چند لمحوں کی بات ہے۔۔۔

بہت درد ہو تو بتانا۔۔۔

www.novelsclubb.com

میں رک جاؤ گا۔۔

!!!ٹھیک ہے ناں

ارسل جو خود بھی شیشے کو نکالنے کیلئے خوف میں تھا ابرج جو حوصلہ دیتے بولا۔۔۔

جو تکلیف میں برداشت کر چکی ہو اور اب تک کر رہی ہو یہ اس کے سامنے کچھ بھی نہیں۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جو بھی ہے ابھی جو کہہ رہا ہو وہ مانو۔۔

ارسل نے بات کو انسنا کیا۔۔

جس پر وہ اثبات سے سر ہلائے آنکھیں بھینچے بیٹھ گئی۔۔۔

ارسل نے ایک لمبا سانس بھرا۔۔۔

اور کانپتے ہاتھ سے شیشے کو ابرج کے ہاتھ سے کھینچ نکالا۔۔۔

ابرج جو شیشہ نکلنے پر تڑپ سی اٹھی ارسل کی بازو کو جکڑے افف کر گئی۔۔۔۔

بس بس۔۔۔۔

نکال لیا ہے شیشہ میں نے۔۔

www.novelsclubb.com

ابھی دوائی لگاتا ہوا اس پر ٹھیک ہو جائے جلد۔۔۔

ارسل کا خود سانس بحال ہوا تو وہ پر سکون انداز سے بولا۔۔۔۔

ارسل ابرج کے ہاتھ پر پٹی کر کے فرسٹ ایڈ باکس سمیٹنے لگا۔۔۔

مگر ابرج ابھی بھی ویسے ہی بیٹھی ارسل کے ساتھ چپکی تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل نے ابرج کی گرفت اپنی بازو پر محسوس کی تو اس کے چہرے کو دیکھنے لگا۔۔۔

اتنی سی تکلیف کیلئے میری بازو کی ضرورت پڑی تمہیں۔۔۔

تو کیسے سوچ لیا تم نے کہ زندگی کی دشواری تم اکیلے برداشت کر لو گی۔۔۔۔

ارسل نے ابرج کے ہاتھ کو تھامتے محبت بھرے انداز سے کہا۔۔۔

ابرج نے ارسل کی بات سنی تو فورا اپنا ہاتھ ارسل کے ہاتھ سے نکالے فورا اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔

میں سنبھال سکتی ہو خود کو۔۔۔

سب برداشت کر سکتی ہو میں۔۔۔

پہلے خوف تھا مجھے اب کسی کا خوف نہیں۔۔۔

خود کا بھی نہیں۔۔۔

ابرج کہتے ہوئے آگے کو بڑھی کہ تبھی انعم بیگم کو دروازے کے پاس کھڑے پایا۔۔۔

جو فرش پر بکھرے شیشوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

اور اب ابرج کے پٹی بندھے ہاتھ کو دیکھنے لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یہ کیا ہوا ہے یہاں؟؟؟

!!!!!!بوا

!!!!بوا

انعم بیگم نے بوا کو آواز لگائی جس پر دوڑتے ہوئے کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔

!!!جی بیگم جی

بوا یہ فرش صاف کرو اچھے سے۔۔۔

کانچ دیکھ لینا کوئی فرش پر نہ رہے۔۔۔

اور خود بھی دھیان سے کرنا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

جی بیگم جی ابھی کرتی ہو صاف۔۔۔۔

اور آپ دونوں میرے کمرے میں آؤ کچھ بات کرنی ہے آپ دونوں سے۔۔۔

بوا یہ صاف کرو تب تک۔۔۔۔

انعم بیگم دونوں کی جانب اشارہ کرتے واپس کمرے سے باہر چلی گئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نے ارسل کو سوالیہ نظروں سے دیکھا جو خود بھی اسے یونہی دیکھ رہا تھا۔۔۔

ابرج اور ارسل دونوں ہی صوفے پر ملزم کی مانند نظریں جھکائے بیٹھے تھے۔۔۔

جبکہ سامنے بیٹھی انعم بیگم ان دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

یہ سب کیا تھا؟؟؟؟

کوئی بتانا پسند کرے گا مجھے؟؟؟

انعم بیگم سخت ہوئی۔۔۔

ارسل نے ابرج کی جانب دیکھا جو بناء کوئی تاثر دیے سر جھکائے ہی بیٹھی تھی۔۔۔

!!!!اب بتاؤ ماما کو کیا پوچھ رہی ہے وہ

ارسل بڑبڑایا۔۔۔

ابرج نے ارسل کو سنگین نظروں سے گھورا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آپس میں گفتگو کرنی تھی تو کمرے میں توڑ پھوڑ اور شور کی جگہ یہی کر لیتے تو یوں میرے سامنے بیٹھنا نہ پڑتا۔۔۔۔

انعم بیگم گو ہوئی۔۔۔

ماما وہ مجھ سے ٹوٹی تھی پرفیوم کی بوتلیں۔۔۔

وہ کیسے ؟؟؟؟

انعم بیگم سوالیہ ہوئی۔۔۔

وہ مجھے بہت غصہ آگیا تھا تو بس بے قابو ہوتے توڑ دی۔۔۔

ارسل نے ابرج کو دیکھتے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

مجھے دیکھ کر مت بولے کچھ بھی آئی ناں سمجھ۔۔۔

ابرج ارسل کی خود پر پڑتی نظروں کو دیکھتے زیر لب بڑبڑائی۔۔۔

کیوں کیوں ؟؟؟

کیوں نہ بولو۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!غصہ تو تمہاری وجہ سے ہی آیا تھا ناں

ارسل بھی جواباً ہوا۔۔۔

پھر دونوں شروع ہو گئے ہو۔۔۔

ارے میں سامنے بیٹھی ہوں اسی وجہ سے ہی بلایا ہے کہ معاملہ حل کر سکوں۔۔۔

انعم بیگم نے دونوں کو اپنی جانب متوجہ کیا جو بچوں کی مانند لڑ رہے تھے۔۔۔

ماما اس کو سمجھائے آپ بس۔۔۔

بتا دے کہ میں .اسے طلاق نہیں دونگا۔۔۔

اس کی ضد اس کی انا میرے فیصلے کو تبدیل نہیں کر سکتی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل زچ ہوتے اٹھا اور کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔

طلاق؟؟؟

!!!!!ابرج

انعم بیگم کی نظریں اب ابرج پر گری۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جس پر ابرج کو کچھ سمجھ نہ آیا اور منہ پر ہاتھ دھڑے رونے لگ گئی۔۔۔

!!!!!بیٹا

انعم بیگم نے اسے روتے دیکھا تو اٹھ کر اس کے پاس بیٹھ گئی۔۔۔

اور اسے خود سے لگائے چپ کروانے لگی۔۔۔

مجھے بتاؤ کیا ہوا ہے؟؟؟

اور یہ سب طلاق علیحدگی کیا معاملہ ہے؟؟؟

انعم بیگم نے ممتا بھرے لہجے سے ابرج کے چہرے کو تھامتے کہا۔۔۔

!!!آنٹی

!!! وہ

ابرج ہچکیاں بھرتے بولی۔۔

ارسل پھوں پھاں کرتے کمرے سے باہر نکلا تو لاؤنج میں بیٹھے عالم شاہ کو اخبار پڑھتے پایا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ان کو دیکھتے ہی وہ رک گیا۔۔۔

جس پر عالم شاہ بھی ارسل کو رکے دیکھ کر چشمہ اتارے اس کو دیکھنے لگے۔۔۔

!!!!مل گیا آپکو سکون

کبھی تو میری خوشی میری مرضی کو اپنا لیا کرے پاپا۔۔۔

میری زندگی کا سوال ہے اب تو بس کر دے۔۔۔

ابرج غصے اور غم کے ملے جلے تاثرات سے بولا۔۔۔

!!ارسل

ایسا کیوں بول رہے ہو؟؟؟

www.novelsclubb.com

عالم شاہ اخبار دوسری جانب رکھے مارے حیرت اسے تکنے لگے۔۔

بس کر دے پاپا بس۔۔۔۔

ارسل بے قابو ہوتے ہاتھ جوڑتے بولا۔۔۔

میں خوش ہوا پنی ازواجی زندگی سے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

پلیز مجھے سکون اور خوشی سے زندگی گزارنے دے۔۔۔

مجھے حق دے کہ میں کھل کر سانس لے سکوں۔۔۔

جی سکوں ویسی زندگی جیسی میں جینا چاہتا ہو۔۔۔

ربورٹ نہ سمجھے مجھے اپنا بیٹا سمجھے پلیز۔۔۔۔

ارسل دوٹوک بولتے ہوئے وہاں سے باہر نکل گیا۔۔۔

جبکہ عالم شاہ ابھی تک ارسل کی جانب سے کی گئی ہر بات پر ششدر اسے جاتا دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

پانی پیوں اور بتاؤ کیا بات ہے۔۔۔

کیوں پریشان ہو رہی ہو اور ساتھ ساتھ ارسل کو بھی بے چین کر رہی ہو۔۔۔۔

انعم بیگم نے ابرج کے سر پر دھیمے سے ہاتھ رکھا۔۔۔

ابرج نے ایک گھونٹ پانی بھرا اور آنسوں پونچھتے ان کی جانب ہوئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آنٹی۔۔۔۔

ابرج آہستگی سے بولی۔۔۔

میں جانتی ہو میں آپ سب کی پسند نہیں۔۔۔

اور شاید کبھی پسند بھی نہ آؤ۔۔۔

ابرج آنکھوں جھکائے بولی۔۔۔

ایسی بات نہیں ہے بیٹا۔۔

اگر ارسل نے تمہیں پسند کیا ہے تو کوئی تو خاص بات ہے ناں آپ میں۔۔۔۔

ویسے میرے بیٹے کی پسند ہے بہت خوبصورت۔۔۔

www.novelsclubb.com

انعم بیگم ابرج کے ہاتھوں کو تھامے خوشدلی سے بولی۔۔۔

مگر آنٹی۔۔۔

ارسل کی شادی تو نرمل سے ہونی تھی ناں۔۔۔

مگر میری وجہ سے۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج ایک پل کو رکی۔۔۔

آپ لوگوں کے درمیان دوریاں آرہی ہے اس کی وجہ بھی میں ہو۔۔۔

ارسل سب سے دور ہو رہا ہے۔۔۔۔

اور کسی سے لڑ رہا ہے صرف ہمارے اس نام نہاد رشتے کی خاطر۔۔

جبکہ سب سے اہم بات ہمارا رشتہ سمجھوتے پر منحصر ہے۔۔۔

جس کی کوئی آہمیت نہیں ہمارے درمیان۔۔۔

بس ایکدوسرے کے سر پر مسلط کر دیے گئے ہیں ایک ناکردہ سزا کی طرح۔۔۔

!!!! صیحح

www.novelsclubb.com

اور یہ سب تبدیلی آج ہی کیوں محسوس کر رہی ہو آپ؟؟

انعم بیگم اصل بات کی جانب بڑھی۔۔۔

کیا آپکو کسی نے کچھ کہا ہے؟؟؟

نرمل نے یا ارسل کے والد نے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

انعم بیگم نے لفظوں پر زور دیا۔۔۔

جس پر ابرج ایک دم چونکی۔۔۔

نرمل کی باتیں مجھے بری نہیں لگتی۔۔۔

حق لیا ہے اسکا میں نے۔۔۔

وہ ایسا رویہ تو رکھے گی ناں۔۔۔

ابرج تاسف سے بولی۔۔۔

تو پھر؟؟؟

کیا ارسل کے والد نے؟؟؟؟

www.novelsclubb.com

انعم بیگم تجسسی ہوئی۔۔۔

نہیں آنٹی۔۔۔

وہ تو بہت اچھے ہیں۔۔۔

مجھے پہلے لگا کہ وہ سخت مزاج ہونگے اور شاید مجھے ڈانٹے بھی گے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر ان کی باتیں ان کی نصیحت مجھے سچ میں بہت اچھی لگی۔۔۔

بلکہ ان کو صبح کی چائے کی ڈیوٹی بھی اب میری ہو گئی ہے۔۔۔

ابرج خوشی سے چہکتے بچوں کی مانند بولی۔۔۔

جس پر وہ انعم بیگم کو بہت بھلی لگی۔۔۔

اور دل ہی دل میں شکر کرتے مسکرائی کہ جو بد گمانی انہوں نے عالم شاہ کی جانب سے پالی تھی وہ بلکل غلط ہے۔۔۔

تو پھر یہ سب باتین کیوں؟؟؟

اگر کسی نے کچھ نہیں کہا آپکو؟؟؟

www.novelsclubb.com

تو طلاق یا علیحدگی کی باتیں کیوں بیٹا۔۔۔

انعم بیگم اب الجھی انداز سے گویا ہوئی۔۔۔

!!!!نرمل کی ماما

ابرج بڑبڑائی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!شانزے نے

اس نے آپ کو ان باتوں کا آحساس دلایا؟؟؟

انعم بیگم حیرت سے گو ہوئی۔۔۔

!!!جی

میں جب انکل کی لائبریری سے باہر نکلی تو وہ مجھے ملی۔۔۔

انہوں نے کہا کہ میں اس گھر کے اور ارسل کی زندگی کے لیے ٹھیک نہیں۔۔۔

میری اوقات نہیں کہ میں ارسل کی بیوی کی حیثیت سے یہاں رہ سکوں۔۔۔

ان کی بیٹی کی خوشیاں اور اس گھر کا سکون سب میری وجہ سے غارت ہوا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج مایوسی اور شرمندگی سے سر جھکائے بولی۔۔۔

اور وہ کہہ بھی سچ رہی ہے۔۔۔

یہ سب میری وجہ سے ہی تو ہو رہا ہے۔۔۔

جبکہ ارسل خود بھی اس رشتے کے بوجھ کو محسوس کرتے ہیں۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مجھے آحساس ہوتا ہے آنٹی۔۔۔۔

وہ خوش نہیں ہے میرے ساتھ۔۔۔

ابرج انعم بیگم کی جانب دیکھتے بولی۔۔۔

ممممممم۔۔۔۔

انعم بیگم یہ سب سن کر ایک دم تو چونکی مگر پھر ابرج کی پریشانی کو دیکھ کر مصنوعی مسکراہٹ دیکھتے اس کو چہرے کو چھونے لگی۔۔۔

غلط سوچ رہی ہو آپ۔۔۔

بہت محبت کرتا ہے میرا بیٹا آپ سے۔۔۔

www.novelsclubb.com

جسے خود اپنی محبت کی گہرائی کا اندازہ نہیں۔۔۔

ابرج نے سنا تو حیرت سے انعم بیگم کو دیکھنے لگی۔۔۔

آنٹی۔۔۔

صحیح کہہ رہی ہو ابرج بیٹا۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ بہت محبت کرتا ہے آپ سے۔۔۔

اس کی آنکھوں میں وہ محبت وہ دیوانگی میں نے بچھڑتے دیکھی ہے۔۔۔۔

جبکہ ویسا ہی جذبہ مجھے آپکی آنکھوں میں بھی نظر آیا ہے۔۔۔

ابرج نے سنا تو فورا اپنی آنکھیں گھمانے لگی۔۔۔

آنکھیں گھمانے سے سچ نہیں بدلتا بچے۔۔۔

خود کو اور ارسل کو وقت دو۔۔۔

محبت کا جواب محبت سے دو تاکہ جذبہ کبھی کم نہ ہو۔۔۔

انعم بیگم نے ابرج کو سمجھاتے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

جس پر کشمکش میں الجھی چپ سادھے بیٹھی رہی۔۔۔

رہی بات شانزے کی تو وہ بس نرمل کی ماں ہی نہیں میری بہن بھی ہے۔۔۔

بیٹی کی وجہ سے ایسی ہو گئی ہے مگر دل کی بہت اچھی ہے۔۔۔

اس کی باتوں کا برا نہ مانو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور اپنی زندگی پر اسکا اثر مت آنے دو۔۔۔

بے شک تم ہماری پسند نہیں تھی مگر ہم تمہیں پسند کرنا چاہتے ہیں ابرج۔۔۔

مخالفت ایک حد تک ہی کر سکتے ہیں ہم مگر اپنے بیٹے کو اگر خوش دیکھے گے تو مخالفت کس خوشی میں بدل جائے پتہ بھی نہیں چلے گا۔۔

اور مجھے یقین ہے تم کوشش کرو گی تو کامیاب ہو جاؤ گی۔۔۔

انعم بیگم نے ابرج کو حوصلہ دیا۔۔۔

جس پر وہ مسکراہٹ دیتے وہاں سے اٹھ کر چلی گئی۔۔۔

شکر ہے شاہ جی کا اس میں کوئی تعلق نہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

ورنہ باپ بیٹے کی جنگ سب تباہ کر دیتی۔۔۔

انعم بیگم نے سکھ کا سانس بھرا۔۔۔

نرمل کے تماشے کم تھے جواب شانزے بھی۔۔۔

مجھے اس سے بات کرنی ہو گی اب۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

گھر کا ماحول مزید خراب نہیں ہونے دونگی میں۔۔۔

انعم بیگم تہیہ کرتے بولی۔۔



ماما آپکو پتہ ہے میں نے ابھی باہر کیا دیکھا۔۔۔۔

نرمل خوشی سے سرشار شانزے بیگم کے کمرے میں داخل ہوتے بولی۔۔

کیا دیکھ لیا جو خوشی سے پھولے نہیں سما پا رہی ہو۔۔۔

شانزے بیگم چائے کی پیالی کی چسکی بھرتے میگزین دیکھتے بولی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!موم

باہر ارسل عالم تایا پر چلا رہا تھا۔۔۔

وہ بھی بہت برے طریقے سے۔۔۔

اچھا وہ کیوں؟؟؟

کوئی بات ہوئی تھی کیا؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شانزے بیگم ششدر رہ گئے۔۔۔

موم بات تو اپنے مطلب کی ہے۔۔۔

نرمل مسکراہٹ بھرتے بولی۔۔۔

مطلب؟؟؟

کچھ بتاؤ گی بھی یا بس یونہی پہیلیاں بجھواؤ گی؟؟؟

شانزے بیگم میگزین دوسری جانب رکھتے بولی۔۔۔

موم ارسل اپنی اس بیوی کی وجہ سے لڑ رہا تھا تایا جی سے۔۔۔

لگتا ہے تایا جی نے ابرج کے حوالے سے کچھ کہا ہے تبھی بھڑکا ہوا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو تم کیوں اتنی خوش ہو رہی ہو؟؟؟

!!! ساتھ تو وہ اپنی بیوی کا ہی دے رہا ہے ناں

شانزے بیگم نے بات ہوا کی۔۔

ارے ماما آپ سمجھی نہیں بات۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نرمل پر جوش ہوئی۔۔۔

ماما اسکا مطلب یہ ہے کہ تایا بھی ابرج کے خلاف ہے۔۔۔

بس مجھے اسی بات کا ہی تو فائدہ اٹھانا ہے اب۔۔۔

نرمل شیطانی دماغ میں ایک جال کو بنتے بولی۔۔۔

فائدے اور نقصان رشتوں میں نے لاؤ نرمل۔۔۔

سب سے بڑا گھاٹا تمہیں ہی اٹھانا پڑے گا۔۔۔

انعم بیگم جو کمرے کے باہر ہی کھڑی تھی اندر آتے بولی۔۔۔

انعم آپی آپ؟؟؟

www.novelsclubb.com

شانزے بیگم فورا بوکھلاتے کھڑی ہوئی۔۔۔

جبکہ نرمل بھی اپنی سوچ فاش ہونے پر زبان منہ میں دبائے پلٹی۔۔۔

!!! یہ کیا سیکھا رہی ہو تم اپنی بیٹی کو

شانزے مجھے تھا کہ تم اپنی بیٹی کو سمجھاؤ گی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اسی سیدھی راہ پر لاؤ گی۔۔۔

!!! مگر مجھے امید نہ تھی کہ تم ایسا کر سکتی ہو؟

انعم بیگم سخت ہوئی۔۔۔

دیکھے آپی یہ تو بچی ہے بس یونہی بول رہی تھی۔۔۔

میں نے تمہاری بات کی ہے شانزے۔۔۔

وہ تو بچی ہے ہی مگر تم بچی نہیں۔۔۔

اچھے سے جانتے ہو میں نے اس گھر کو کیسے سمیٹا ہے۔۔۔

تو کیوں اسے توڑنے پر تلی ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

خود بھی باز آؤ اور نرمل کو بھی کرو۔۔۔

اگلی بار میں نہیں سمجھاؤں بلکہ شاہ صاحب سے بات کرونگی سیدھا۔۔۔

انعم بیگم غصے سے بولتے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

جبکہ شانزے بیگم دانت پیستے رہ گئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

موم یہ خالہ کیا کہہ رہی تھی آپکو؟؟؟؟

میں سمجھی نہیں کچھ۔۔۔

منہ بند رکھو نرمل ابھی۔۔۔

میرا دماغ آگے ہی گھوما ہوا ہے۔۔۔

وہ چھٹانک بھری لڑکی جسے میں بیوقوف سمجھ رہی تھی بہت ہی شاطر ہے۔۔۔

دیکھ لونگی اسے۔۔۔۔

شانزے بیگم مٹھی بھینچے اکڑی۔۔۔

جبکہ نرمل ناسمجھی سے شانزے بیگم کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

صبح سے دوپہر ہو گئی مگر ارسل کا اب تک کچھ پتہ نہ تھا۔۔۔

جبکہ ابرج بھی صبح سے بھوکی بیٹھی ارسل کی وجہ سے پریشان تھی۔۔۔

کیا آنٹی نے جو کہا تھا وہ سچ ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!کیاارسل سچ میں مجھ سے محبت

مگراتنی جلدی محبت کیسے ؟؟؟؟

ابرج الجھن زدہ ہوئی۔۔۔

مگر وہ ہیں کہاں ؟؟؟

میری باتوں کی وجہ سے وہ کہیں چلے تو نہیں گئے ؟؟

ابرج پریشانی سے سوچتے سوچتے اٹھی۔۔۔

آنٹی سے بات کرتی ہو۔۔۔۔

انہیں تو معلوم ہو گا کہ وہ کہاں گئے ہیں ؟؟؟

www.novelsclubb.com

ابرج خود کلامی کرتے سیدھا کمرے سے باہر نکلی۔۔۔



انعم بیگم تمہارے بیٹے کا رویہ آج کچھ زیادہ ہی اوور تھا میرے ساتھ۔۔۔

بظاہر وجہ مجھے سمجھ نہیں آئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر لگا کہ شاید وہ ابرج کے حوالے سے بات کر رہا تھا۔۔۔

اگر تم جانتی ہو کچھ تو بتاؤ۔۔۔

لگتا ہے کسی بڑی غلط فہمی کا شکار ہے وہ۔۔۔

عالم شاہ جو اپنے کمرے میں بیٹھے ٹی وی پر خبریں سن رہے تھے۔۔۔

انعم بیگم کو اندر آتے دیکھ کر بولے۔۔۔

مطلب؟؟؟

انعم بیگم انجان بنی۔۔۔

مطلب تو میں خود ابھی سمجھ نہیں پا رہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اگر کوئی بات ہوئی ہے تو بتاؤ مجھے۔۔۔

ممکن ہوا تو سلجھانے کی کوشش کرونگا۔۔۔

عالم شاہ تحمل انداز سے گویا ہوئے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

انعم بیگم نے سنا تو پہلے تو چپ رہی مگر پھر عالم شاہ کی گہری سنجیدہ نظروں کو دیکھتے وہ ان کے پاس کا بیٹھی۔۔۔

!!!وہ

شاہ جی ابرج نے طلاق کا مطالبہ کیا تھا ارسل سے۔۔۔

انعم بیگم آہستگی سے بولی۔۔۔

کیا؟؟؟؟

طلاق؟؟؟؟

عالم شاہ چند ھیا سے گئے۔۔۔

www.novelsclubb.com

جی تبھی ارسل بہت پریشان تھا۔۔۔

!!!اور ہمیں لگا کہ شاید اپنے ابرج سے کوئی بات کی ہے

!!!میں نے

عالم شاہ حیرت زدہ اپنی جانب اشارہ کرتے بولے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں نے ابرج سے کیا بات کرنی تھی انعم بیگم۔۔۔

اور ایسا تم لوگوں کو کیوں لگا؟؟؟

عالم شاہ مجھے سنجیدہ ہوئے۔۔

!!وہ

مجھے لگا صبح ابرج اپکی لائبریری سے باہر نکلی تھی تو شاید آپ نے ہی کچھ۔۔۔

انعم بیگم شرمندہ ہوئی۔۔۔

صحیح تو یہ وجہ تھی اس کی بدتمیزی کی۔۔۔

تبھی وہ غصے سے بولتے وہاں سے چلا گیا۔۔۔

عالم شاہ سب سمجھتے بولے۔۔۔

مگر شاہ جی ہم جانتے ہیں یہ سب آپ نے نہیں کیا۔۔۔

مگر اس سے پہلے وہ یہ سب جانتا وہ کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔

!!!!اگر مجھے ذرا سی بھی بھنک ہوتی کہ وہ ایسا کرے گا تو میں پورا سچ اس کے سامنے

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

رکوں پہلے یہ بتاؤاس معاملے کے پیچھے تھا کون؟؟؟

جس کی وجہ سے بچی نے طلاق جیسا مہلک زہر کا مطالبہ کیا۔۔۔

عالم شاہ تجسسی انداز سے بولے۔۔۔

جو بھی تھا میں نے اس کو سمجھا دیا ہے آئندہ ایسی حرکت کا سوچے گا بھی نہیں۔۔۔

انعم بیگم بات گول کرتے اٹھی۔۔۔

!!!!انعم بیگم

مجھے بتاؤ کون تھا وہ۔۔۔

تم جانتی ہو مجھ سے زیادہ دیر کچھ چھپ نہیں سکتا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اگر تم نہیں بتاؤ گی تو میں خود ابرج سے پوچھ لونگا۔۔۔

عالم شاہ سخت ہوئے۔۔۔

کیوں اس مردے کو واپس قبر سے نکالنا چاہ رہے ہیں۔جو دفنا چکی ہو میں۔۔

میں کہہ رہی ہوناں کہ میں نے سمجھا دیا ہے اسے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر اس معاملے کا حل بس سمجھانے تک محدود نہیں لگ رہا مجھے۔۔۔

کیوں ایسا کیوں کہہ رہی ہو!!!؟؟؟

!!!! بس

!!!یونہی

بلکہ میں سوچ رہی ہوارسل کی شادی کو اناؤنس کر دیتے ہیں سوسائیٹی اور پوری فیملی میں۔۔۔

تاکہ سب کو معلوم ہو جائے کہ ارسل کی شادی ہو چکی ہے۔۔

ہمم نعم بیگم سوچتے بولی۔۔۔

ممممممم میں بھی یہی سوچ رہا تھا۔۔۔

میں نوید سے بات کرتا ہوں اس بارے میں۔۔۔

عالم شاہ نے حامی بھری۔۔۔۔

کہ تبھی دروازے پر دستک کی آواز آئی۔۔۔۔

!!!!!آجائیں

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج دروازہ کھولے اندر کی جانب بڑھی۔۔۔۔

!!!!جی ابرج بیٹا

کیا ہوا کوئی کام تھا آپکو؟؟

انعم بیگم اور عالم شاہ دونوں اس کی جانب دیکھنے لگے۔۔۔

وہ آنٹی!!!!ابرج جھجھک سی گئی۔۔۔

بیٹا یہ آپکے ہاتھ پر کیا ہوا ہے؟؟؟

عالم شاہ کی نظر ابرج کے پٹی بندھا ہاتھ پر پڑی۔۔۔

کچھ نہیں انکل وہ بس چھوٹی سی چھوٹ لگ گئی تھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اچھا بیٹا کیا پوچھنا چاہ رہی ہو آپ؟؟؟

انعم بیگم نے ابرج کو دیکھا۔۔۔

آنٹی وہ میں ارسل کا پوچھنا چاہ رہی تھی۔۔۔

کہاں ہے وہ؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج بے چینی سے بولی۔۔۔

بیٹا وہ شاید کسی کام میں بزی نہ ہو۔۔۔

یا اپنے دوستوں کے ساتھ نہ گیا ہو۔۔۔۔

بتا کر کم ہی جاتا ہے وہ۔۔۔

انعم بیگم جواباً ہوئی۔۔

مگر پھر بھی میں کال کر کے پوچھتا ہو کہ ہے کہاں وہ؟؟

اب تو گھر رہنا چاہیے اسے۔۔۔

نکاح کو دن ہی کتنے ہوئے ہیں اس کے۔۔۔

www.novelsclubb.com

عالم شاہ فون کان پر لگائے بولے۔۔۔

ابرج آس بھری نظروں سے عالم شاہ کو دیکھنے لگی۔۔۔

فون نہیں لگ رہا اسکا۔۔۔

بند جا رہا ہے مسلسل۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

عالم شاہ نے دوبارہ فون ملاتے کہا۔۔۔

جسے سن کر ابرج مزید پریشان ہوئی۔۔۔

آپ پھر ملائے دیکھے اٹھاتا ہے کہ نہیں۔۔۔

انعم بیگم نے ابرج کی پریشانی کو بھانپا تو کہا۔۔۔

ملا رہا ہو مگر فون بند ہے اسکا۔۔۔

عالم شاہ نے فون بند کیا۔۔۔

اتنا لاپرواہ تو نہیں ہے ارسل۔۔۔

فون کیوں بند کر رکھا اس نے پھر۔۔۔

www.novelsclubb.com

انعم بیگم بھی اب پریشان سی ہوئی۔۔

!!!بیٹا آپ پریشان نہ ہو

جیسے ہی فون آن ہوتا ہے میں آپکی بات کرواد و نگا ارسل سے۔۔۔۔

عالم شاہ نے ابرج کے بے چین چہرے کو دیکھتے حوصلہ دیا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جس پر وہ حامی میں سر ہلائے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

بہت پریشان ہو گئی ہے بچی۔۔۔

بہت ہی لاپرواہ ہے تمہارا بیٹا۔۔۔

عالم شاہ نے ایک بار پھر فون ملایا۔۔۔

کھینچوں گی کان اس کے۔۔۔

واپس آئے تو۔۔

مگر ایک بات کہوں شاہ جی۔۔۔

انعم بیگم متانت سے بولی۔۔۔

!!!!

ابرج اچھی لڑکی ہے۔۔

ظاہر ہوتا ہے کہ کسی اچھے گھر سے تعلق ہے اسکا۔۔۔

بہت خوب پرورش ہے۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ورنہ اجکل کی لڑکیاں ایسے آکر بھی اپنی اکڑ نہیں بھولتی۔۔۔

انعم بیگم پر سکون ہوئی۔۔۔

ممممممم صیحح کہہ رہی ہو۔۔۔

تمہاری بہن کی بیٹی سے لاکھ درجہ بہتر ہے۔۔۔

جسے نہ بڑوں کا ادب نہ لحاظ۔۔۔

ویسے بات کر چکا ہو اس سے میں بھی۔۔۔

بادب اور بااخلاق ہے۔۔۔

بہتر ثابت ہو گی ارسل کیلئے امید ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

عالم شاہ نے حامی بھری۔۔۔

انشاءاللہ۔۔۔۔

انعم بیگم مسکرائی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

صبح سے دوپہر اور دوپہر سے شام ہو گئی مگر ارسل کا اب تک کوئی اتہ پتہ نہ تھا۔۔۔

بوا کئی بار انعم بیگم کے کہنے پر کھانا لے کر اس کے کمرے میں آ چکی تھی۔۔۔

مگر وہ انکار کرتے ہوئے بیڈ پر بیٹھے ارسل کے متعلق سوچتی رہی اور خود کو کوستی رہی۔۔۔

حوصلے سے بیٹھی ابرج جو صبح سے ارسل کو دیکھ نہ سکی تھی اب اس کی ہمت ٹوٹی تو پھوٹ پھوٹ کر رونے لگ گئی۔۔۔

وقت کی جانب نظر گھومائی تو اب رات کے آٹھ بج گئے۔۔۔

دل دہلا دینے والے اور خوفزدہ کرنے والے وسوسوں نے اس کے دماغ پر گھیرا تنگ کر دیا۔۔۔

دل نے کئی بار سوچا کہ ایک بار عالم انکل سے پوچھ لے مگر پھر قدم رک جاتے۔۔۔

www.novelsclubb.com

کمرے میں تیز قدموں سے چہل قدمی کرتے وہ خود کو حوصلہ دینے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔

وہ ٹھیک ہونگے۔۔۔

بلکل ٹھیک ہونگے۔۔۔

ان وسوسوں کو دور رکھوں ابرج خود سے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ورنہ پاگل کر دے گے تمہیں یہ۔۔۔

ابرج کا وجود بھی اب سوچ کی وجہ سے ٹھنڈا پڑ چکا اپنے بالوں کو نوچتے وہ بڑبڑائی۔۔۔۔۔

فوراً کچھ سوچتے واش روم کی جانب بھاگی۔۔۔

اور وضو کرتے سیدھا باہر کو نکلی۔۔۔

ڈوپٹہ سر پر لپیٹتے وہ بیڈ پر دونوں ٹانگیں اوپر چڑھائے تسبیح کرنے لگی اور دعا مانگنے لگی۔۔۔۔۔

ارسل کو سوچتے وہ مسلسل تسبیح بھول رہی تھی۔۔۔

آنکھوں سے صبر کے آنسوں جھلکے تسبیح گود میں. گری اور رو پڑی۔۔۔

!!!!ایم سوری ارسل

!!!ایم سوری

پلیز واپس آجائے۔۔۔

!!!پلیز

نہیں چھوڑو گی آپکو میں کبھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کبھی تنگ نہیں کرو نگی۔۔۔۔

ابرج چہرے کو ہاتھوں سے چھپائے بلک پڑی۔۔۔۔

مجھے نہیں چاہیے طلاق۔۔۔

مجھے آپ کے ساتھ رہنا ہے۔۔۔

واپس آجائے پلیز۔۔۔۔

پلیز واپس آجائے۔۔۔۔

ابرج رو رہی تھی اس بات سے بے خبر کے سامنے کھڑا ارسل اسے ٹکٹکی باندھے دیکھ رہا تھا۔۔۔

جو سن کر پہلے تو چونکا مگر اب اسے ابرج پر محبت آنے لگی مگر پھر اسے تنگ کرنے کا سوچتے وہ اسے دیکھنے لگا۔۔۔

پکا۔۔۔۔

کبھی تنگ نہیں کرو گی مجھے۔۔۔

ارسل بازو باندھے بولا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہاں پکا کبھی تنگ نہیں کرو نگی۔۔

ابرج خود میں گم منہ پر ہاتھ جمائے بولی۔۔۔

!!!اور چھوڑ کر بھی نہیں جاؤ گی

ارسل کو اب مزہ آرہا تھا۔۔۔

وعدہ نہیں جاؤ گی۔۔۔

!!!اور طلاق

ارسل اب آہستگی سے چلتے ہوئے ابرج کے پاس آیا۔۔۔

نہیں میں آپ سے الگ ہونے کا سوچ بھی نہیں سکتی۔۔۔

مر کر بھی نہیں بس واپس آجائے۔۔۔

ابرج بولتے ہوئے ایک دم چونکی۔۔۔

اتنی بھی محبت نہیں ہے مجھے کہ ارسل کی آوازیں میرے کانوں میں گونجے۔۔۔

ابرج حیرت سے سوچتے زیر لب بڑبڑائی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!مطلب محبت کرتی ہو چاہے اتنی نہیں

ارسل اب اس کے روبرو کھڑا اسے محبت سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

ابرج نے ارسل کی آواز سنی تو جھٹ پٹ اس کی جانب پھٹی آنکھوں سے دیکھنے لگی۔۔۔

جہاں ارسل کھڑا ابرج کو دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔۔۔

!!!!ارسل

ابرج نے ارسل کو دیکھا تو فورا فرط مسرت اس کے ساتھ جا لگی۔۔۔۔

کہاں تھے آپ؟؟؟؟

بولے کہاں تھے؟؟؟؟

www.novelsclubb.com

اپکو نہیں پتہ کیا کیا وسوسے آرہے تھے میرے دل و دماغ میں۔۔۔

کس قدر ڈر گئی تھی میں آپ نہیں جانتے۔۔۔

ابرج ارسل کے سینے کے ساتھ لگی گرفت مضبوط کرتے رونے لگی۔۔۔

اگر مجھے پتہ ہوتا کہ میرے دور جانے سے تم کس قدر بے چین ہو جاؤ گی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تو واپس آنے کا بھی نہ سوچتا۔۔۔

ارسل شرارتی انداز سے بولا۔۔۔

!!!!!ارسل

ابرج نے ارسل کے سینے پر ایک خفگی بھری چست لگائی۔۔۔

اور پیچھے دھکیلتے ہوئے بیڈ پر جا بیٹھی اور منہ ہاتھوں میں چھپائے رونے لگی۔۔۔

ارے بابا اب کیوں رو رہی ہو؟؟؟

!!!آ تو گیا ہوں ناں میں

ارسل ابرج کے قریب بیٹھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

آپ نے ایسا کیوں کہا؟؟؟

کیوں نہ آتے آپ؟؟؟

!!!بولے

وہ منہ پھولائے خفا ہوئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اچھاناں

ایم سوری۔۔۔۔

رونابند کرواب۔۔۔

ارسل نے ابرج کے چہرے کو چھوتے کہا۔۔۔

میرا ہے ہی کون آپ کے علاوہ اس دنیا میں ارسل۔۔۔

جو ایسا کہہ رہے ہیں آپ۔۔۔

سب چھوڑ جاتے مجھے۔۔۔

آپ بھی چلے جاتے تو کیا ہوتا میرا۔۔

بہت برے ہو ارسل آپ بہت برے۔۔۔

ابرج آنسوں صاف کرتے تلملا کر اٹھی۔۔۔

ارسل نے جاتی ابرج کی کلائی کو تھاما اور اپنی جانب کھینچا۔۔۔

اچھا جی اتنی پرواہ وہ بھی میری۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل ابرج کے قریب ہوا جس کا چہرہ اس وقت رو رو کر تر اور سرخ ہو چکا تھا۔۔

ہاں کیوں نہ ہو۔۔۔

شوہر ہے آپ میرے بیوی ہو میں آپکی۔۔۔

ابرج حق جتائے بولی۔۔۔

اچھا جی۔۔۔۔

تو بات یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ کھلے عام اعلان ہو رہا ہے اب۔۔۔۔

ورنہ آپ تو ہم سے علیحدگی کی چاہ رکھتی تھی۔۔

ارسل نے ابرج کی تھامی کلائی پر اپنے تپش زدہ لب رکھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

اب ایسی بھی بات نہیں ہے۔۔۔۔

جس کے گرم لمس پر ابرج بھینچ سی گئی اور اپنا ہاتھ ارسل کے ہاتھ سے کھینچا۔۔۔

تو پھر کیا بات ہے۔۔

ارسل ابرج کی جانب بڑھا جس پر ابرج بھی دھیرے سے پیچھے کو ہوئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!ارسل

ابرج کھسیائی۔۔۔

!!!!!ہاں جی

سن رہا ہو جی۔۔۔۔

اب آپکی ہی تو سننی مجھے۔۔۔

ارسل کے چہرے پر شرارت ابھری۔۔۔

!!!! رکے تو صحیح

ابرج شرماہٹ دیتے بولی۔۔۔

!!!!کیوں جی

اتنی پیاری بیوی ہے میری رکنا بنتا تو نہیں۔۔۔

ابرج اب دیوار سے جا لگی کہ ارسل اب اس کے قریب تر آ گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور دونوں بازوؤں دیوار سے ٹکائے اس کے جانے کے راستے کو مکمل بند کیا جو نظریں جھکائے سامنے کھڑی تھی۔۔

!!!!ارسل

ابرج کی سانس اکھڑی۔۔۔

!!!!مممممم

سن رہا ہو۔۔۔

ارسل اس کی آنکھوں میں دیکھتے بولا۔۔

!!!بھوک لگی ہے مجھے

!!!وہ بھی بہت زیادہ

ابرج کے چہرے پر معصومیت ابھری۔۔۔

بھوک لگی ہے؟؟؟؟

ارسل نے اس کے چہرے کو تھاما۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہاں بہت زیادہ صبح سے کچھ نہیں کھایا۔۔۔

اب بہت بھوک لگی ہے مجھے۔۔۔

ابرج بچوں کی مانند بولی۔۔۔

ارے کیوں نہیں کھایا۔۔۔

کیااب تک بھوکی بیٹھی ہو تم؟؟؟؟

ارسل نے اس کی جانب مارے حیرت سے دیکھا۔۔۔

کیسے کھاتی؟؟؟

آپ بھی تو بھوکے گئے تھے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج معصومیت سے بولی۔۔۔

!!!اچھابس

چلو آؤ فریش ہو۔۔۔

میں بوا سے کہتا ہو کھانا لے کر آئے ہم دونوں کیلئے مل کر کھاتے ہیں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل نے ابرج کی تھوڑی کو چھوا جس پر وہ حامی بھرتے مسکراتی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔۔۔۔

جبکہ ابرج بھی کمرے سے باہر نکل کر کیچن کی جانب بڑھا۔۔۔

ابرج باہر نکلی تو ارسل کھانا بیڈ پر لگائے اسی کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

آپ نے شروع کیوں نہیں کیا؟؟؟

ابرج کہتے اس کے سامنے بیٹھ گئی۔۔۔

تم پورا دن میرا انتظار کر سکتی ہو میں چند لمحے بھی نہ کرو ایسا نہیں ہو سکتا۔۔۔

جس پر ابرج مسکرائی اور دونوں نے کھانا شروع کیا۔۔۔

!!!!ابرج

www.novelsclubb.com

ارسل ایک دم رکا۔۔۔

!!!! جی ارسل

ارسل کے رکنے پر وہ بھی رک گئی۔۔۔

پاپا کی جانب سے میں معافی مانگتا ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مجھے امید نہیں تھے وہ اس حد تک ہمارے رشتے کی مخالفت کرے گے۔۔۔۔

ارسل پشیمان ہوا۔۔۔

جبکہ ابرج تو ارسل کی بات سن کر نا سمجھی سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

کس بات کی معافی؟؟؟

!!اور انکل نے مجھے ایسا کچھ نہیں کہا

کہ آپ معافی مانگو مجھ سے۔۔۔

ابرج جواباہوئی۔۔۔

کیا مطلب؟؟؟

www.novelsclubb.com

تم طلاق کا مطالبہ ان کی باتوں کی وجہ سے کر رہی تھی ناں؟؟؟

ارسل متحیر ہوا۔۔۔

نہیں تو۔۔۔

!!!!وہ تو شانزے آنٹی



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج ایک دم چپ ہوئی۔۔۔

ارسل نے سنا تو مارے افسردگی اور پشیمانی پیچھے کو ہوا۔۔۔

آپ نے انکل سے کچھ کہا ہے؟؟؟

ابرج پریشانی کو دیکھتے بولی۔۔

!!!!کچھ نہیں بہت کچھ

میں بہت برا بول کر گیا تھا انہیں۔۔۔

بہت دل دکھا دیا انکا میں نے۔۔۔

ارسل ندامت ہوا۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر کیوں؟؟؟

وہ تو بہت اچھے ہے ارسل۔۔۔

میں نہیں جانتی آپ کے درمیان کیا مسائل ہیں مگر انہوں کا رویہ میرے ساتھ بہت اچھا اور حیران کن تھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج برجستگی سے بولی۔۔۔

ایسا کیا کہہ دیا انہوں نے تمہیں جو اس قدر ان کی حمایت کر رہی ہو؟؟؟

ارسل بھنویں اچکائے گویا ہوا۔۔۔

ارسل میں نے اپنے والد کا رویہ دیکھا ہے۔۔۔

مجھے تھا کہ اگر وہ ایسا رویہ میرے ساتھ رکھ سکتے ہیں تو نا جانے عالم انکل میرے ساتھ کیسا سلوک اختیار کرے گے۔۔۔

ایک خوف ایک ڈر میرے دل میں تھا مگر وہ سب بس ایک پانی کا بلبلہ ثابت ہوئی۔۔۔

ابرج بول رہی تھی جبکہ ارسل غور سے اس کو سن رہا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

آج صبح بھی ایسا ہی کچھ ہوا۔۔۔

نماز پڑھ کر میں انکل کے پاس ان کے اصرار پر بیٹھی۔۔۔

مجھے ڈر تھا کہ شاید وہ مجھ سے ہماری شادی کے متعلق سوالات نہ پوچھ لے مگر ایسا کچھ ہوا ہی نہیں۔۔۔۔

ابرج تاسف سے بولی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تو پھر؟؟؟

کیا پوچھا پاپا نے؟؟؟

ارسل بولا۔۔۔

اباں کا نام۔۔۔

تعلیم کے متعلق۔۔۔

بس۔۔۔۔

بس؟؟؟ارسل حیرت زدہ ہوا۔۔۔

!!!!ہاں بس

اور کچھ باتیں کی۔۔۔

بلکہ شاید مجھے سمجھایا۔۔۔

کہ بے شک رشتہ ہماری مخالفت سے ہوا ہے مگر اس کو دل نباہ کر کے ہم سب کی سوچ کو غلط ثابت کرنا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نکاح کا تعلق اللہ پاک بناتا ہے کب کس کی قسمت کس کے ساتھ جڑ جائے اللہ ہی جانتا ہے۔۔۔

ابرج کی بات سننے کے بعد ارسل مزید شرمندہ سا ہوا۔۔۔

اور پریشانی سا اٹھ کھڑا ہو گیا۔۔۔

بہت غلط بول گیا ہوں میں ابرج۔۔۔۔

بہت غلط۔۔۔۔۔

میں کبھی انہیں سمجھ ہی نہیں پایا۔۔۔

ارسل کی آنکھیں سرخ ہو گئی۔۔۔

!!!!چلے میرے ساتھ

www.novelsclubb.com

ابرج نے ارسل کی بے چینی دیکھی تو کہا۔۔۔

کہاں؟؟؟

!!!!چلے تو

ابرج نے ارسل کا ہاتھ تھاما اور کمرے سے باہر لے گئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج ارسل کو لیے عالم شاہ کے کمرے کے باہر لے گئی۔۔۔۔

!!!! چلے اندر

ابرج نے ارسل کی جانب اشارہ کیا۔۔۔

کیا کرنا چاہ رہی ہو اور کیوں جاؤ اندر؟؟؟؟

ارسل بیگانہ ہوا۔۔۔

بھول گئے اپنی کئی ہوئی بات۔۔۔

جتنا سوچے گے اتنا ہی پریشان ہو گے۔۔۔

تو بہتر ہے اس پریشانی سے چھٹکارا پائے۔۔۔

www.novelsclubb.com

آپکے حوصلے سے ہی میں اپنے اباں سے ملی تھی۔۔۔

میں وہی حوصلہ آپکو دے رہی ہو۔۔۔

جائے اور ان سے معافی مانگے۔۔۔

آپ ایک قدم بڑھائے گے وہ آپکو اپنے سینے سے لگائے گے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج ارسل کے کندھے پر ہاتھ جمائے بولی۔۔۔

!!!!اور اگر ایسا نہ ہوا تو

ارسل سوالیہ ہوا۔۔۔

تو یہ تو ہو گا کہ ہم نے کوشش کی تھی۔۔۔

ابرج مسکرائی۔۔۔

جس پر ارسل نے ایک گہرا سانس بھرتے سر حامی میں ہلایا اور دروازے پر دستک دی۔۔۔

!!!!آجائیں

عالم شاہ کی کڑک آواز آنے پر ارسل نے نفی میں سر ہلایا اور پیچھے کو قدم لیے۔۔۔۔

!!!!چلے

ابرج نے ارسل کا ہاتھ تھاما اور اپنے ساتھ لیے اندر کی جانب بڑھی۔۔۔

انعم بیگم جو ڈریسنگ کے سامنے بیٹھے ہاتھوں پر لوشن لگا رہی تھی۔۔۔

جبکہ عالم شاہ بیڈ پر بیٹھے کسی کتاب کا مطالعہ کر رہے تھے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

دونوں ہی ابرج اور ارسل کو آتے دیکھ کر دنگ سے رہ گئے۔۔۔

!!!!!انکل ارسل نے اپ سے بات کرنی ہے کچھ

ابرج جو ارسل کے ساتھ کھڑی تھی آگے بڑھتے بولی۔۔۔

انعم بیگم ابرج کی بات سن کر ان دونوں کی جانب متوجہ ہوئی۔۔۔

جبکہ عالم شاہ چشمہ اتارے ارسل کو دیکھنے لگے۔۔۔۔

!!!بولو بھی اب ارسل

ابرج زیر لب بڑبڑائی۔۔۔۔

جس پر ارسل پیک جھجھکا اور پھر بولنے لگا۔۔۔

مجھے آپ سے ایسے بات نہیں کرنی چاہیے تھی پاپا۔۔۔

مجھے سچ جاننا چاہیے تھا۔۔۔

میں بہت غلط بول گیا ہو۔۔۔۔

سمجھ نہیں سکا آپکو۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ایم سوری۔۔۔۔

ارسل نظریں چرائے بھیگے اور پشیمانی بھرے لہجے سے بولا۔۔۔۔۔۔

عالم شاہ جو اسے سپاٹ نظروں سے دیکھ رہے تھے بناء کچھ بولے اٹھ کھڑے ہوئے۔۔۔

ارسل نے عالم شاہ کو کھڑے دیکھا تو گھبرا کر ایک قدم پیچھے کو ہوا۔۔۔

ابرج بیگم اور انعم بیگم دونوں ہی ٹکر ٹکر دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

عالم شاہ آہستگی سے ارسل کے پاس گئے اور اس کے روبرو کھڑا ہو گئے۔۔۔

اب دونوں ایکدوسرے کو دیکھ رہے تھے۔۔۔

کہ تبھی عالم شاہ نے بازوؤں پھیلائے اور ارسل سے بغل گیر ہوئے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

چار سال کے اتنے عرصے کے بعد ارسل نے جب عالم شاہ کو خود سے لگے محسوس کیا تو جھٹ سے گرفت مضبوط کیے عالم شاہ کو خود سے لگا لیا۔۔۔

غلط صرف تم نہیں میں بھی تھا۔۔۔

میں بھی اپنے بیٹے کی خواہش کو سمجھ نہ سکا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

محض اپنی انا کے آگے خود سری سمجھا۔۔۔

اور تمہیں خود سے بد ظن کیا۔۔۔

عالم شاہ ارسل کو خود سے الگ کیے اس دیکھتے بولے۔۔۔

انعم بیگم نے دونوں کو یوں دیکھا تو آبدیدہ سی ہو گئی۔۔۔

جبکہ ابرج مسکراہٹ دیتے انعم بیگم کے پاس کھڑی ہو گئی اور انعم بیگم کے ہاتھوں کو مسرت انداز سے تھام لیے۔۔

پاپا۔۔۔

ضد تو میری بھی تھی۔۔۔

میں بھی تو آپکی بات نہیں مانتا تھا۔۔۔

باہر جانے کی ضد اور آپکے انکار نے مجھے خود سر بنا دیا۔۔۔

!!!!ایم۔سوری

مجھے معاف کر دے پاپا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بہت غلط رویہ رکھا اس عرصے میں میں نے آپکے ساتھ۔۔۔

ارسل ایک بار پھر نم آنکھوں کے ساتھ عالم شاہ سے بغل گیر ہوا۔۔۔

اچھا بس مرد روتا اچھا نہیں لگتا۔۔۔۔

عالم شاہ نے ارسل کو کندھوں سے تھامتے کہا۔۔۔

جس پر وہ مسکراہٹ دیتے ہوئے انعم بیگم کی جانب بڑھا۔۔۔

انعم بیگم نے ارسل کے ماتھے پر اپنے لب رکھے اور پیار سے اس کے چہرے کو چھوا۔۔۔

اللہ پاک ہماری خوشیوں کو کسی کی نظر نہ لگائے۔۔۔

آمین۔۔۔

www.novelsclubb.com

انعم بیگم نم آنکھوں سے دعا کرتے بولی۔۔۔

اچھا آپ دونوں جاؤ اب آرام کرو۔۔۔

!!!اور ارسل بیٹا

عالم شاہ نے آج ارسل کو پہلی بار محبت سے پکارا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!جی پاپا

!!!! بیٹی کو تنگ مت کیا کرو

بہت پریشان رہی ہیں وہ آج تمہاری وجہ سے۔۔۔۔

عالم شاہ نے مسکرائی ابرج کو دیکھتے کہا۔۔۔۔

!!!!جی پاپا

ارسل اب ابرج کو شکایتی نظروں سے دیکھنے لگا۔۔۔

!!!جاؤ آرام کرو اب

انعم بیگم نے ابرج کے چہرے کو چھوا۔۔۔

جس پر دونوں کمرے سے باہر چلے گئے۔۔۔

جبکہ عالم شاہ واپس بیڈ پر جا بیٹھے۔۔۔

بہت مبارک ثابت ہو رہی ہے ابرج گھر کیلئے۔۔۔

آئے جو بس دو دن ہی ہوئے مگر سب کے دل جیت رہی ہے وہ۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

انعم بیگم اپنی نم آنکھوں کو صاف کرتے بولی۔۔۔

ٹھیک کہہ رہی ہو۔۔۔

کل صبح ہی ان دونوں کے ولیمہ کا اعلان کرتا ہو۔۔۔

سوچ رہا ہو ان کا ہنی مون ٹرپ بھی ارینج کرو۔۔۔

ہاں بلکل۔۔۔۔

بہت اچھا ہو گا یہ تو۔۔۔۔

انعم بیگم نے خوشی سے حامی بھری۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج کمرے میں داخل ہوئی تو ارسل کو شکایتی نظروں سے خود کو دیکھتے پایا۔۔۔

کیا ہوا ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں آپ مجھے؟؟؟

ابرج کھسیائی۔۔۔

پاپا سے میری شکایت بھی کی تھی؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!ارے نہیں تو

وہ تو بس میں پریشان ہو گئی تھی اس لیے۔۔۔

ابرج اداسی سے بولی۔۔۔

کس بات سے پریشان؟؟؟

ارسل اس کے قریب بڑھا۔۔۔

!!!!آپ جو نہیں تھے یہاں

ابرج مسکرائی۔۔۔

!!!ایک بات کہوں

یقین نہیں آتا مجھے کہ اتنے کم وقت میں کسی کا اس قدر گرویدہ ہو گیا ہو کہ محبت کی پہلی سیڑھی چڑھ گیا ہو۔۔۔۔

ارسل ابرج کے ہاتھوں. کو اپنے مضبوط ہاتھوں میں تھامے بولا۔۔۔

!!!

www.novelsclubb.com

!!!مجھے بھی یقین نہیں آرہا ہے اب تک ارسل

کہ محبت ایسی بھی ہوتی ہے۔۔۔

ابرج کی آنکھیں نم ہوئی۔۔۔

اچھا بس رونا نہ شروع کر دینا۔۔۔

کھانا ٹھنڈا ہو چکا ہے اب تک جاؤ جلدی سے گرم کر کے لاؤ اب تو اور بھی بھوک لگ گئی ہے

مجھے۔۔۔

ارسل ابرج کی ناک پر چٹکی کاٹتے بولا۔۔۔

جس پر وہ ہنستے ہوئے میز کی جانب بڑھی اور کھانے کی ٹرے اٹھائے باہر کو چلی گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کھانا کھا کر دونوں اب سونے کے متعلق سوچنے لگے۔۔۔

کہ ابرج تکیہ تھامے سیدھا صوفے میں جا گھسی۔۔۔

!!!ایک رات آپ ایک رات میں

ٹھیک ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس سے پہلے ارسل کچھ کہتا ابرج دبک کر سو گئی۔۔۔

جبکہ ارسل جذبات دبائے بیڈ پر منہ بسورے لیٹ گیا۔۔۔

صبح ہوئی تو ابرج نے سب سے پہلے رخ لائبریری کا کیا۔۔۔

جہاں نماز کی ادائیگی کے بعد وہ چائے لیے عالم شاہ کے سامنے کرسی پر براجمان ہو گئی۔۔۔

جو شاید اسکا ہی آج انتظار کرنے کو بیٹھے تھے۔۔۔

!!!ابرج بیٹا

.عالم شاہ نے چائے کی چسکی بھری

!!!!جی انکل

کل کی طرح چائے آج بھی بہت اچھی بنائی ہے آپ نے۔۔۔

عالم شاہ خوشدلی سے بولے۔۔

بہت شکریہ انکل۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج نے تعریف سنی تو تشکر ہوئی۔۔۔

اور ایک بات کرنی ہے آپ سے۔۔۔

عالم شاہ چائے کی پیالی ٹیبل ہر رکھتے بولے۔۔۔

جی انکل!!!ابرج متوجہ ہوئی۔۔۔

مجھے امید نہیں تھی کہ ارسل اور میرے درمیان سخت گیر اختلافات کبھی اختتام کو بھی پہنچے گے۔۔۔

کل رات ارسل کی باتیں اس کی محبت ابھی تک مجھے حیرت میں مبتلا کیے رکھی ہے۔۔۔

عالم شاہ ایک دم رک گئے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ایک طویل عرصے کے بعد ارسل میرے سینے لگا۔۔۔

ایسا لگتا ہے کہ جیسے میری بے جان سی روح میں جان سی بھر گئی ہو۔۔۔

!!!!بہت شکریہ آپکا

آپکی بدولت مجھے میرا بیٹا واپس مل گیا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

عالم شاہ نم آنکھوں سے ابرج کو تشکر بھرے لہجے سے بولے۔۔۔

انکل اس میں آپ میرا شکریہ ادا مت کرے۔۔

میرا اس میں کوئی عمل دخل نہیں۔۔۔

ابرج برجستگی سے بولی۔۔۔

میں نے ارسل کو تڑپتے دیکھا آپکی محبت کیلئے۔۔۔

پشیمان دیکھا اپنے رویے کی وجہ سے۔۔۔

وہ خود آپ کے پاس آنا چاہتا تھا بس ہمت نہیں کر پا رہے تھے۔۔۔۔

!!!! اور اس ہمت کا ذریعہ آپ بنی

www.novelsclubb.com

عالم شاہ بات کاٹتے بولے۔۔۔

جس پر ابرج خاموش رہی۔۔۔

اب یقین ہے مجھے ارسل کیلئے آپ سے بہتر کوئی ثابت نہیں ہو سکتا۔۔۔

نہ صرف اس کیلئے بلکہ اس گھر کیلئے بھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جیسے کئی سال انعم نے اس گھر کو جوڑنے میں اور سجانے میں گزارے اسی طرح آپ سے بھی یہی امید کرتا ہو کہ اس گھر کو اور ارسل کو ہمیشہ اپنی محبت سے جوڑے رکھیں گی۔۔۔

عالم شاہ نے اطمینانیت سے کہا۔۔۔

جی انکل کوشش کرونگی اور یقین پر اترنے کا عہد بھی کرتی ہو۔۔

ابرج تاسف سے مسکرا کر کہتے ہوئے کرسی سے اٹھی۔۔۔

!!!اور ایک بار پھر چائے کیلئے شکریہ

عالم شاہ نے چائے کی جانب اشارہ کرتے کہا۔۔۔

جس پر وہ مسکراہٹ دیتے لائبریری سے باہر نکل گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

شکر ہے میرے اللہ۔۔۔

تو جو بھی کرتا ہے کوئی نہ کوئی مصلحت اور بھلائی اس میں ضرور چھپی ہوتی ہے۔۔۔

بس ہم انسان ہی اندھے ہو جاتے ہیں۔جو یہ سب دیکھ نہیں پاتے۔۔۔

ابرج دل ہی دل میں شکر بجالاتے اپنے کمرے کی جانب بڑھی۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس چیز سے بے خبر کے باہر کھڑی نرمل جو اندر کی باتیں کان لگائے سن رہی تھی آگ بگولہ ہوتی اپنے کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔

کچھ نہ کچھ تو اب کرنا ہی ہو گا۔۔۔

آہستہ آہستہ وہ سب کے دلوں کو جیت رہی ہے۔۔

اور میں بس ہاتھ دھڑے بیٹھی ہو۔۔۔۔

نرمل دروازہ پٹختے اپنے کمرے میں داخل ہوتے چلائی۔۔۔

بس بہت وقت دے دیا اس لڑکی کو۔۔۔

!!!اب بس

www.novelsclubb.com

بتاتی ہوا سے اب کہ کس بلا کی چیز پر نظر رکھی ہے اس نے۔۔۔۔

نرمل ہاتھ پسیجتے غصے سے بلبلائی۔۔۔

ابرج کمرے میں داخل ہوئی تو ارسل ابھی تک بیڈ پر اوندھے منہ سو رہا تھا۔۔۔

ابھی تک سو رہے ہیں یہ۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نے گھڑی کی جانب نظر دہرائی۔۔

سو جائے کچھ اور دیر تب تک میں فریش ہو کر آتی ہو پھر جگاتی ہوا نہیں۔۔۔

ابرج زیر لب بڑبڑائی اور واش روم کی جانب بڑھی۔۔۔

کچھ ہی دیر میں وہ بالوں کو تولیے سے سوکھاتے باہر کی جانب بڑھی اور شیشے کے سامنے جا کھڑی ہوئی۔۔۔

ارسل اٹھ چکا تھا مگر بظاہر ابرج کو دیکھ کر آنکھیں موندھے لیٹا تھا۔۔۔۔

!!!!ارسل

!!!!ارسل اٹھ جائے اب تو کافی ٹائم ہو گیا ہے

www.novelsclubb.com

ابرج بالوں کو ڈرائے کرتے بناء ارسل کی جانب دیکھتے بولی۔۔

جبکہ ارسل بناء کھسکے مصنوعی نیند کا ڈرامہ کرتے لیٹا رہا۔۔۔

!!!! یہ اٹھ کیوں نہیں رہے

ابرج ڈرائیر رکھتے ارسل کے قریب جا کھڑی ہوئی۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!ارسل

!!!!ارسل

اٹھے صبح ہو گئی ہے اور کتنا سونا ہے۔۔۔۔

مگر ارسل ویسے کا ویسے ہی لیٹا رہا۔۔۔۔

یہ لگتا ہے ایسے نہیں اٹھے گے۔۔۔۔

ان کو انہی کے طریقے سے اٹھاتی ہو۔۔۔

ابرج زیر لب بڑبڑائی۔۔۔۔

اور پھر آہستگی سے ارسل کے اوپر جھکی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل ابرج کو اپنے قریب آتے دیکھ کر دل ہی دل میں خوش ہوا۔۔۔

جس سے اس کے چہرے کے تاثرات تبدیل ہوئے اور ابرج ارسل کی ڈرامہ بازی کو بھانپ گئی۔۔۔۔

اچھا تو میرے ساتھ ڈرامے۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!ابھی بتاتی ہوں انہیں

ابرج نے سوچا اور فوراً ہی ہاتھ بڑھاتے ہوئے ارسل کی ناک دبوچ لی۔۔۔

ناک دبوچے جانے پر ارسل پھڑ پھڑاتے ہوئے اٹھ بیٹھا۔۔۔۔

اور ابرج قہقہے لگاتے ہوئے پیچھے کو جا کھڑی ہوئی۔۔۔۔

!!!!!!!آہ

!!ابرج کی بچی

ایسے کوئی اٹھاتا ہے بھلا۔۔۔۔

ارسل ناک پکڑے چلایا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اچھا جی یاد کرے اس وقت کو جب مجھے ایسے اٹھایا تھا۔۔

لے لیا میں نے اپنا بدلہ۔۔۔۔

ابرج پیٹ ہر ہاتھ جمائے ہنستے بولی۔۔۔۔

ابرج کی بچی ابھی بتاتا ہو بدلہ ہوتا کیا ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل کمبل پیچھے پھینکتے اٹھا۔۔۔

ابرج نے ارسل کو یوں اٹھتے دیکھا تو فورا کمرے گے دروازے کی جانب بھاگی۔۔۔

!!!!ہاں ہاں لے بدلہ مگر اس سے پہلے مجھے پکڑے تو سہی

ابرج ارسل کو چڑاتے بولی۔۔۔

اچھا جی مجھ سے پنگا۔۔۔۔

ہاتھ آؤ پھر بتاتا ہو۔۔۔۔

ارسل تیز قدموں کی ٹھاک بٹھائے ابرج کے پیچھے ہوا۔۔۔

کہ اس سے پہلے ابرج دروازہ کھولتے باہر کو بھاگتی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل نے فورا ابرج کی کلائی تھامی اور دروازے ساتھ لگائے اس کے روبرو کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

دونوں کی سانس بری طرح اکھڑ چکی تھی۔۔۔۔

اور وہ لمبے لمبے سانس بھر رہے تھے۔۔۔

!!!!اب بولو



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!کیا کہہ رہی تھی

ارسل ابرج کی کلائی کو ہلکا سا جھٹکا دیتے بولا۔۔۔

!!!!یہی کہ آپ بہت اچھے ہیں

!!!سب سے اچھے ہیں

!!!!آپ جیسا کوئی نہیں

ابرج اپنی کلائی میں درد محسوس کرتے ارسل کے چہرے کی ابھرتی شرارت کو دیکھتے معصومیت سے بولی۔۔۔

آہاں جان بچانے کو تعریفیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل نے ابرج کی کلائی کو ہلکا سا جھٹکا اور دیا۔۔۔

!!!!آوچ

ارسل قسم سے سچ کہہ رہی ہو اپ بہت اچھے ہو۔۔۔

ابرج اپنی کلائی کو دیکھتے ارسل کی جانب تیز گامی سے بولی۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ تو میں جانتا ہو میں بہت اچھا ہو۔۔۔۔

مگر یہاں بات میں بدلے کی کر رہا ہو۔۔۔

بہت شوق ہے ناں بدلہ لینے کا۔۔۔۔

ارسل نے ابرج کو دروازے سے ٹکایا اور خود اس پر جھکا۔۔

!!!!نہیں تو

ابرج چہرہ دوسری جانب کیے نفی میں سر ہلائے بولی۔۔۔

ارسل نے ابرج کا چہرہ دوسری جانب دیکھا تو اس کے چہرے کو چھوتے واپس رخ اپنی طرف کیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!ڈر کیوں رہی ہو اب

ارسل کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔۔۔

کیا ہے ہر معاملے میں قریب کیوں اجاتے ہو؟؟؟

!!!دور رہ کر بھی بات کر لیا کرو ناں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نے ارسل کو جھکتے دیکھا تو اپنی کلائی چھڑوائے سینے پر دونوں ہاتھ اکڑائے سیدھی ہوئی۔۔۔

!!!!چلوں جی اب میرے قریب آنے پر بھی پابندی

بہت خوبصورت لگ رہی اس کالے رنگ کے لباس میں۔۔۔

سب قریب نہ آنا زیادتی ہو گی۔۔۔

ارسل دونوں بازوؤں کو دروازے پر ٹکائے ابرج کے اور قریب ہوا۔۔۔

!!!!!!ارسل

ابرج روہانسی ہوئی۔۔۔۔

!!!!جی جی سن رہا ہو بولے تو سہی

ارسل ابرج کو تنگ کرتے بولا۔۔۔

کہ تبھی دروازے پر دستک ہوئی۔۔۔۔

ابرج نے ارسل کی جانب دیکھا۔۔۔

مگر وہ ٹس سے مس نہ ہوا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جی کون!؟؟؟؟؟

!!!!ارسل بابو میں بوا

وہ بڑی بیگم کہہ رہی ہیں کی آج ناشتہ آپ دونوں نیچے ان کے ساتھ کریں گے۔۔۔

ابرج نے ارسل کا دھیان بھٹکا پایا تو فوراً ارسل کو جھٹکا دیتے پیچھے کیا اور دروازہ کھول لیا۔۔۔

ارسل نے ابرج کی تیزی دیکھی تو منہ بسورے اسے گھورنے لگا۔۔۔

ٹھیک ہے بوا۔۔۔۔

میں ویسے بھی آ ہی رہی تھی۔۔۔۔

!!!چلے میں آپ کے ساتھ ہی چلتی ہو

www.novelsclubb.com

ابرج نے بھاگ جانے کی کی۔۔۔

!!!!اچھا جی بھاگنے کی کوشش

ارسل نے بھنویں اچکائے کہا اور فوراً دروازے ہے پیچھے چھپتے ابرج کی بازو کو جکڑا۔۔۔۔

!!!!ٹھیک ہے چھوٹی بہو



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بوا کہتے ہوئے آگے کو بڑھی۔۔۔

مگر ابرج اب بھی وہی ٹھٹکی کھڑی رہی کیونکہ ارسل دروازے کے پیچھے چھپا اس کی بازو جکڑے کھڑا ہنس رہا تھا۔۔۔

!!!!ارسل میرا بازو چھوڑے

ابرج نے دروازے کی دوسری جانب منہ کیے ارسل کو گھورا۔۔۔

!!!!!کیوں چھوڑو

!!!! چھڑوا سکتی ہو تو چھڑوالو

!!! مجھ سے پنگا از ناٹ چنگا

www.novelsclubb.com

ارسل مزے سے ابرج کو دیکھتے بولا۔۔۔

!!!! چھوٹی بہو

کیا ہوا سب خیریت تو ہے ناں؟؟؟

بوا نے ابرج کو دروازے کے اس پار کھینچا تانی کرتے دیکھا تو بولی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!! ارسل بوادیکھ رہی ہے پلیز چھوڑے

ابرج اپنی بازو چھڑواتے بولی۔۔۔

!!!ایک شرط پر

ارسل نے موقع غنیمت جانی۔۔۔

!!!کونسی شرط

ابرج نے جان چھڑوانے کو کہا۔۔۔

آج رات ڈنر باہر کرے گے۔۔

چلوں گی؟؟

www.novelsclubb.com

ارسل ابرج کی گال کو چھوتے بولا۔۔۔

!!!بس اتنی سی بات

!!! جی جی ضرور جاؤ گی

!!!ابھی تو چھوڑے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نے محض بازو چھڑوانے کیلئے حامی بھری۔۔۔

وعدہ!!!؟؟؟

جی جی پکا وعدہ!!!۔ابرج نے یقین دہانی کروائی۔۔

!!! ٹھیک ہے جاؤ اچھا سا ناشتہ بناوء اپنے مجازی خدا کیلئے

ارسل نے گرفت چھوڑی اور فاتحانہ مسکراہٹ دیتے بولا۔۔۔۔

!!!جو حکم

ابرج مسکراہٹ دیتے ہوئے باہر کی جانب بڑھی جہاں بوا اس کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔

ابرج کے جانے کے بعد ارسل گنگناتے ہوئے خوشگوار انداز سے سیدھا واش روم کی جانب بڑھ گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!السلام علیکم

ابرج سلام کرتے کیچن میں داخل ہوئی۔۔۔

جہاں شانزے بیگم چائے کی تیاری کر رہی تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جبکہ انعم بیگم لوازمات دیکھ رہی تھی۔۔۔

شانزے بیگم نے ابرج کو اندر آتے دیکھا تو منہ بسورے دوسری جانب دیکھنے لگی۔۔۔۔

!!!!وعلیکم السلام

کیسی ہو بیٹا آپ؟؟؟؟

!!بہت خوبصورت لگ رہی ہو

ماشاءاللہ۔۔۔

انعم بیگم اور ابرج بظاہر دونوں کی شانزے کا رویہ دیکھ چکے تھے۔۔۔

!!!میں ٹھیک ہو آنٹی

!!!شکریہ

ابرج محبت بھرے انداز سے بولی۔۔

ناشتے کی تیاری ہو رہی ہے میں بھی کچھ مدد کرو؟؟؟

نہیں بیٹا ابھی نہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر بہت جلد آپ ہی یہ سب سنبھالو گی۔۔۔

!!! مگر آنٹی میں کرتی ہوناں

!!! مجھے بہت اچھا لگے گا یہ سب کر کے

ابرج ضد کرتے بولی۔۔

ہاں ہاں مجھے معلوم ہے مگر جب تک رسوئی رسم نہیں ہو جاتی۔۔۔

تب تک کوئی کیچن کا کام نہیں کرو گی۔۔۔

اور ویسے بھی ہمارے گھر میں کھانا ہم گھر کی خواتین ہی بناتی ہیں۔۔

انعم بیگم نے ابرج کو پیار سے سمجھایا۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!! چلیں ٹھیک پر میں یہ باہر تو رکھ کر تو آسکتی ہوناں

ہاں کیوں نہیں بلکہ بوا بھی آپکی مدد کرے گی۔۔۔

!!! بوا

یہ سب سامان لے جائے آپ اور ابرج بھی آپکی مدد کرے گی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!احتیاط سے

ابرج ایک ٹرے تھامے بوا کے ساتھ باہر چلی گئی۔۔۔

شانزے نے ابرج کی غیر موجودگی پائی تو فوراً زہر آلود ہوئی۔۔۔

تو اسکا مطلب اس کل کی آئی لڑکی کو جس کا کچھ اتہ پتہ نہیں آپ نے اپنی بہو تسلیم کر لیا ہے؟؟؟

انعم بیگم نے شانزے کا لہجہ سنا تو ایک دم رک گئی۔۔۔

شانزے کیسی باتیں کر رہی ہو۔۔۔

ہمارے نہ ماننے سے حقیقت بدل نہیں جاتی۔۔۔

!!!!اور ویسے ہی ابرج بہت ہی اچھی بچی ہے ارسل کے حق میں بہتر ثابت ہوئی ہے اب تک

اچھا تو آپ کے کہنے کا کیا مطلب ہے؟؟؟

!!!میری نرمل اچھی نہیں

!!!!وہ اس گھر اور ارسل کیلئے اچھی ثابت نہ ہوتی

شانزے بپھڑی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!میرا ایسا کوئی مطلب نہیں شانزے بات کو غلط رنگ کیوں دینے پر تلی ہو

!!!بس کر دے آپی آپ

سب جانتی ہو اور سمجھتی بھی ہو کہ کیسے اب تک آپ دوسروں کو مجھ پر اور میری بیٹی پر فوقیت دیتی آئی ہے۔۔۔

!!!!مگر یاد رکھنا جس کو سر پر چڑھا رہی ہو ناں آپ وہی خاک ڈالے گی آپ کے سر پر

شانزے شدت سے گو ہوئی۔۔۔

کہ تبھی بوا کے ساتھ کیچن میں داخل ہوئی۔۔۔

شانزے بیگم اور انعم بیگم کو پریشان دیکھ کر رک گئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

شانزے بیگم نے ابرج کو دیکھا تو پیر پٹختے ہوئے کیچن سے باہر نکل گئی۔۔۔

!!!!دماغ خراب ہو گیا ہے اسکا اسکی بیٹی کی طرح

انعم بیگم بڑں بڑائی۔۔۔۔

کیا ہوا ہے آنٹی سب ٹھیک ہے؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج ماحول کو دیکھتے بولی۔۔۔

ہاں بیٹا سب ٹھیک ہے۔۔۔

چلوں آؤ باہر چلتے ہیں۔۔۔

سب سامان پہنچ ہی چکا ہے ٹیبل پر اب۔۔۔

بوا آپ باقی سب کو ایک بات پھر بلا لاؤ۔۔۔

انعم بیگم ابرج کو لیے باہر کو نکلی۔۔۔

سب ہی ناشتے کیلئے ٹیبل پر موجود تھے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہ ارسل بھی اپنے کمرے سے نکلتا ہو سیدھا ڈائنگ روم کی جانب بڑھا اور کرسی کھینچے بیٹھ گیا۔۔۔

!!!! گڈ مارننگ

کیسے ہیں سب ؟؟؟؟

ارسل پر جوش ہوا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

واہ برخودار آج تو بہت فریش لگ رہے ہو؟؟؟

نوید صاحب ارسل کے ساتھ بیٹھے تھے کندھوں ہر چست لگائے بولے۔۔۔

!!!! صیحح کہہ رہے ہو نوید

!!! شادی نے اسے کافی بدل دیا ہے

عالم شاہ جو سر براہ نشست پر براجمان تھے نوید شاہ کی بات سنتے بولے۔۔۔

شانزے بیگم اور نرمل بھی اب ناشتے کو آئی اور اپنی اپنی نشست پر براجمان ہوئی۔۔۔

!!! ہاں چاچوں ٹھیک کہہ رہے ہو

شادی نے بدل دیا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

مگر لازم اور ضروری بات یہ ہے کہ جس سے شادی ہوئی ہے یہ سب اسی کے کرامات ہیں۔۔۔

ارسل بریڈ پر جیم لگائے بولا۔۔۔

نرمل جو چائے پیالی میں انڈیل رہی تھی ارسل کی بات سن کر ٹھٹکی۔۔۔

مگر شانزے بیگم نے فوراً نرمل کے ہاتھ ہر دباؤ ڈالتے اسے خاموش رہنے کا کہا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اچھا جی!!!!۔

تو ہے کہاں آپکی تبدیلی کی وجہ؟؟؟؟

!!!ہاں میں بھی یہی دیکھ رہا ہو

آتو پہلے ہی گئی تھی وہ۔۔۔۔

ارسل بھی نظر دہرائے بولا۔۔۔۔

!!!!جی جناب ارسل بھائی کی تبدیلی یہاں ہے

ملائکہ اور انعم بیگم جو ابرج کے ساتھ تھے ہنستے ہوئے داخل ہوئے۔۔۔۔

ابرج کو دیکھ کر ارسل وہی رک گیا۔۔۔

جبکہ نرمل ان دونوں کو خونخوار آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

ابرج بیٹا یہاں آکر بیٹھو ارسل کے ساتھ۔۔۔۔

نوید صاحب فوس اٹھے اور دوسری کرسی پر براجمان ہو گئے۔۔۔

ابرج ہاتھ میں ایک ٹرے اٹھائے آگے کو بڑھی۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!یہ ہاتھ میں کیا ہے ابرج بیٹا آپ کے

عالم شاہ نے ابرج کو دیکھتے کہا۔۔۔

شاہ جی بہت منع کیا مگر بلکل ارسل کی طرح یہ بھی بہت ضدی ہے۔۔۔

کہہ رہی تھی میں پراٹھے بہت اچھی بناتی ہو۔۔۔

!!!!تو بس وہی بنا کر لائی ہے آپ سب کیلئے

انعم بیگم عالم شاہ کے ساتھ جا بیٹھی۔۔۔

جبکہ ملائکہ شانزے بیگم کے ساتھ بیٹھ گئی۔۔۔

جی پاپا بہت ہی اچھے بنائے ہیں بھابھی نے پراٹھے۔۔۔

!!!!بہت ہی کرپسی

ملائکہ خوشی سے جھومتے بولی۔۔۔

اچھا جی تو پھر آج ناشتہ پراٹھے کا ہی ہو گا۔۔۔۔

بیٹا پراٹھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

عالم شاہ پلیٹ ابرج کی جانب بڑھائی۔۔۔

!!!جی انکل

ابرج نے پراٹھاان کی پلیٹ میں رکھا۔۔۔

تو بھئی آج میں بھی ناشتہ پراٹھے کا ہی کرونگا۔۔۔

ایک عرصہ ہو گیا پراٹھا نہیں کھایا۔۔۔

نوید صاحب نے بھی پلیٹ ابرج کی جانب کی۔۔۔

لوں جی سب ہی پراٹھا کھا رہے تو میں کیوں اس تبرک سے پیچھے رہو۔۔۔۔

!!!بیگم ایک پراٹھا ہمیں بھی کھلا دے آپ

www.novelsclubb.com

ابرج نے ارسل کی جانب محبت سے دیکھا۔۔۔

جس پر نوید شاہ کو پراٹھا پروسنے کے بعد ارسل کی پلیٹ میں پراٹھا رکھتے وہ بیٹھ گئی۔۔۔

بھابھی مجھے بھی پراٹھے کی پلیٹ پاس کر دے۔۔۔

!!!!ہاں یہ لوں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شانزے آنٹی آپ لو گی؟؟؟

ملائکہ نے پلیٹ بڑھائی۔۔۔

نہیں میں یہ گھی سے لبرا آٹا نہیں کھا سکتی۔۔۔

شانزے بیگم سخت لہجے سے منہ چڑھائے بولی۔۔۔

جسے سن کر سب ہی شانزے کو دیکھنے لگے۔۔۔

ملائکہ بیٹا مجھے دو۔۔۔۔

!!!مجھے تو پراٹھا لینا ہے

انعم بیگم نے فورا معاملے کو ٹھنڈا کرتے کہا۔۔۔۔۔

!!!!واہ

!!!!بہت ہی عمدہ

نوید شاہ نوالہ بھرتے بولے۔۔۔

سچ میں نوید بہت ہی مزے کا نرم تہوں والا پراٹھا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

عالم شاہ نے بھی تعریف بھرتے کہا۔۔۔

!!!شاباش بیٹا

عالم شاہ نے ابرج کے سر پر شفقت بھرا ہاتھ رکھا۔۔۔

جبکہ نوید شاہ نے فوراً اپنی جیب سے کچھ پیسے نکالے اور ابرج کی جانب بڑھائے۔۔۔

!!!بیٹا یہ لو اپکا انعام

!!!نہیں انکل

!!!مجھے ان کی ضرورت نہیں

!!!آپ سب نے تعریف کر دی یہی بہت ہے میرے لیے

ابرج جھجھکتے بولے۔۔۔

!!!گفٹ کو منع نہیں کرتے بیٹا

!!!!رکھ لوں شاباش

نوید نے ابرج کے سر پر پیار دیتے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!شکریہ

!!!!میں اپنا گفٹ کمرے میں جا کر دونگا

ارسل ابرج کے کان میں پھسپھسایا۔۔۔

جس پر ابرج شرما سی گئی۔۔۔

نرمل کی نظریں تو ویسے ہی ان دونوں کی حرکتوں پر گری ہوئی تھی۔۔۔۔

!!!!کہ تبھی اچھل کود کرتے عاصم اور احمد بھی وہی داخل ہوئے

!!!السلام علیکم سب کو

دونوں کرسی کھینچے فورا ناشتے پر ٹوٹے۔۔۔۔

!!!!!وعلیکم السلام

!!!!بوا ان دونوں کو ناشتہ پروسے

انعم بیگم نے ان دونوں. کی جانب دیکھتے کہا۔۔۔۔

کہاں تھے تم دونوں بندر ہاں؟؟؟

www.novelsclubb.com

جب سے میں آیا ہو تب سے غائب ہو؟؟؟؟

ارسل ان دونوں کو دیکھتے بولا۔۔

!!! یہ دونوں تو ایسے ہی غائب رہتے ہیں ارسل

!!! کبھی اس پہاڑی تو کبھی اس پہاڑی

نوید شاہ خفگی سے بولے۔۔۔

!!! نوید صاحب کبھی تو بخش دیا کرے

شانزے بیگم دانت پیستے بولی۔۔۔

ارے یہ کون ہے؟؟؟؟

www.novelsclubb.com

احمد ابرج کو دیکھتے بولا۔۔۔

ہاں یہ کون ہے ماما؟؟؟

عاصم شانزے بیگم کو دیکھتے بولی۔۔۔

!!!! بھائی بھابھی ہے آپکی



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!ارسل بھائی کی بیوی ابرج بھابھی

ملائکہ آنکھ دبائے بولی۔۔۔

!!!! جسے سن کر دونوں منہ کھولے ابرج کو دیکھتے تو کبھی نرمل کو

!!!!!!بھابھی

دونوں یکجا بولے۔۔۔

!!!!مگر ان کی شادی تو نرمل

احمد بولنے لگا کہ عاصم نے ایک کونی احمد کی کمر پر دھری۔۔۔

واہ ارسل بھائی شادی کر لی اور بلایا بھی نہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

عاصم خفگی سے بولا۔۔۔

!!!! تو اور کیا

!!!ہم نے کیا کیا سوچ رکھا تھا

کیا کیا پلین کیا تھا۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!مگر سب پر پانی پھر گیا

احمد بھی اب منہ لٹکائے بولا۔۔۔

!!!ارے بابا کبھی ڈرامے بازی چھوڑ بھی دیا کرو

ابرج یہ ہے احمد اور یہ ہے عاصم دونوں ہی ٹوئنس ہے اور نوید چاچوں کے بیٹے ہیں۔۔۔

!!!!گھر کی جان اور سکون کے دشمن

ارسل نے ابرج کو تعارف دیا۔۔۔

!!!!السلام علیکم بھابھی

دونوں دوبارہ یکجا بولے۔۔۔

!!!وعلیکم السلام

!!!ابرج مسکرائی

!!!بھائی نائس چوائس

احمد آنکھ دبائے بولا۔۔۔

www.novelsclubb.com

جس پر ارسل نے اسے گھوری ڈالی۔۔

اچھا تو اب سب یہاں موجود ہی ہے تو ایک اہم۔اعلان ہو ہی جائے۔۔۔

چونکہ ابرج اور ارسل کا نکاح بہت جلد بازی میں ہوا تو ہم نے سوچا کیوں نہ اب ولیمہ کے ذریعے سب جو دعوت عام دی جائے اور اس خوشی سے آشنا کروایا جائے کہ ارسل کی شادی ہو چکی ہے۔۔۔

اس طرح خاندان والوں کو بھی خبر ہو جائے گی اور سوسائیٹی والوں کو بھی۔۔۔۔

عالم شاہ نے اونچی آواز سے سب کو بہرور کیا۔۔۔

یہ خبر سننے کی دیر تھی نرمل میز پر ہاتھ مارتے اٹھی اور غصے سے بلبلاتی وہاں سے نکل پڑی۔۔۔

شانزے بیگم نے نرمل کو یوں جاتے دیکھا تو وہ بھی اس کے پیچھے کو چلی گئی۔۔۔

سب ہی نرمل کے اس رویے کو دیکھ کر پریشان ہوئے۔۔۔

!!!بھائی آپ بات مکمل کرے چھوڑے ان ماں بیٹی کو

نوید شاہ نے عالم شاہ کو دیکھتے کہا۔۔۔

!!!



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

سب انتظامات تم سنبھالو گے نوید باہر کے۔۔۔

اور انعم بیگم آپ مہمانوں کو دیکھے گی۔۔۔

میں کھانے کا انتظامات دیکھو گا۔۔۔۔

!!!اور ہم تایا جی

احمد نے عاصم کو دیکھتے کہا۔۔۔

تم۔دونوں کو رونق لگاؤ گے۔۔۔۔

عالم شاہ مسکراہٹ دیتے بولے۔۔۔

تو بس پھر سب ہی تیاریوں میں لگ جانا ناشتہ کر کے۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور ملائکہ بیٹا آپ ابرج کے ساتھ جانا ڈیزائینز کے پاس میں سب بکنز کروالو نگی۔۔۔

ٹھیک ہے ماما۔۔۔

ملائکہ نے حامی میں. سر ہلایا۔۔۔

جب کہ ابرج اور ارسل اس پھرتی ہر ششدر منہ کھولے سب کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بھائی بھابھی کو دیکھو مارے حیرت کیسے ہم سب کو دیکھ رہے ہیں۔۔۔

ملائکہ نے سب کی توجہ ان دونوں کی جانب مبذول کروائی جس پر سب ہنس پڑے۔۔۔

ابرج اپنے کمرے میں موجود بیڈ شیٹ اور کمبل سمیٹ رہی تھی۔۔۔

جب انعم بیگم ملائکہ کو لیے کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔

!!!ابرج بیٹا

!!!!جی آنٹی

ابرج انعم بیگم کی جانب بڑھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

بیٹا میں نے ابھی ڈیزائینر سے بات کی ہے۔۔۔

اور جیولر سے بھی کہہ دیا ہے۔۔۔

اب آپ ملائکہ کے ساتھ جانا اور جو پسند آئے اپنے لیے وہ لے آنا۔۔۔

!!!جی آنٹی



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج حامی بھرے بولی۔۔۔

بس اب کسی کام میں نہ لگ جانا۔۔۔

جلدی سے آپ تیار ہو اور ملائکہ کو لے کر جاؤ۔۔۔

جاؤ ملائکہ تم بھی تیار ہو مجھے بھی بہت سے کام ہے مہمانوں کی لیسٹ بنانی ہے ابھی۔۔

اور پھر انفام بھی کرنا ہے سب کو۔۔۔

افففففففف بہت کام ہے۔۔۔۔

پتہ نہیں سب کام اچھے سے مکمل ہونگے بھی کہ نہیں۔۔۔

انعم بیگم مارے پریشانی وہاں سے چلی گئی۔۔۔

!!!آنٹی بہت زیادہ پریشان ہو رہی ہے

ولیمہ ہی تو ہے بس۔۔۔

ابرج انعم بیگم کی پریشانی دیکھتے گو ہوئی۔۔۔

بلکل۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر بھابھی ولیمہ بھی تو ان کے اکلوتے بیٹے کا ولیمہ ہے پریشان تو ہونگی ناں۔۔۔

ملائکہ مسکراہٹ دیتے بولی۔۔

اچھا بھابھی میں تیار ہونے جا رہی ہو۔۔۔

ماما نے دیکھا ناں کہ ہم ابھی تک نکلے نہیں تو یقین جانے بہت ڈانٹ بھی پڑ سکتی ہیں ہمیں۔۔۔

ابرج نے ملائکہ کو اجلت سے جاتے دیکھا تو مسکراہٹ دیتے واپس بیڈ کی جانب بڑھی اور کمبل سمیٹ کر الماری کی جانب بڑھی۔۔۔

کہ تبھی ارسل دھرم کرتا کمرے میں داخل ہوا۔۔۔

اور شیطانیت بھری معصوم شکل بنائے دروازے کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑا ہو گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج ارسل کی اس حرکت پر پہلے تو چونکی پھر اس پر سرسری سی نظر ڈالے واپس الماری کی جانب بڑھی۔۔۔

!!!ہیں کوئی لائن نہیں

کوئی بھاؤ نہیں؟؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج کی توجہ نہ پا کر ارسل پہلے تو اسے گھورنے لگا مگر پھر اپنے خاص انداز سے جھومتے ہوئے الماری کی جانب بڑھا۔۔۔

جیسے ہی ابرج نے کمبل رکھتے الماری کا دروازہ بند کیا ارسل کا مسکراتا چہرہ دیکھ کر ایک دم چونکی۔۔۔

اللہ اللہ۔۔۔

!!!ارسل

وہ سینے پر ہاتھ دھڑے سنبھلی۔۔۔

!!!کیا کرتے ہو آپ

ڈر گئی تھی میں جان نکل جاتی میری تو۔۔۔

وہ خود کے حواس بحال کرتے ہوئے بولی۔۔۔

!!!کیوں جی کیوں نکلتی جان میری جان کی

!!!وہ بھی مجھے دیکھ کر

ارسل ابرج کی تھوڑی کو چھوتے بولا۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آپ ایسے کھڑے ہو کر زونبی کی طرح مجھے گھورے گے تو میں کیا کوئی بھی ڈر جائے گا۔۔۔

اب پیچھے ہٹے ابھی آپ کے چونچلوں کا وقت نہیں میرے پاس۔۔۔

ابرج ارسل کا ہاتھ جھٹکتے ڈریسنگ روم کی جانب بڑھی۔۔۔

ماما ابھی کہہ کر گئی ہے کہ مجھے اور ملائکہ کو ابھی جانا ہے مارکیٹ۔۔۔

اگر نہ گئی ناں تو ڈانٹ پڑ جائے گی ہمیں۔۔۔

ابرج برجستگی سے بول رہی تھی جبکہ وہ ڈریسنگ روم کے دروازے پر کھڑی اس کو بازوؤں باندھے بغور دیکھ رہا تھا۔۔۔

تمہیں کس نے اس غلط فہمی میں مبتلا کیا ہے؟؟

www.novelsclubb.com

کہ ماما ڈانٹتی بھی ہے؟؟؟

ملائکہ نے ڈرایا مجھے۔۔۔

اتنے سنجیدہ پن سے بول رہی تھی ناں کہ ایسا لگا کہ سچ میں مجھے ڈانٹ پڑ ہی نہ جائے۔۔۔

ابرج نے ارسل کی جانب سے جب کوئی جواب نہ پایا تو رک گئی اور ارسل کو دیکھنے لگی۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کیا ہوا ہے آپکو؟؟؟

بول کیوں نہیں رہے کچھ آپ؟؟؟

!!!بولتے ہوئے تم اتنی اچھی لگ رہی تھی کہ دل ہی نہ کیا کہ تمہیں روکوں

وہ اسے مسحور نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

ابرج نے ارسل کی بات سنی تو نظریں جھکائے خاموش ہو گئی۔۔۔

اب تم کیوں چپ ہو گئی ہو؟؟؟؟

تمہیں سننے کو تو میں خاموش ہوا ہو۔۔۔

ارسل ابرج کو دیکھتے اس کی جانب بڑھا۔۔۔

!!!ارسل

ابرج آہستگی سے بولی۔۔۔

!!!! جی

ارسل اس کے قریب تر اس پر جھکتے اسے دیکھنے لگا۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!کچھ نہیں

!!!!کچھ تو ہے جو یوں چپ ہو گئی ہو

!!!میری جانب دیکھو

!!!تمہیں سننا بھی چاہتا ہو اور دیکھنا بھی

ارسل ابرج کو تھوڑی کو چھوتے اس کا چہرہ اوپر کی جاب کرتے بولا۔۔۔

ابرج نے نظریں اٹھائی تو اس کی آنکھیں نم جبکہ سرخی بھی گہری چھا گئی۔۔۔

!!!!رو کیوں رہی ہو یار

!!!!کتنا روتی ہو تم

www.novelsclubb.com

کیا تمہارے اندر کوئی ٹنکی ہے جو ختم نہیں ہوتی بس بہتی رہتی ہے۔۔۔

ارسل ابرج کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں بھرتے بولا۔۔۔

!!!یہ آنسوں نہیں ہے

ابرج ہچکی بھرے بولی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!اوہ سچی

!!!ہاں یہ تو نمک اور پانی

!!!!تم مجھے نہ بتاتی تو مجھے کبھی پتہ ہی نہ چلتا کہ یہ آنسوں نہیں ہے

ارسل سنجیدہ انداز اپنائے بولا۔۔۔

جس پر ابرج روتے ہوئے بھی ہنس پڑی۔۔۔

افففففففف کس قدر عجیب بولا آپ نے ابھی۔۔۔

!!!پیچھے ہٹے آپ نہیں سمجھے گے کچھ

موقع تو دو مجھے۔۔۔

سمجھنا چاہتا ہو۔۔۔

جاننا چاہتا ہو۔۔۔

اور بے پناہ محبت بھی کرنا چاہتا ہو۔۔۔۔

ارسل نے ابرج کے ماتھے پر اپنے گرم تپش لب رکھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل کے لمس کو محسوس کرتے ہوئے ابرج آنکھیں موندھے کھڑی رہی۔۔۔

!!!اب بھی کانپ جاتی ہو سوچ کر کہ اگر آپ نہ آتے اس رات تو

!!!کیا ہوتا میرا

!!!کہاں ہوتی میں اور کس حال

چپ!!!!ارسل نے فورا ابرج کے لب پر انگلی ٹکائے۔۔۔

چپ اب۔۔

!!!نا جانے کیا کیا سوچتی رہتی ہو

اور بھلا میں کیوں نہ آتا!!!!۔

www.novelsclubb.com

ہمارا ملنا لازم تھا کہہ سکتی ہو قسمت اور رب کا لیکھا ایک ہی تھا کہ آج ہم ساتھ ہے۔۔

!!!

بس اب رونا نہیں کبھی۔۔۔

مجھے ویسے بھی آنسوؤں سے نفرت ہے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل نے ابرج کی گالوں سے آنسوں کو صاف کیا۔۔۔

اچھا نہیں روتی۔۔۔

مگر مجھے آپ سے ایک بہت ضروری بات کرنی ہے۔۔۔

ابرج سنجیدہ ہوئی۔۔۔

!!!!ہاں کرو

بلکہ باہر آؤ سکون سے بات کرتے ہیں۔۔۔

ارسل ابرج کا ہاتھ پکڑے باہر کو نکلا۔۔۔

نہیں ابھی نہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابھی وقت نہیں۔۔۔

بہت ہی اہم بات ہے وہ بھی اہم موقع کیلئے۔۔

لوں تو ہمارا ہر لمحہ ہی اہم ہے ناں ابرج۔۔۔

!!!تو ابھی کیوں نہیں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل پھر ابرج کے پاس بڑھا۔۔

مان بھی جایا کرے کبھی میری بھی۔۔۔ابرج اصرار کرتے بولی۔۔

جی جی اپکی ہی تو ماننی ہیں مجھے۔۔۔

انتظار رہے گا مجھے بس۔۔۔۔

ارسل اس کے ہاتھوں کو تھامے بولا۔۔۔

!!!!بھابھی

ملائکہ جو بناء دستک ارسل کی موجودگی سے بے خبر اندر کی جانب بڑھی دونوں کی قربت دیکھ کر وہی رک گئی۔۔۔

!!!!اوہ سوری سوری

!!!بلکل سوری

!!!!سچی کچھ نہیں دیکھا میں نے

ملائکہ آنکھوں پر ہاتھ جمائے بولی۔۔۔

www.novelsclubb.com

جس پر ابرج نے فورا اپنا ہاتھ ارسل کے ہاتھ سے کھینچا۔۔۔

ارے ملائکہ ایسا کچھ نہیں ہے۔۔۔۔۔

نہیں نہیں جھوٹ بول رہی ہے تمہاری بھابھی۔۔

!!!اچھا خاصا رومینٹک ماحول تھا ڈسٹرب کر دیا تم نے آکر

ارسل جان بوجھ کر ملائکہ کو تنگ کرتے بولا۔۔۔

بھائی ایم ریلی سوری۔۔۔

اگلی بار دھیان رکھو گی۔۔۔۔

!!!!پکا

ملائکہ شرمندہ ہوئی۔۔۔

ارے ملائکہ ارسل مذاق کر رہے ہیں۔۔۔

اور ارسل تنگ نہ کرے پلیز اچھا۔۔۔

ابرج ملائکہ کو بانہوں میں بھرے بولی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!اچھا اب شرمندہ نہ ہو

یہ بتاؤ تم ہو گئی ہو تیار؟؟؟

جی بھابھی مگر آپ نہیں ہوئی ابھی تک!!! ملائکہ ابرج کو دیکھتے بولی۔۔

!!!کہاں تمہارے بھائی ہونے دے تو پھر ناں

ابرج نے ارسل پر نظر دہرائی جو مزے سے بیڈ پر لیٹا ان دونوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

جی جی اب بیگم کی ساری غلطیاں میرے سر پر ڈالی جائے گی۔۔

ارسل مصنوعی غصہ اپنائے بولا۔۔۔

ارسل!!!!!ابرج گھوری۔۔۔

بھائی تنگ نہ کرے آپ اچھا۔۔۔۔

اور بھابھی آپ تیار ہو جائے میں ڈرائیور کو دیکھتی ہو کہتی ہو کہ گاڑی نکالے۔۔۔

ویسے بھی بہت لیٹ ہو جائے گی ہمیں۔۔۔

مجھے بھی اپنی شاپنگ کرنی ہے اور ماما کی بھی۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ملائکہ کہتے ہوئے باہر نکل گئی۔۔۔

کیا مطلب لیٹ؟؟؟؟

ہمارا ڈنر پلین؟؟؟؟

اسکا کیا بنے گا؟؟؟؟

ارسل ایک دم اٹھ بیٹھا جبکہ ابرج اب ڈریسنگ روم میں جا چکی تھی۔۔۔۔

میرا سارا انتظام دھڑے کا دھڑا۔۔۔

نہیں بلکل نہیں۔۔۔

!!!!کچھ تو کرنا پڑے گا

www.novelsclubb.com

ارسل باہر بیٹھے ابرج کا انتظار کرنے لگا جیسے ہی ابرج باہر کو نکلی فورا اس کی جانب جھپٹا۔۔۔۔

اوئے رات کو میں نے ڈنر کا کہا تھا!؟؟

!!!!!میں تو ساری تیاری کر چکا ہوا ب تک

!!!!میں کیا کہہ سکتی ہو مجھے تھوڑی پتہ تھا کہ یوں ولیمہ اناوئس ہو جائے گا ہمارا



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج کندھے اچکائے شیشے کے سامنے جا کھڑی ہوئی۔۔۔

یہ کیا بات ہوئی یار؟؟؟؟

ارسل منہ پھولائے بیٹھ گیا۔۔۔۔

بھابھی آپ ہو گئی ہے تیار تو آجائے ڈرائیور نے گاڑی نکال لی ہے۔۔۔۔

ملائکہ اب پھر نوک کیے بناء اندر بڑھی۔۔۔

ہاں ہو گئی ہو چلوں چلتے ہیں۔۔۔

ابرج ڈوپٹہ سیٹ کرتے بولے۔۔۔

بھائی کا منہ کیوں بناء ہے؟؟؟

www.novelsclubb.com

ملائکہ ارسل کو دیکھتے بولی۔۔۔

کچھ نہیں پانی پھرا ہے آپکے بھائی کے خوابوں پر۔۔۔

ابرج نے دبی مسکراہٹ بھری۔۔

جی نہیں میں ایسے ہونے دونگا ہی نہیں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل ابرج کے سامنے سینہ تانے بولا۔۔۔

تم دونوں کو شاپنگ پر میں لے کر جاؤ گا۔۔۔

دولہا تو میں بھی ہو شاپنگ تو مجھے بھی اپنی کرنی ہے۔۔۔

آخر اتنی حسین دلہن ہو گئی سامنے تو ٹکر کی تیاری مجھے بھی تو کرنی ہو گی ناں۔۔۔۔

ارسل شوخی سے کندھے اچکائے خوشی سے کہتے کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔

اب انہیں کیا ہوا؟؟؟

ملائکہ اب بھی حیرت کی تصویر بنی تھی۔۔۔

پتہ نہیں ملائکہ میں ابھی سمجھ رہی ہو تمہارے بھائی کو جس دن کامیاب ہو گئی تب بتاؤ گی۔۔۔

ابرج کندھے اچکائے بولی اور دونوں ہنستے ہوئے باہر نکل پڑی۔۔۔

پورا دن ارسل ابرج اور ملائکہ ڈیزائینز کی شاپس میں گھومتے رہے۔۔۔

کبھی ارسل کو کچھ پسند آتا تو ابرج منہ چڑھا دیتی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور اگر ابرج پسند کرتی تو ارسل انکار کر دیتا۔۔۔

ملائکہ تو دونوں کے درمیان پھنس چکی تھی کہ اب روہانسی ہوتی انعم بیگم کو کال ملا دی۔۔۔

ماما آپ کے بہو بیٹے کچھ پسند نہیں کر رہے۔۔۔

آپ پلیز مجھے ڈرائیور سے کہہ کر واپس بلوا لے میری شاپنگ ہو گئی ہے مکمل اور میں اب بہت زیادہ تھک چکی ہو۔۔۔۔

!!!! چلے ٹھیک ہے خدا حافظ

ملائکہ نے فون بند کیا تو سامنے ارسل اور ابرج کو بازوؤں باندھے اسے گھورتے پایا۔۔۔

کیا؟؟؟؟

www.novelsclubb.com

!!!! ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں آپ دونوں مجھے

بھئی شادی آپکی شاپنگ آپکی۔۔۔

میں کیوں. خوار ہو۔۔۔

میری تو ہو گئی شاپنگ میں تو جا رہی ہو گھر۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

دونوں خود ہی ایک دوسرے کو سنبھالو۔۔۔

ملائکہ سکھ کا سانس بھرے مسکراتے بولی۔۔۔

چلوں ٹھیک ہے مگر جانے سے پہلے کچھ کھالو۔۔۔

تب تک ڈرائیور بھی آجائے گا۔۔۔ارسل بولا

ہاں بہت بھوک لگی ہے مجھے بھائی۔۔۔

ملائکہ اچھل کر بولی۔۔۔

!!!اچھا جی اور میری بیگم کو

ابرج ارسل کے سوال سنتے ہوئے مسکرائی۔۔

!!!! جی جناب آپکی بیگم کو بھی بہت بھوک لگی ہے

تو چلوں پھر انتظار کس بات کا۔۔۔۔

ارسل ان دونوں کو ساتھ لیے ایک ریسٹورینٹ کی جانب بڑھا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ملائکہ ڈرائیور کے ساتھ واپس گھر جا چکی تھی۔۔۔

جبکہ ابرج اور ارسل نے بلآخر اپنا اپنا سوٹ پسند کر لیا تھا۔۔۔

!!شکر ہے ڈریس پسند آ گیا آپکو میرا

ورنہ لگ رہا تھا کہ یونہی واپس گھر جانا پڑے گا۔۔۔

ابرج گاڑی کی نشست پر بیٹھے بولی۔۔۔

!!!جی بلکل اور شکر ہے تمہیں میرا ڈریس پسند آ گیا

ورنہ حالات اور سوچ دونوں میرے بھی کچھ یونہی تھے۔۔

ارسل نے اس پر تھکی نظر ڈالی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!آج بہت تھک گئی ہو ارسل بس گھر جا کر سونا چاہتی ہو اب

!!!گھر؟؟؟

!!!جی نہیں کوئی گھر نہیں کوئی آرام نہیں

!!!ہم نے ابھی ڈنر پر جانا ہے میڈم



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!بھول گئی آپ

!!!!ارسل نہیں پلیز بہت تھک گئی ہو میں

!!!!گھر چلتے ہیں پھر کبھی ڈنر پلین کر لینا

ابرج التجائی انداز سے بولی۔۔۔

!!!!نہیں جی

صبح میں نے مانی اب تم مانو!!!!۔

ارسل نے مزید کچھ نہ سنا اور گاڑی چلا دی۔۔۔

جبکہ ابرج بھی اب چپ سادھے بیٹھ گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!سیٹھ جی آج موڈ کچھ الگ ہی لگ رہا ہے اپکا مجھے

!!!!کیا خیال ہے پھر ہو ہی نہ جائے

نوری گجر لمبا کش بھرتے دھواں چھوڑے بولا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!نہیں یار

!!!!میرا دل نہیں کرتا اب

سیٹھ نے سگریٹ زمین پر پھینک کر پاؤں سے مسلا۔۔۔

!!!! کیا ہو گیا ہے سیٹھ

تو تو بڑا رنگین مزاج انسان تھا۔۔۔

تیرے ذوق کو کیا ہو گیا ہے؟؟؟

چودھری نے سیٹھ کی اداسی بھانپی تو بولا۔۔۔

نوری گجر اور چودھری دونوں ہی سیٹھ کے جگری دوست تھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!کیا بتاؤ تجھے چودھری

یہ اپنے کوٹھے والی شبو نے دغا دے دیا۔۔۔

ایک خوبصورت بلا کو حاصل کرتے کرتے رہ گیا میں۔۔۔

ابھی تک اس کی جھلک اور نہ پانے کی کسک دل میں آگ جلائے بیٹھی ہے میرے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!!ہائے کاش

وہ میری ملکیت میں آجاتی۔۔۔۔

سیٹھ نے شراب کی بوتل سے گلاس بھرااور ایک گھونٹ میں گٹکا۔۔۔

یار دنیا بھری ہی خوبصورت بلاؤں سے۔۔۔۔

!!!!تو ایک کی وجہ سے کیوں مزا کر کرا کر رہا ہے

نوری گجر نے کش بھرا۔۔۔

تو نہیں جانتا وہ کتنی حسین تھی!!!۔

سرخ ساڑھی میں لپٹی حور۔۔۔۔

!!!!ہائے جب جب سوچتا ہوا سے آنکھیں سیخ جاتی میری

لگتا ہے کوئی سچ میں ہی خوبصورت بلا ہی ہونی جس نے اسکو دیوانہ بنا رکھا ہے اپنا۔۔۔۔

چودھری نے نوری گجر کو دیکھتے کہا۔۔۔

ہاں یار اس کی حالت دیکھ کر لگ تو ایسا ہی رہا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!چل بھی یار بس کر

دیکھ کتنے اچھے ریسٹورینٹ میں تجھے لائے ہیں کہ تیرا موڈ سہی کر سکے۔۔۔

اب موڈ بنا پھر چلتے ہیں کسی کوٹھے پر۔۔۔

بڑا ٹائم ہو گیا ہے سینے کی آگ نہیں بجھائی۔۔۔

چودھری سینے پر ہاتھ دھڑے گندے تاثرات سجائے بولا۔۔۔

!!!ہاں یار پکڑ یہ سگریٹ

!!!مار لمبا کش اور نکال اندر کی آگ باہر

نوری گجر نے جلتا سگریٹ سیٹھ کے ہاتھ میں تھمایا۔۔۔

www.novelsclubb.com

سیٹھ نے سگریٹ ہاتھ میں تھامے جیسے ہی لمبا کش بھرا نظر سامنے سے آتی وجود پر جا رکی۔۔۔

جبکہ منہ سے نکلنے والا دھواں اس کو اپنی راہ میں رکاوٹ کے مترادف لگ رہا تھا۔۔۔

!!!!ارسل پلیز مان جائے ناں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

سیریسلی اس قدر تھک گئی ہو کہ بھوک بھی مر گئی ہے۔۔۔

چلے نہ گھر واپس۔۔۔۔۔

ابرج گاڑی سے نکلے بیزاری سے بولی۔۔۔

جی نہیں اب آ ہی گئے ہیں تو اندر بھی چلے ہی جاتے ہیں۔۔

!!! چلوں اب

ارسل نے ابرج کا ہاتھ پکڑا اور اسے اپنے ساتھ اندر لے گیا۔۔۔

اندر جاتے ہی مینجر فوراً ان کی جانب بڑھا اور ان کے ریزو ٹیبل کی نشاندہی کی۔۔۔

ارسل ابرج کا ہاتھ تھامے اسے ٹیبل کی جانب لے گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

جبکہ ابرج بھی اب قدم سے قدم ملائے اس کے سنگ ہو ئی۔۔۔

جس جگہ ان کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا وہ جگہ پورے ریسٹورینٹ سے الگ رکھی گئی تھی جس کو نہایت ہی خوبصورتی سے گلاب کے پھولوں اور غباروں کے خوبصورت امتزاج سے سجایا گیا تھا۔۔۔

ابرج نے سجاوٹ دیکھی تو ارسل کا ہاتھ چھوڑے آگے بڑھتے حیرت سے دیکھنے لگی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!کیسا لگا انتظام اور میرا سرپرائز

!!!بہت اچھا

!!!!بہت بہت اچھا اور خوبصورت

ابرج سجاوٹ میں مگن ہوئی۔۔۔

!!!!مگر میری بیگم سے کم

کوشش کی تھی کہ برابری لاؤ۔۔۔

مگر لگتا ہے ناکام ہوا ہو بری طرح۔۔۔

ارسل ابرج کے سامنے کھڑا ہو گیا۔۔۔

نہیں ارسل یہ سچ میں بہت خوبصورت لگ رہا ہے۔۔۔

!!!!بہت شکریہ

!!!مجھے سچ میں بہت اچھا لگا رہا ہے سب

ایسے جیسے کوئی خواب ہو۔۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!اب کیا یونہی دیکھتی رہو گی کہ بیٹھوں گی بھی

!!!!چلوں آؤ بیٹھو یہاں

ارسل نے کرسی کھینچی تو ابرج براجمان ہوئی۔۔۔

تو بتاؤ کیا کھاؤ گی پھر؟؟؟

کچھ بھی جو آپ کو پسند ہو!!!!!۔

!!!مجھے تو تم پسند ہو اب کیا تمہیں کھا جاؤ

ارسل مینیوں سے نظر ہٹائے ابرج کو دیکھتے بولا۔۔۔

!!!!جس پر وہ منہ پر ہاتھ رکھے ہنس پڑی

!!!پسند تو مجھے بھی یہ بہت ہے

!!!!!!اگر تجھے نہیں کھانا اسے تو ہمیں دے دے

سیٹھ جو ابرج کو اندر آتے دیکھ چکا تھا چودھری اور گجر کے ساتھ آگے بڑھتے بولا۔۔۔

ابرج کی نظر جب سامنے کھڑے سیٹھ پر پڑی تو فوراً اپنی کرسی سے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!یہ کیابد تمیزی؟؟؟

ارسل مینیوں زمین پر پٹختے غصے سے چلایا۔۔۔

ابھی بد تمیزی کی ہے کب ہے؟؟؟

!!!ابھی تو کچھ کہا ہی نہیں

سیٹھ کرسی کھینچے ان دونوں کے سامنے مزے سے مسکراہٹ دیتے بیٹھا۔۔۔

جس کی نظریں ابرج کے پورے وجود پر گھوم رہی تھی۔۔۔

ابرج فوراارسل کے پاس گئی اوراس کے پیچھے جا چھپی۔۔۔

!!!ابے گجر چودھری

www.novelsclubb.com

!!!!تم دونوں کو جس بلا کا بتا رہا تھا وہ یہ ہے

!!!جس نے نیندیں حرام کر رکھی ہیں میری آج تک

سیٹھ غلیظ مسکراہٹ لیے بولا۔۔۔

!!!!اپنی بکواس بند رکھ آئی سمجھ



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور نکل یہاں سے!!!!۔

ارسل شدت ہوا۔۔۔

!!!ایسے کیسے نکل جاؤ

جو چیز میری تھی اس کو تو لے گیا تھا۔۔۔

اگر تیرا دل بھر گیا ہو تو مجھے بیچ دے واپس۔۔۔

!!!!دگنی قیمت دونگا اس کی تجھے

سیٹھ ابرج پر اپنی بھوک ظاہر کرتے بولا۔۔۔

ارسل نے سنا تو غصے سے بپھرتے سیٹھ کو گریبان سے تھاما اور ایک زوردار طمانچہ دیتے اسے زمین پر پٹخ دیا۔۔۔۔

چودھری اور گجر نے سیٹھ جو زمین پر گرے دیکھا تو فورا ارسل پر حملہ آور ہوئے۔۔۔

چودھری نے ارسل کو مارنے کی کوشش کی مگر اس سے پہلے وہ اسے مارتا ارسل نے ایک مکا اس کے چہرے پر دے مارا جس سے پیچھے کو لڑکھڑا کر گر پڑا۔۔۔

جبکہ گجر بھی اس کی جانب بڑھا اور ارسل کو دھکا دیتے اس پر جھپٹا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج جو یہ سب دیکھ رہی تھی روتے ہوئے باہر کی جانب بڑھی۔۔۔

اور باہر موجود لوگوں کو اندر کی جانب مدد کو پکارا۔۔۔

جس پر سب بھاگتے ہوئے اندر کی طرف آئے۔۔۔

اور ارسل اور گجر جو ایکدوسرے سے چھڑوایا۔۔۔

سیٹھ اور چودھری ابھی بھی زمین پر گرے کراہ رہے تھے۔۔۔

!!!!میری بیوی کو خریدے گا تو

!!!میری بیوی کو

ارسل غصے سے پاگل سیٹھ کی جانب لوگوں سے خود جو چھڑواتے بڑھا اور ایک ٹانگ اس کی کمر پر مارتے بولا۔۔۔

!!!!ارسل پلیز بس

!!!بس پلیز؛

ابرج نے فوراً ارسل کو سنبھالا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!چلے پلیز چلے

ابرج ارسل کی بازو کو تھامے روتے بولی۔۔۔

!!!مار دونگا نہیں میں

!!!!ہمت کیسے کی تمہاری طرف دیکھنے کی

ارسل پھر سیٹھ کو مارنے کو بڑھا۔۔۔

مگر ابرج پھر ارسل کے سامنے آگئی اور اسے روک دیا۔۔۔

!!!پلیز ارسل

!!!اپکو قسم ہے میری

!!!چلے یہاں سے

!!!ہاتھ جڑے دیکھ لے میرے پلیز چلے

ابرج ہاتھ جوڑتے روتے بلکتے بولی۔۔۔

جس پر وہ ابرج کو خود سے لگائے لوگوں کی بھیڑ سے نکلتا ہوا ریسٹورینٹ سے باہر نکل گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج جو گاڑی میں بیٹھا یا اور پھر خود بھی سیٹ سنبھالی اور گاڑی چلادی۔۔۔

پورے راستے ابرج کی ہچکیاں ہوا میں گونجتی رہی۔۔۔

جبکہ ارسل اپکا سر تھامے گاڑی تیز بھگا رہا تھا۔۔۔۔

ابرج نے ایک نظر ارسل کے چہرے پر ڈالی جس پر ابھی بھی خونخوار سواری تھی۔۔۔

ایک پل کو ارسل کو پکارنے کا دل کیا مگر پھر ہمت نہ ہونے پر وہ باہر کی بھاگتی سڑک کو دیکھنے لگی۔۔۔

شاہ ویلہ پہنچتے ہی گاڑی سیدھا گیراج میں داخل ہوئی۔۔

ابرج بناء کچھ کہے گاڑی سے باہر نکلنے لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!ابرج کسی کو اندر کچھ نہ پتہ چلے

میں نہیں چاہتا کوئی بھی کچھ جانے۔۔۔

بہتر ہے خود کو نارمل کر کے اندر جانا۔۔۔

باقی کسی نے کچھ پوچھا تو میں جواب خود دونگا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تم چپ رہنا۔۔۔۔

ارسل نے ابرج سے کہااور خود گاڑی سے باہر نکل کر اندر کی جانب بڑھا۔۔۔

ابرج ارسل کے کہنے کے مطابق اپنا چہرہ صاف کیے اور نارمل تاثرات سجائے اس کے پیچھے کو چل پڑی۔۔۔

انعم بیگم نوید صاحب اور عالم شاہ تینوں ہی لاؤنج میں بیٹھے کل کے دن کے کر رہا گفتگو کر رہے تھے۔۔۔

کہ اندر آتے ارسل اور ابرج کو دیکھ کر انکی جانب متوجہ ہوئے۔۔۔

!!!آ گئے ہو ارسل بیٹا

!!!!بہت دیر لگادی تم دونوں نے

!!!!بوا پانی لاؤ بچے آئے ہیں

انعم بیگم کہتے ہوئے اٹھی اور ارسل کی جانب بڑھی۔۔۔

کیا ہوا ہے سنجیدہ کیوں ہو اتنے؟؟؟

کچھ ہوا ہے کیا؟؟؟؟

www.novelsclubb.com

!!!!نہیں ماما کچھ نہیں ہوا

!!!بس تھک گیا ہو بہت آرام کرنا چاہتا ہو

ابرج مصنوعی مسکراہٹ دیتے بولا۔۔۔

!!!! اچھا

ابرج بیٹا کیسی رہی شاپنگ؟؟؟

اور کہاں ہے اپکا ڈریس!!!؟؟

انعم بیگم اب ابرج کی جانب بڑھی جس کا چہرہ رونے کی وجہ سے سرخ اور آنکھیں لال تھی۔۔۔

آنٹی وہ گاڑی میں ہی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!ابھی لاتی ہو میں بس

!!!ابرج پلٹی

!!!نہیں بیٹا میں بوا سے کہوں گی وہ لے آئے گی

!!!مگر مجھے تم بھی کچھ پریشان لگ رہی ہو



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

آخر ہوا ہے کیا تم دونوں کو؟؟؟

اب تو نوید شاہ اور عالم شاہ بھی ان دونوں کو گھورنے لگے۔۔۔

!!!!آنٹی وہ

ابرج آہستگی سے بولی۔۔۔

!!!ماما کچھ نہیں ہوا ہے

!!آپکی یہ بہو ہے ناں اس کو ڈانٹا ہے میں نے

کوئی سوٹ پسند نہیں آرہا تھا اس کو۔۔۔

!!!تو بس تبھی یہ روپڑی اور لاکھ منانے کے باوجود ابھی تک ناراض ہے

ارسل نے خود سے بات گارتے کہا۔۔۔

!!!کیا کرتے ہو ارسل بیٹا

!!!کیوں رولاتے ہو بچی کو

جب نہیں پسند آرہا تھا تو ڈانٹا کیوں؟؟؟

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!دیکھ لے عالم شاہ اس کو

انعم بیگم شکایت کرتے بولی۔۔۔

!!!آنٹی میں تھک گئی ہو

میں جاؤں اپنے کمرے میں کیا؟؟

ابرج آہستگی سے تھکاوٹ بھرے بولی۔۔۔

ہاں ہاں جاؤ آرام کرو آپ!!!۔

اور اس کی باتوں کا برا نہ مانو کرو۔۔۔

ابھی ڈانٹ پلاؤ گی۔۔۔

انعم بیگم نے ابرج کو پیار کیا۔۔۔

جس پر وہ خاموشی سے اپنے کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔۔

جبکہ ابرج کے جاتے ہی ارسل بھی اس کے پیچھے کو ہوا۔۔۔

!!!تم کدھر میاں

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!تمہاری ابھی کلاس لگنی ہے

نوید شاہ آنکھ پھینچے ہنسے۔۔۔

چاچوں سچی بہت تھک گیا ہوا اور ابھی آپکی بہو کو منانا بھی ہے۔۔۔

کل آپ اپنی ساری کسر پوری کر لینا۔۔۔

!!!شوق سے

ارسل نے بھاگ جانے کی کی اور چلا گیا۔۔۔

عجیب لگ رہا ہے دونوں کا یوں اداس اداس ہونا۔۔۔

ناجانے کیا بات ہوئی ہے دونوں کے درمیان کہ یوں پریشان ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

انعم بیگم گو ہوئی۔۔۔

بھابھی آپ پریشان نہ ہو ارسل سنبھال لے گا سب۔۔۔

ہمم ویسے بھی ہلکی نوک جھوک تو ہوتی رہتی ہے۔۔۔

ممممممم کاش ایسا ہی ہو۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

چلوں ہم اب باقی کے مہمانوں کے نام دیکھتے ہیں۔۔۔

ان کو میں نے کال کر دی تھی۔۔۔

بس یہ دو تین رہ گئے ہیں۔۔۔

انعم بیگم عالم شاہ اور نوید شاہ کو آگاہ کرنے لگی۔۔۔

ابرج جو پورے راستے ضبط کیے تھی اندر آتے ہی زور زور سے رونے لگی۔۔۔

ارسل جو خود ابرج کے پیچھے کو آیا تھا۔۔۔

ابرج نے ارسل کو آتے دیکھا تو فوراً اس کے گلے جا لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!! یہ وہی تھا ارسل

!!! یہ وہی تھا

!!! میں کہہ رہی تھی ناں

!!! نہیں جاتے مگر آپ نہیں مانے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اب وہ واپس آئے گا۔۔۔

لے جائے گا مجھے گا یہاں سے ارسل۔۔۔

وہ لے جائے گا۔۔۔

ابرج اپنی گرفت مضبوط کیے خوف اور ڈر کی کیفیت اپنائے روتے بولی۔۔۔

کوئی نہیں لے کر جائے گا تمہیں۔۔۔

کوئی بھی نہیں۔۔۔۔

ارسل نے ابرج کو خود سے الگ کیا۔۔۔

!!!! یہاں بیٹھو آ کر

!!!آؤ

ابرج صوفے پر بیٹھی تو ارسل اس کے قریب زمین پر بیٹھتے آس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں تھامے اسے اپنے موجودگی اور اپنی حفاظت کا آحساس دلایا۔۔

!!!!تم نے دیکھا نہیں

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!کیسے مارا تھا انہیں میں نے

اب وہ اس مار کے بعد کبھی واپس آنے کا سوچے گے بھی نہیں۔۔۔۔

!!!نہیں ارسل

اس انسان کی آنکھوں میں جو میں نے دیکھا ہے مجھ سوچ کر بھی کپکی سی محسوس ہوتی ہے۔۔۔

اب تک میں اس کے ذہن میں زندہ ہو۔۔۔

مطلب وہ اب مجھ تک آنے کا سوچ رہا ہے۔۔۔

وہ نہیں چھوڑے گا مجھے۔۔۔

!!!کچھ بھی کر جائے گا اب

www.novelsclubb.com

ابرج کے دماغی وسوسوں نے اس پر غلبہ پایا۔۔۔

!!!مطلب یہ کہ تمہیں میری موجودگی

!!!میرے حصار

میری مضبوطی اور طاقت پر یقین نہیں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یقین نہیں کہ میں تمہیں بچا سکتا ہو۔۔۔

تمہیں لگتا ہے کہ میں تمہاری حفاظت نہیں کر سکتا۔۔۔۔

!!! نہیں ارسل ایسا نہیں

ابرج فورا بولی۔۔۔

تو اگر ایسا نہیں ہے تو یہ سب کیا ہے جو بول رہی ہو۔۔۔

کس بات کا ڈر کس بات کا خوف۔۔۔

ارسل اب تنگ ہوتے کھڑا ہوا۔۔۔

ہزار بار کہہ چکا ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

میں تمہاری حفاظت کرو نگا۔۔۔

میرے نکاح میں ہو تم۔۔۔

!!! میری ہو تم

!!! مگر نہیں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!جھوٹ لگتا ہو ناں تمہیں میں

!!میری بات کا یقین نہیں کر سکتی ناں تم؟

!!!تو رہو اپنے وسوسوں میں ہی

ارسل ابرج کی باتوں سے تنگ ہوتے ناراضگی ظاہر کرتے کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔

جبکہ ابرج جو ارسل کو روکنا چاہتی تھی اسے یوں جاتا دیکھ کر وہی صوفے پر بیٹھ گئی۔۔۔

رات دیر تک ارسل کا انتظار کرتے کرتے ابرج نا جانے کب صوفے پر بیٹھے بیٹھے سو گئی اسے خود خبر نہ ہوئی۔۔۔

صبح باہر کی ہل چل کی آواز سن کر آنکھ کھلی تو سب سے پہلے ارسل کو دیکھنے کو نظر دہرائی۔۔۔

مگر وہ شاید رات ہی سے کمرے میں نہیں آیا تھا۔۔۔

مایوسی اور افسردگی لیے وہ اٹھی اور فریش ہونے کو واش روم کی جانب بڑھی۔۔۔

فریش ہو کر باہر نکلی تو ارسل کو الماری میں کچھ ڈھونڈتے پایا۔۔۔

کہاں تھے آپ پوری رات ارسل؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!بتانا مناسب نہیں سمجھتا میں

ارسل بے رخی سے ابرج کو نظر انداز کرتے واپس دروازے کی جانب بڑھا۔۔۔

ابھی تک ناراض ہے اپ مجھ سے؟؟؟

ابرج واپس اس کی جانب بڑھی۔۔۔

نہیں بلکل بھی نہیں۔۔۔

!!!ہمارے درمیان ایسا کچھ نہیں کہ ناراض ہو میں تم سے

ارسل سخت ہوا۔۔۔

ارسل ایسا کیوں کہہ رہے ہو آپ؟؟؟؟

!!صیحح کہہ رہا ہو میں

محبت ہی صرف ضروری نہیں ہوتی ہر رشتے میں ابرج۔۔۔

یقین بھروسہ اور اعتماد اصل بنیاد ہوتی ہے۔۔۔

جو ہمارے رشتے میں نہیں ہے۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہمارے رشتے کی بنیاد ہی کھوکھلی ہے جو ایک جھونکے سے ریزہ ریزہ کر دے سب۔۔

تمہیں مجھ پر اور نہ ہی میرے زور بازو پر یقین نہیں ہے۔۔۔

!!!تو کیسا رشتہ کیسی محبت

ارسل ابرج کو دیکھتے خفگی سے بولا۔۔۔

ارسل!!!!۔ابرج روہانسی ہوئی۔۔۔

!!!! مجھے بہت کام ہے

!!!جاتا ہو میں اب

ارسل بات سنے بناء ہی باہر نکل گیا جبکہ ابرج وہی روہانسی کھڑی رہی۔۔

www.novelsclubb.com

ملائکہ اور انعم بیگم دونوں ہی کمرے میں داخل ہوئیں۔۔

جنھیں اندر آتے دیکھتے ہی ابرج نے چہرہ صاف کیا اور بستر صحیح کرنے لگ گئی۔۔۔

!!!!!!بوا



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!جلدی سے لے آئے ابرج کا ناشتہ یہی پر

انعم بیگم نے آواز لگائی۔۔۔

ملائکہ تم اپنی بھابھی کے ساتھ ہی چلی جانا پارلر۔۔۔

خود بھی اچھے سے تیار ہو جانا اور ابرج کی تو میں نے بوکنگ کروالی تھی۔۔۔

پورے گیارہ بجے کا وقت ہے۔۔۔

وقت پر پہنچ جانا اب۔۔۔۔

!!!!اور ابرج بیٹا

انعم بیگم نے اب ابرج کی طرف دیکھا جو بس اپنا چہرہ چھپانے کی جتن میں تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!!جی آنٹی

!بیٹا بوا ناشتہ لائے گی تو ضرور کرنا ناشتہ جلدی جلدی میں بھوکی نہ رہ جانا۔۔۔

فنکشن دن کا ہے۔۔۔

پورے ایک بجے شروع ہو جائے گا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

لہذا بس ناشتہ کرنا اور پارلر جانے کی تیاری پکڑنا۔۔۔

جیولری ڈریس سب یاد سے دیکھ کر لے جانا کچھ بھی بھولنا مت۔۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔۔

ایک بار سب چیک کر لینا۔۔۔

!!!جی ٹھیک ہے آنٹی میں سارا سامان ایک جگہ رکھ لیتی ہو

ابرج حامی میں سر ہلائے بولی۔۔۔

!!!ٹھیک ہے پھر میں جاتی ہو اب

بہت کام ہے آج۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل سے کہہ دو نگی کہ لے جائے تم دونوں کو۔۔۔

بس تیار رہنا تم دونوں۔۔۔

انعم بیگم نصیحت کرتے واپس باہر کو بڑھی۔۔۔

!!!اچھا بھابھی میں بھی جاتی ہو اب



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مجھے اپنی جیولری ایک جگہ سمیٹنی ہے پھر میں آکر آپ کے ساتھ مدد کرواتی ہو۔۔۔

!!!ہاں ٹھیک تم جاؤ

ملائکہ کے کہنے پر ابرج نے اثبات میں سر ہلایا تو وہ دروازے کی جانب بڑھی کہ تبھی بوا ہاتھ میں. ناشتے کی ٹرے تھامے اندر کو دوڑی۔۔۔

یہ لوں چھوٹی بہو اپکا ناشتہ۔۔۔

کسی بھی چیز کی ضرورت ہو گی تو بس ایک آواز لگا دینا۔۔۔

!!!ٹھیک ہے بوا میں بتا دو نگی آپکو

بوا کمرے سے باہر گئی تو ابرج ناشتے کی ٹرے کو دیکھنے لگ گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ناجانے ارسل نے ناشتہ کیا بھی ہے کہ نہیں؟؟؟

کل رات سے انہوں نے کچھ نہیں کھایا ہوا۔۔۔

اب بھی بھوکے ہی نہ ہو؟؟؟

ابرج زیر لب بڑبڑائی اور کمرے سے باہر نکلی۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

باہر نکلتے ہی سامنے ایک ہلچل کا طوفان دیکھا۔۔۔

کچھ لوگ گھر کو پھولوں سے سجا رہے تھے۔۔۔

جس کی نگرانی نوید شاہ کر رہے تھے۔۔۔

جبکہ عاصم اور احمد دونوں ہی باہر اسٹیج کی تیاری اعر تزین وآرائش میں مصروف تھے۔۔۔۔

عالم شاہ شیف کی نگرانی کر رہے تھے جبکہ انعم بیگم فون پر مصروف کسی کو مدعو کر رہی تھی۔۔۔

!!!! سب یہی موجود ہے مگر ارسل

!!!وہ تو کہیں نہیں ہے

ابرج نے چاروں اطرف نظر دہرائی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہ تبھی اس کی نظر لاؤن میں کھڑے ارسل پر پڑی۔۔۔

!!!!وہ رہے ارسل

ابرج جوش میں ہوتے آگے کو بڑھی کہ تبھی ارسل کے ساتھ کھڑی نرمل کو دیکھ کر وہی رک گئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!نرمل

ارسل نرمل کے ساتھ کیوں کھڑے ہیں؟؟؟

ابرج سوچتے ہوئے ان کے قریب ہوئی۔۔۔

مجھ سے شادی نہ کر کے غلطی تو تم کر ہی چکے ہو۔۔۔

!!!اب اس ابرج کے نام ڈھنڈورا پیٹ کر کیوں اپنا نام خراب کر رہے ہو ارسل

!!اپنا اسٹینڈرڈ دیکھو

!!!اپنی پرسنیلیٹی دیکھو

!!!کہاں تم کہاں وہ

ابرج منہ چڑھائے بولی۔۔۔۔

ابرج کو نرمل کی باتیں اس قدر بری نہ لگی مگر ارسل کی جانب سے کوئی جواب نہ ہونے پر وہ کانٹوں پر ننگے پاؤں چلنے کی دکھن محسوس کرنے لگی۔۔

آنکھوں میں نمی اور ارسل کے لبوں کی خاموشی سموئے وہ تیز قدم لیتی اپنے کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!بس کردو نرمل

!!!!کتنا ذہر اگلو گی

ارسل جو تاسف سے بات سن رہا تھا بولا۔۔

مانا کہ تمہیں ابرج پسند نہیں۔۔۔

مگر مجھے تمہاری پسند ناپسند سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔۔۔

محبت کرتا ہوا برج سے اس قدر کے تمہارا اندر کا ذہر ختم۔ہو جائے میری محبت کی گہرائی نہ ختم ہو۔۔۔۔

اب پلیز دماغ مزید خراب نہ کرو۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!اور جاؤ یہاں سے

ارسل نرمل کو نظر انداز کرتے ہوئے وہاں سے چل پڑا۔۔

جبکہ نرمل سیخ پا ہوتے پاؤں پٹختے اپنے کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔

ابرج کمرے میں داخل ہوئی اور آنسوؤں کو دل میں اتارے چپ سادھے صوفے پر بیٹھ گئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کہ ناجانے کب اس کی آنکھ لگی خبر ہی نہ ہوئی۔۔۔

!!!!بھابھی

چلے ٹائم ہو گیا ہے۔۔۔

ملائکہ کمرے میں داخل ہوئی تو ابرج کو سوتے پایا۔۔۔

تبھی ارسل بھی کمرے میں کسی کام کے سلسلے میں داخل ہوا۔۔۔

کیا ہوا ملائکہ کوئی کام ہے کیا؟؟؟

ارسل نے سوئی ہوئی ابرج کو دیکھا تو سر ٹکائے بچوں کی طرح اونگھ رہی تھی۔۔۔

جی بھائی پارلر جانا ہے مگر بھابھی تو سو رہی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور دیکھیں انہوں نے تو ناشتہ بھی نہیں کیا ویسے کا ویسے ہی پڑا ہے ناشتہ جیسے بوا چھوڑ کر گئی تھی!!!

ارسل نے ملائکہ کے کہنے پر دیکھا تو ابرج کی لاپرواہی کو دل ہی دل میں کوسنے لگا۔۔۔

بہت ہی لاپرواہ لڑکی ہے اپنی صحت کے معاملے میں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

خیر اٹھاؤاپنی بھابھی کو۔۔۔

اور کہوں کہ کچھ کھالے کل رات سے بھوکی ہے اور ابھی تک یونہی بیٹھی ہے۔۔۔

ارسل بے رخی سے بولا۔۔۔

!!!!بھابھی

!!! بھابھی اٹھے

ملائکہ ابرج کو ہلانے لگی۔۔۔

!!!جی جی

جی اٹھ گئی ہو!!!۔

www.novelsclubb.com

چلے کیا؟؟

ابرج آنکھوں کو ملنے لگی۔۔۔

!!!نہیں ناشتہ کرو پہلے پھر جانا

ارسل بناء ابرج کو دیکھے بولا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نے ارسل کو دیکھا تو منہ پھولائے بیٹھی رہی۔۔۔

بھوک نہیں ہے مجھے ملائکہ۔۔۔

میں نے سارا سامان پیک کر لیا تھا۔۔۔

!!!چلوں چلے

ابرج بھی سخت ہوئی۔۔۔

!!! ٹھیک ہے بھابھی چلے

!!!بھائی ہمیں چھوڑ آئے پارلر پلیز

!!!ماما نے کہا تھا آپ چھوڑ کر آئے گے ہمیں

www.novelsclubb.com

ملائکہ کے بولنے ہر ابرج نے ارسل کی جانب دیکھا جس کے چہرے پر ابھی بھی سختی جھلک رہی تھی۔۔۔

!!!نہیں مجھے کام ہے یہاں بہت

!!!تم لوگ ڈرائیور کے ساتھ جاؤ



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں ڈرائیور سے کہتا ہو تم دونوں کو چھوڑ آتا ہے۔۔

ارسل کہتا ہوا سیدھا واپس باہر نکلا۔۔۔

جبکہ ابرج کو اس کی بے رخی اندر ہی اندر کاٹ رہی تھی۔۔۔

چلے بھابھی چلتے ہیں بھائی کا موڈ سہی نہیں لگ رہا مجھے۔۔۔

بہتر ہے ڈرائیور کے ساتھ ہی چلتے ہیں ہم۔۔۔

ملائکہ سامان اٹھائے باہر کو نکلی۔۔۔

جبکہ ابرج بھی بھاری قدموں کو لیے باہر نکل پڑی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ملائکہ تیار ہو چکی تھی مگر ابرج کو تیار کیا جا رہا تھا۔۔۔

کہ تبھی ملائکہ کو انعم بیگم کی کال آئی۔۔۔

!!!!جی ماما

کیا ہوا تیار نہیں ہوئی ہو تم دونوں؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!میں ہو گئی ہو ماما بھا بھی ابھی ہو رہی ہے ان کو ٹائم لگے گا ابھی

اچھا تو ایسا کرو تم آ جاؤ گھر۔۔۔

شانزے اور نرمل تو منہ بنائے کمرے میں ہی بیٹھی ہے اور میں یہاں اکیلے سب سنبھال رہی ہو۔۔۔

اور اب تو مہمان بھی آنا شروع ہو گئے ہیں۔۔

کیا کیا دیکھو کیا کیا سنبھالو۔۔۔

ایسا کرو تم آ جاؤ۔۔۔

میں احمد سے کہتی ہو تمہیں لے آئے اور ابرج کو عاصم لے آئے گا۔۔۔

www.novelsclubb.com

!!!ٹھیک ہے ماما آپ بھیج دے

!!!میں بھابھی کو بتا دیتی ہو تب تک

فون بند کرتے ہی ملائکہ برائیڈل میک آپ روم میں گئی اور ابرج کو ساری بات سے آگاہ کر کے واپس احمد کی کال کا انتظار کرنے لگی۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

دوپہر کا ایک بج چکا تھا۔۔۔

مہمانوں کی آمد بھی شروع ہو چکی تھی۔۔۔

نوید شاہ اور عالم شاہ مہمانوں کی خوش آمد کر رہے تھے۔۔

جبکہ احمد اور عاصم ڈی جے کی سیٹنگ کروا رہے تھے۔۔۔

پورے گھر کو پیلے اور سرخ رنگ کے پھولوں سے سجایا گیا تھا۔۔۔

جبکہ سارا انتظام گھر کے لاؤن میں ہی کیا گیا تھا۔۔۔

ارسل گرے رنگ کی شرٹ اور کالے رنگ کی ڈریس پینٹ کوٹ میں ملبوس انتہائی پرکشش لگ رہا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

بالوں کو خوبصورتی سے سیٹ کیے پے در پے خود پر پرفیوم چھڑکنے لگا۔۔۔

اور شیشے کے سامنے کھڑے پاکٹس میں ہاتھ جمائے خود کا بغور جائزہ کرنے لگا۔۔۔

ٹکر کا لگ رہا ہو۔۔۔

دیکھتا ہو مقابلہ بازی میں کون جیتتا ہے۔؟؟؟



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کہ تبھی انعم بیگم جو خود بھی مکمل تیار ہو چکی تھی کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔

!!!!!ارسل بیٹا وہ

انعم بیگم نے ارسل کو تیار دیکھا تو واری صدقے کرتی آگے بڑھی۔۔۔

!!!!ماشاءاللہ

ماشاءاللہ کس قدر حسین جوان بیٹا ہے میرا۔۔۔

نظر نہ لگے میرے بیٹے کو۔۔۔

انعم بیگم آنکھ سے کاجل ارسل کی گردن پر ٹکائے ماتھے پر بوسہ دیتے بولی۔۔۔

!!آپ بھی کم نہیں لگ رہی ہے آج

www.novelsclubb.com

سچ سچ بتائے پاپا نے اب تک کتنی بار اپنی محبت کا اظہار کیا ہے آج؟؟؟

ارسل شرارتی انداز سے بولا۔۔۔

!!!!ارسل

!!! باز آؤ اور جاؤ ابرج کو لینے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ملائکہ کو بلوالیا تھا میں نے پہلے ہی۔۔۔

ابھی پارلر سے کال آئی ہے وہ تیار ہو گئی ہے۔۔۔

جاؤ لے کر آؤ اسے۔۔۔

آپ کسی اور کو بھیج دے۔۔۔

ارسل کے تاثرات بدلے۔۔۔

میں دیکھ رہی ہو تم۔دونوں میں کچھ ہوا ہے پھر سے جو بے رخی سے منہ پھیرے کھڑے ہو۔۔۔

مگر اس معاملے کو جلد ختم کرو۔۔

www.novelsclubb.com

آج تم دونوں کا بہت اہم دن ہے۔۔

میں چاہتی ہوا سے اپنی زندگی کا حسین پل بناؤ۔۔۔

یہ وقت دوبارہ نہیں آئے گا۔۔۔

!!! مگر ماما



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل پلٹا۔۔۔

اگر مگر کچھ نہیں۔۔۔۔

جاؤ شاباش۔۔۔

!!! انتظار کر رہی ہے وہ

اب مجھے دوبارہ کہنا نہ پڑے۔۔۔

جاؤ شاباش۔۔۔

انعم بیگم ارسل کو سمجھاتے ہوئے باہر نکلی۔۔۔

ارسل نے سنا تو ایک گہری سانس بھری اور پھر کچھ سوچتے ہی کمرے سے باہر نکلا۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل باہر کھڑا ابرج کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

!!! جان بوجھ کر انتظار کروا رہی ہے مجھے یہ

جانتی بھی ہے میں آچکا ہو پھر بھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

لوں بدلہ ابرج بیگم۔۔۔

باری ہماری بھی آئے گی۔۔۔

ارسل گھڑی کی جانب دیکھتے بڑبڑایا۔۔۔

کہ تبھی ابرج گرے اور کالے رنگ کے امتزاج سے بنی میکسی جس پر نہایت ہی نفیس اور ہلکا نگینے موتیوں کا کام کیا گیا تھا پہنے باہر نکلی۔۔۔

ہاتھوں میں چوڑیوں کی کھنک اور ماتھے پر جھومر کی چمک لیے گہرے رنگ کی لالی لگائے وہ آنکھیں جھکائے ارسل کی جانب بڑھی۔۔۔

ہائی ہیلز پہنے اس کیلئے چلنا خاصی دشوار تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل جو ابرج کے انتظار میں. گم تھا چوڑیوں کی کھنک سنتے ہی سامنے سے آہستگی سے آتی ابرج پر نظر پڑی۔۔

ابرج جس سے مزید چلا نہیں جا رہا تھا اب بے بسی سے میکسی تھامے ارسل کو دیکھنے لگی۔۔۔

!!!خوبصورت

ارسل جس کو آنکھیں جھپکنا تک بھول گئی تھی زیر لب بڑبڑایا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ایسے ہی دیکھتے جائے گے کیا؟؟؟

!!! مجھ سے نہیں چلا جا رہا ہے اب

پلیز مدد کرے۔۔۔

ابرج بظاہر بولی تھی مگر ارسل کو تو بس اس کے لب ہلتے نظر آئے۔۔۔

!!!!ارسل

!!!ناراضگی بعد میں پلیز ابھی مدد کو تو آئے

ابرج ایک قدم آگے بڑھتے بولی کہ تبھی لڑکھڑا سی گئی۔۔۔

ارسل جس کی نظریں ابرج پر جمی تھی فورا بوکھلاتے اس کی جانب بڑھا اور فورا اسے اپنی بانہوں میں بھرا۔۔۔

ابرج کی چیخ منہ میں دبی رہ گئی۔۔۔

ارسل ابرج کے چہرے پر جھکا اور اس کے چہرے پر بکھرے خوف کو دیکھ کر ہنس پڑا۔۔۔

سوچا تھا ٹکر دونگا آج تمہیں اور تمہاری خوبصورتی کو۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر لگتا ہے ہارنے میں جو مزہ ہے وہ جیتنے میں نہیں۔۔

ارسل ایسے ہی پکڑے کھڑے رہے گے کیا اب۔۔۔

یا مجھے سیدھا ہونے میں مدد بھی دے دیں گے !؟؟؟

بہت طاقت ہے میری بازوؤں میں میری جان۔۔۔

!!! اگر چاہو تو یقین بھی دلا سکتا ہو

!!! جانتی ہو

!!! مانتی بھی ہو

!!اب بار بار شرمندہ کیوں کر رہے ہیں آپ مجھے

www.novelsclubb.com

ابرج پشیمانی سے سیدھے ہوتے بولی۔۔۔

شرمندہ تو نہیں کر رہا ہو۔۔۔

بس بتا رہا ہو۔۔۔

!!!! کہ اب تو میرا پکا موڈ ہے تمہیں اپنی طاقت دکھانے کا



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!اچھا جی تو وہ کیسے ؟

ابرج آنکھ مٹکائے بولی۔۔۔

!!!!!!وہ ایسے

ارسل ابرج کے قریب ہوتے ہی فوراً اسے اپنی بانہوں میں اٹھاتے بولا۔۔۔۔۔

!!!!!!ارسل

!!!ابرج نے فوراً ارسل کو تھاما

!!!کیا کر رہے ہیں

!!!اتارے مجھے نیچے

ابرج سنبھلتی چلائی۔۔۔۔

پہلے بتاؤ مانتی ہو ناں پھر!!!۔۔۔

وہ فاتحانہ مسکراہٹ لیے بولا۔۔۔

مان گئی مان گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہ آپ میں ٹارزن جیسی طاقت ہے جو ہاتھی کو بھی پچھاڑ دے۔۔۔

اب پلیز نیچے اتارے۔۔۔

سب دیکھ رہے ہیں ہمیں۔۔۔

ابرج ارسل کی گردن کے گرد بانہیں مائل کیے ارد گرد پریشانی سے دیکھتے بولی۔۔۔

تم سب کو دیکھ رہی ہو۔۔۔

اور میں صرف تمہیں۔۔۔

افففففففف لگتا ہے آج خیر نہیں میری۔۔۔

اتنی بھی قیامت بننے کو کس نے کہا تھا۔۔۔

کہ جو بھی دیکھے خاموش موت مر جائے۔۔۔

!!!!ارسل

ابرج نے سنا تو فوراً ارسل کے لبوں پر اپنے ہاتھ رکھے۔۔۔

بس مزید کچھ نہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مانتی ہو میں غلط تھی۔۔۔

مگر بس خوفزدہ تھی۔۔

اور اسی خوف میں بھول گئی تھی کہ میرا محافظ میرے ساتھ ہے۔۔

جسے خاص میرے لیے بھیجا گیا ہے۔۔۔

بس میرے لیے۔۔۔

ابرج ارسل کو دیکھتے بولی۔۔۔

!!! مگر ان سب کے باوجود میں ابھی بھی ناراض ہو آپ سے

تم مجھ سے کس بات پر ناراض ہو بیگم۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل نے ابرج کی گرفت کو خود سے لگائے کہا۔۔۔

بتاؤ گی بتاؤ گی۔۔۔

جلدی کس بات کی ہے جناب ہے۔۔۔

اب اتارے مجھے نیچے۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ویسے ہی بہت دیر ہو گئی ہے۔۔۔

جی نہیں میں تو اپنی بیگم کو ایسے ہی لے کر جاؤ گا۔۔۔۔

جس کو جو کہنا کہے۔۔۔

مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا۔۔۔

ارسل نے کہا اور ابرج کو اٹھائے گاڑی کی جانب بڑھا۔۔۔

احتیاط سے اسے بیٹھایا اور پھر اسٹیئرنگ سنبھالے گاڑی چلا دی۔۔۔

گھر پہنچتے ہی ارسل اور ابرج کا شاندار استقبال کیا گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہر کوئی ارسل اور ابرج کی جوڑی کو دیکھ کر اش اش کر اٹھا۔۔۔

دونوں نے ہی ایک جیسا رنگ پہن کر اور چہرے پر بڑی حسین مسکراہٹ سجا کر سب کے شک و شبہات کو یقین میں بدل دیا تھا کہ دونوں کی محبت کی شادی تھی۔۔۔

ہنستے مسکراتے ایکدوسرے کے سہارے سے چلتے وہ دونوں سٹیج پر جا بیٹھے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

انعم بیگم عالم شاہ دونوں ہی اسٹیج پر گئے عالم شاہ نے دونوں کی جوڑی کی نظر اتاری جبکہ انعم بیگم نے ابرج کو پیار دیا۔۔۔

سب ہی ان کی خوشی میں خوش تھے مگر شانزے بیگم اور نرمل کے کلیجے پر تو جیسے سانپ روندھ رہے تھے۔۔۔

ارسل ابرج کے کان میں کچھ کہتا جس پر چہک کر ہنس پڑتی۔۔

نرمل یہ سب دیکھ کر جلالیت لیے کھڑی تھی۔۔۔

!!!مجھ سے مزید برداشت نہیں ہو رہا ہے موم

!!!میں جا رہی ہو یہاں سے

www.novelsclubb.com

!!!جب یہ سب تماشہ ختم ہو جائے تو بتا دینا آپ مجھے

نرمل گلاس پٹختے ہوئے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

!!!!نرمل

!!!!نرمل بیٹا سنوں تو

!!میری بیٹی کی خوشیاں نگل گئی ہو تم ابرج



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!چھوڑو گی نہیں تمہیں

آج وقت تمہارا ہے کل میرا ہو گا۔۔۔

شانزے بیگم بھی انتقامی آگ لیے نرمل کے پیچھے ہوئے۔۔۔

سب ہی اب اسٹیج پر کھڑے ابرج اور ارسل کے ساتھ تصویریں بنوا رہے تھے۔۔۔

ہر کوئی ان کی جوڑی کو مثالی جوڑی قرار دے رہا تھا۔۔۔

ایک طویل فوٹو شوٹ کے بعد ابرج کو واپس کمرے میں لایا گیا۔۔۔

ملائکہ اور انعم بیگم نے ابرج کو بیڈ پر بٹھایا۔۔۔

کمرے کو پھولوں سے سجایا گیا تھا جبکہ بارات کی مانند سیج بھی تیار کروائی گئی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

آنٹی یہ سب؟؟؟؟

یہ سب کیوں؟؟؟؟

!!اج تو ہمارا ولیمہ تھا مگر یہ انتظامات

ابرج کمرے کو دیکھتے حیرت زدہ ہوئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہاں یہ سب ارسل کی خواہش کے مطابق کیا گیا ہے۔۔۔

شاید وہ تمہارے ساتھ نئی مکمل زندگی کا آغاز کرنا چاہتا ہے۔۔۔

انعم بیگم ابرج کی تھوڑی کو چھوتے بولی۔۔۔

ماما آپکو پتہ ہے میری سب سہیلیاں ابرج بھابھی کی خوبصورتی کی فین ہو گئی ہے۔۔۔

ہر کوئی ان کی تعریف کر رہا تھا۔۔۔

اور بھابھی آپ واقعی ہی بہت خوبصورت لگ رہی ہیں آج۔۔۔۔

ملائکہ مسکرائی۔۔۔

جسے سن کر ابرج بس مسکرائی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کہ تبھی ارسل بھی کمرے میں داخل ہوا۔۔۔

!!! چلوں ملائکہ آجاؤ باہر اب

بھابھی اور بھائی کو اکیلا چھوڑ دو۔۔۔

ویسے بھی بہت تھک چکے ہیں۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بہتر ہے کل صبح تک آرام کرے۔۔۔

انعم بیگم اٹھی اور ارسل کے چہرے کو پیار سے چھوتے ہوئے باہر نکلی۔۔۔

ملائکہ بھی ارسل کو شرارتی نظروں سے دیکھتے ہوئے ہنسی اور باہر بھاگ نکلی۔۔۔

ارسل ان کے جانے کے بعد دروازے پر چٹکی اٹکائے وہی کھڑا ابرج کو کچھ دیر دیکھتا رہا۔۔۔

ابھی بھی ناراض ہے کیا آپ مجھ سے؟؟؟

ابرج نے ارسل کی نظروں کا حصار محسوس کیا۔۔۔

نہیں بلکل بھی نہیں۔۔۔

تم سے میں کبھی بھی ناراض نہیں ہو سکتا ہو۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہاں غصہ تو بہت تھا مجھے۔۔۔

ہگیر تمہیں دیکھ کر اب وہ بھی نہیں رہا۔۔۔

ممممممم۔۔ابرج گو ہوئی۔۔۔

!!!ویسے کیسا لگ رہا ہے ہمارا کمرہ



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!بہت اچھا بہت خوبصورت

ابرج مسکرائی۔۔۔

مگر یہ سب کیوں!؟؟؟

سوچا کہ اگر اپنی زندگی کا آغاز تمہارے ساتھ کرنے کا سوچا ہی ہے تو کیوں نہ ان پھولوں کی خوشبو اور ان روشنیوں کی چمک سے شروعات کی جائے۔۔۔

ارسل اب بولتے ہوئے ابرج کے روبرو آ بیٹھا۔۔۔

جو کمرے کی سجاوٹ کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔۔۔

!!!!یہ لوں

www.novelsclubb.com

میری طرف سے شادی کا سب سے پہلا تحفہ۔۔۔

معلوم نہیں تمہیں پسند آئے گا بھی کہ نہیں۔۔۔

ابرج نے ارسل کے ہاتھ میں ایک چھوٹی سی ڈبیا دیکھی تو خاموشی سے بناء کچھ بولے لے لی۔۔۔

!!!!شکریہ



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کیا مطلب کھول کر نہیں دیکھو گی کہ اس میں ہے کیا؟؟؟

ارسل پر جوش ہوا۔۔۔

جس پر ابرج نے ارسل کے اصرار پر ڈبیہ کھول ہی لی۔۔۔

ایک چھوٹی سی پن جس میں ایک ننھا سا ہیرا جڑا ہوا تھا چمک چمک کر رہا تھا۔۔۔

!!!!نوز پن

ابرج حیرت زدہ ہوئی۔۔۔

ہاں مجھے نوز پن بہت پسند تھی۔۔۔

سوچا اس کے ذریعے تمہیں اپنا شوق بھی بتا دو۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل ابرج کو دیکھتے بولا۔۔۔

کیا ہوا اچھی نہیں لگی؟؟؟

نہیں بہت اچھی ہے۔۔۔

!!!بہت خوبصورت اور نایاب



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!تو پھر پہنوا بھی

دیکھنا چاہتا ہو میں کہ میرے دیے ہوئے گفٹ میں میری بیوی کیسی لگتی ہے۔۔۔

ارسل ابرج کے قریب ہوا۔۔۔

!!!!ارسل

ابرج ڈھیما ہاتھ میں پکڑے بولی۔۔۔

!!!!

مجھے آپ سے ایک بہت ضروری بات کرنی ہے۔۔۔

کہا تھا صحیح وقت پر بتاؤ گی۔۔۔

اب صحیح وقت بھی ہے اور بات کا موقع بھی۔۔۔

ابرج نے چہرے پر اب پریشانی سے نمودار ہوئی۔۔۔

ہاں کرو سن رہا ہو۔۔۔

کیا بتانا چاہتی ہو جس کیلئے یہ وقت ضروری سمجھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل ابرج کی بندی کو چھوتے بیڈ پر ترچھا ہوا۔۔۔

!!!

!!!!!وہ بات دراصل یہ ہے کہ

ابرج الجھن زدہ ہوئی۔۔۔

تم بات کرو۔۔۔۔

سمجھنے کی کوشش کرونگا میں۔۔۔۔

ارسل معاملے کی سنگینی سمجھتے سیدھا بیٹھا۔۔۔

ارسل۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

یہ بات میں تب ہی بتانا چاہتی تھی جب ہم دونوں میں سب ٹھیک ہو جاتا۔۔۔

اور اب چونکہ سب ٹھیک ہے۔۔۔

ہم۔دونوں ایکدوسرے کو دل سے اپنا چکے ہیں۔۔۔

تو اپنی نئی زندگی کے آغاز سے پہلے آپکو ایک اور بات بتانا چاہتی ہو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

میں نہیں چاہتی میری زندگی کی کوئی بھی حقیقت آپ سے چھپے۔۔۔

ابرج کشمکش میں. ہوئی۔۔۔

!!!

میں بھی یہی چاہتا ہو۔۔۔

ہم باطنی اور ظاہری ایک ہی وجود کے مانند ہو۔۔۔

مجھے خوشی ہو گی اگر تم مجھے بتاؤ گی۔۔۔

ارسل نے ابرج کو حوصلہ دیا۔۔۔

جس دن میرا اور اپکا نکاح ہوا تھا۔۔۔

اور ہم۔دونوں واپسی کیلئے باہر نکلے تھے۔۔۔

آپ نے یہ بات نوٹ نہیں کی۔۔۔

کہ میرے اباں مجھ سے معافی مانگ رہے تھے۔۔۔

جبکہ معافی تو میرے پر فرض تھی۔کیونکہ غلطی مجھ سے سرزرد ہوئی تھی۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

تو وہ کیوں ہاتھ جوڑے کھڑے تھے؟؟؟

ہاں یہ دیکھا تھا میں نے۔۔۔

کہ وہ تم سے معافی مانگ رہے تھے۔۔۔

مجھے حیرت تو ہوئی۔۔۔

مگر سمجھا کہ شاید ہمارے اس طرح کے نکاح پر وہ شرمندہ ہے تبھی ایسا کر رہے ہیں۔۔۔۔

ارسل نے ابرج کی بات سنتے کہا۔۔۔

نہیں ایسا بلکل بھی نہیں۔۔۔

وہ تو میرے نکاح پر بہت پر سکون اور مطمئن تھے۔۔۔۔

بس انہیں پریشانی تھی تو اپنی غلطی کی۔۔۔۔

جو وہ کرنے جا رہے تھے۔۔۔

ابرج ہاتھوں میں ڈبی گھومائے بولی۔۔۔

کیسی غلطی؟؟؟

www.novelsclubb.com

!!!کچھ سمجھا نہیں میں

میری شادی ایک اڈھیر عمر رسیدہ مرد سے کروانے کی غلطی۔۔۔

اس شخص سے جس کی پہلی تین شادیاں ہو چکی تھی اور وہ مار چکا تھا اپنی بیویوں کو۔۔۔

ابرج ایک تلخ حقیقت بتاتے ہوئے رو پڑی۔۔۔۔

کیا؟؟؟؟؟؟

تمہاری شادی اور ایسے شخص سے؟؟؟؟

ارسل نے سنا تو مارے حیرت منہ کھولے ابرج کو دیکھنے لگا۔۔۔

میرے کئی رشتے آئے تھے ارسل۔۔۔

www.novelsclubb.com

بہت اچھے خاندانوں میں سے۔۔۔

مگر میری امی۔۔۔۔

وہ چاہتی تھی اگر میں نے ذلت کی زندگی وہاں گزاری ہے تو آگے بھی ایسی ہی عذاب بھری زندگی گزارو۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہر رشتے پر انکار۔۔۔

ہر رشتے میں کیڑے۔۔۔

اباں بھی اب بے بس ہو چکے تھے۔۔۔

ابرج آنسوں صاف کرتے بولی۔۔۔

اکرم بھی اسی رشتوں میں سے ایک رشتے پر میرے گھر آیا تھا۔۔۔

بات چیت کے دوران ہی نا جانے کیسے میرا نمبر اس کے پاس چلا گیا۔۔۔

اس رشتے سے انکار کے باوجود وہ روز مجھ سے رابطہ کی کوشش کرتا تھا۔۔۔

مگر یقین جانو میں نے کبھی پلٹ کر جواب نہیں دیا اسے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ابرج نے ارسل کی آنکھوں میں دیکھتے کہا جو اسے ابھی بھی اسی کیفیت سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

ایک دن امی نے میرا رشتہ اس شخص سے طے کر دیا جس کی دولت سے ان کی آنکھیں اور بھائی کی عقل دونوں بند ہو گئی جبکہ اباں بے بسی کی تصویر بنے چپ سادھے بیٹھ گئے اور دو دن بعد شادی کا اعلان بھی کروا دیا۔۔۔

بہت روئی اس دن بہت منتیں کی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!! مگر دھتکار اور لعن تان کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوا

ابرج کے آنسوں اب ارسل کے ہاتھ ہر جا گرے۔۔۔

جسے محسوس کرتے ہی وہ ابرج کی سچائی کو بھانپ گیا۔۔۔

اباں چاہتے تو مجھے بچا سکتے تھے مگر وہ بھی ان سب میں شامل مجھے آگ کے تنور میں دھکیل رہے تھے۔۔۔

میرے پاس کوئی راستہ نہیں بچا تھا۔۔۔۔

اس وقت جو سمجھ میں آیا میں کر گزری۔۔

ابرج نے اپنے آنسوں صاف کیے اور پر سکون ہوئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

محبت لازم ہوتی ہے زندگی میں۔۔۔۔

مگر عزت سے بھر کر کچھ نہیں۔۔۔۔

مجھے اکرم سے محبت نہیں تھی ارسل۔۔۔

میں تو بس خود کو محفوظ کرنا چاہ رہی تھی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!! مگر وہ بھی مجھے

ابرج اب چہرہ چھپائے رو پڑی۔۔۔

ارسل نے ابرج کو روتے دیکھا تو اس کو خود سے ساتھ لگائے چپ کروانے لگا۔۔۔۔

!!!!بس ابرج

!!!!سب ٹھیک ہے ناں اب

میں ہو ساتھ اب۔۔۔۔

ایک رات نے ہماری دنیا بدل دی۔۔۔

دو انجان لوگوں کو ایکدوسرے کے نام کر دیا۔۔۔

جس کی مخالفت میں خود بھی کرنا چاہتا تھا۔۔۔

مگر نکاح کے تین بول نے مجھے تمہارے ساتھ جکڑ ڈالا۔۔۔

نہ چاہتے ہوئے بھی اتنی محبت کر بیٹھا کہ اب الگ ہونے کا سوچنا بھی نہیں چاہتا۔۔۔

اور پتہ!!!۔ارسل نے ابرج کے چہرے کو تھاما۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مجھے تمہارے بتائے ہوئے ایک ایک لفظ پر یقین ہے۔۔۔۔۔

اور خوشی ہے کہ ابرج کے دل میں بسنے والا پہلا شخص میں ہو۔۔۔

ارسل نے اپنے لب ابرج کے ماتھے پر رکھے جس پر وہ آنکھیں موندھے اسے محسوس کرنے لگی۔۔۔

بتاؤ محبت کرتی ہو مجھ سے؟؟؟

ارسل ابرج کے روبرو پر تجسس ہوا۔۔۔۔

ابرج ارسل کے سوال کو سنتے خاموش رہی۔۔۔

ابھی بھی خاموش کیوں؟؟؟

www.novelsclubb.com

ارسل بے چین ہوا۔۔۔۔

نوزپن پہنتی ہو بتائے آپکی محبت پر اپکا تحفہ کیسا جچتا ہے۔۔۔؟؟

ابرج مسکراہٹ دیتے بولی۔۔۔

جس پر ارسل ابرج کا جواب سن کر خوشی سے نہال ہوا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج نتھلی اتارے نوزپن پہننے لگی کہ فوراارسل نے روک دیا۔۔۔۔

لاؤ مجھے دو میں پہناتا ہو۔۔۔

ارسل ابرج کے قریب ہونے کیلئے موقع ڈھونڈ رہا تھا۔۔۔

!!!پہن لو نگی میں

اتنی سی تو ہے۔۔۔

!!!کہاناں دو

!!!تو دو

ارسل کے ہاتھ بڑھانے کر ابرج نے نوزپن اسے دے دی۔۔۔

!!!!ابرج تھوڑا آگے آؤ

ارسل گو ہوا۔۔۔

ابرج کے آگے آنے پر ارسل چہرے پر جھکا آہستگی سے نوزپن پہنائی۔۔۔

اور پھر اپنے لب اس کی پن پر رکھے۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابرج ایک دم جھینپتی پیچھے کو ہٹی۔۔۔

مگر ارسل کا پیچھے ہٹنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔۔۔

میری محبت پر میرا تحفہ اس قدر جچ رہا ہے کہ دل بس دیکھتا جاؤ۔۔۔

!!!!ارسل وہ

ابرج تھوڑا سا کھسیائی۔۔۔

!!!!ہاں کیا

ارسل نے ابرج کے چہرے کو تھاما۔۔۔

!!!!!!وہ

www.novelsclubb.com

ابرج کے حواس اب ارسل کے جذبات میں بہنے لگے۔۔۔

!!!!چپ

!!بس اب روکوں مت

حق ہے میرا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

چاہیے مجھے۔۔۔

ارسل ابرج کے قریب تر جذبات کو بے قابو کرتے ہوا۔۔۔

اور ابرج کے چہرے کو تھاما۔۔۔

ابرج نے سنا تو بناء کوئی اعتراض دیے خود کو ارسل کے حوالے سونپ دیا۔۔۔

جبکہ وہ بھی ابرج کی رضامندی محسوس کرتے ہوئے اس کے چہرے پر جھکا اور ابرج کی لرزش اور لمس کو محسوس کرنے لگا۔۔۔

دونوں ایکدوسرے کی قربت میں گم ہوئے تو کمرے میں ایک لمبی رات کی پر سکون اور محبت بھری گہری خاموشی چھا گئی۔۔۔

صبح کی نوید آئی تو رات کا اندھیرا دامن پکڑے وہاں سے چلتا بنا۔۔۔

ابرج عادتاً طلوع آفتاب سے پہلے اٹھی تو اپنے پہلو میں ارسل کو خواب خرگوش کے مزے لیتے ہوئے پایا۔۔

ارسل کو یوں سوئے دیکھ کر ابرج کے چہرے پر مدھم مسکراہٹ ابھری۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ایک نعمت سے کم نہیں ہے آپ میرے لیے ارسل۔۔۔

ایسا لگتا ہے پوری زندگی کی اذیت کا نتیجہ ہے اپکا محبت اور پر سکون بھرا ساتھ۔۔۔

ابرج آہستگی سے ارسل پر جھکی اور اپنی محبت کا اظہار کرتے ارسل کے ماتھے کو چوما۔۔۔

!!!!

ارسل جو نیند میں تھا ابرج کے گرم لمس کو محسوس کرتے ہوئے نیند بھری آنکھوں کو بمشکل کھولتے مسکرا کر اسے دیکھنے لگا۔۔۔

!!!!مارننگ مائی لوو

ارسل دھیمے لہجے سے بولا۔۔۔

!!!!السلام علیکم

ابرج نے اس کی تصنیح کرتے ارسل کے بالوں میں ہلکے سے ہاتھ پھیرا۔۔۔

!!!!!وعلیکم السلام

ارسل ابرج کے ہاتھ کو تھامتے سینے سے لگائے بولا۔۔۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!اتنی جلدی کیوں اٹھ گئی ہو

!!!ابھی تو سورج کی کرنیں بھی نہیں ابھری

ارسل کی نظر سامنے لگی گھڑی سے ٹکرائی۔۔۔

ہاں میں جلدی اٹھنے کی عادی ہو۔۔۔

اور اب آپ بھی اٹھا کرے گے میرے ساتھ جلدی۔۔۔

آپکی عادت بھی بناؤ گی میں اب۔۔۔۔

ابرج ارسل کی گال کو چھوتے بولی۔۔۔

!!!!!جو حکم

!!!!حکم نہیں جناب گزارش کہے

اور ابھی کی گزارش یہ ہے کہ اٹھے اور میرے ساتھ فجر کی نماز پڑھے۔۔۔۔

ابرج نے تاسف سے کہا۔۔۔

!!!نماز؟؟؟

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!جی نماز

اللہ پاک کی قربت حاصل کرنے اور اس کا شکر ادا کرنے کا سب سے آسان اور قیمتی مفید راستہ نماز کا ہی ہے۔۔۔

اور مجھے شکریہ کرنا ہے اس ذات کا جس نے آپکو میرے لیے چنا۔۔۔

ابرج مدہم ہوئی۔۔۔

افففففففف اتنی صبح اتنی گہری باتیں۔۔

ارسل ابرج کی ناک کو چھوا۔۔۔

ایک گہری رات کے بعد سنہری دن ابھرا ہے میری زندگی میں وہ بھی آپ کے ساتھ۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو شکر تو بجانا ہے ناں۔۔۔۔۔

ابرج ارسل کے دل پر سر رکھے مطمئن ہوئی۔۔۔

!!!

ارسل نے اپنی بانہیں ابرج پر مائل کی۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!!لوویو

!!!!لوویوٹو

ابرج نے گہری سانس بھری۔۔۔

چلے اب اٹھے شاباش۔۔۔۔

ہوش میں آئے۔۔۔

میں پہلے جاتی ہو فریش ہو کر آتی ہو۔۔۔

تب تک آپ خود کو نیند کی وادیوں سے نکالے۔۔۔

ابرج ارسل کو بانہوں سے نکلی۔۔۔

www.novelsclubb.com

یار یہ کیا بات ہوئی؟؟؟

اتنا اچھا رومانٹک ماحول بنا ہوا تھا۔۔۔

ارسل منہ بسورے بولا۔۔

!!!!!ارسل



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ابھی اتنی لمبی تقریر کی ہے میں نے لگتا ہے سر سے ہی گزری آپکے۔۔۔

!!!جاتی ہو میں اب

!!!اگر میرے آنے تک نہ اٹھے ناں

تو بتا رہی ہو پانی کی پوری بالٹی انڈیل دو نگی آپ پر۔۔۔

ابرج کی جانب سے دھمکی سنتے ہی ارسل ہنس پڑا۔۔

ہنس کیوں رہے ہیں اب؟؟؟؟

میں یہ سوچ کر ہنس رہا ہو کہ تم سے بالٹی اٹھائی جائے گی بھی کہ نہیں؟؟؟

!!!!اور اگر اٹھالی تو بعد میں خود کیسے اٹھو گی۔

www.novelsclubb.com

ارسل کی دبی دبی ہنسی اب کھل اٹھی۔۔۔

!!!!یہ تو وقت آنے پر بتاؤ گی

!!!!کہ کون اٹھے گا اور کون نہیں

ابرج دانت پیستی ہوئی فریش ہونے کو چلی گئی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!!!اچھاابرج

!!!!یار بات تو سنوں

ناراض تو مت ہو۔۔۔۔

ارسل اس کے پیچھے آوازیں دیتا رہا۔۔۔

کچھ ہی دیر میں ابرج سر کو ڈوپٹے سے لپیٹے باہر کو نکلی۔۔

نظر سامنے بیٹھے ارسل پر ڈالی جو واقعی میں ہی اب اٹھ کر ابرج کے باہر آنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

تمہاری دھمکی نے گہرا اثر چھوڑا ہے مجھ پر۔۔۔

www.novelsclubb.com

دیکھو اٹھ گیا ہو میں اب تمہاری وجہ سے۔۔۔

ارسل ابھی ابھی اپنی ہنسی دبائے بولا۔۔۔

ابرج جو قرآنی آیات کا ورد کر رہی تھی ارسل کو واش روم کی جانب اشارہ دیا۔۔۔

اور خود جائے نماز بچھائے کھڑی ہوئی اور نیت باندھ لی۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس کو قبلہ اول کے رخ کا کیسے پتہ؟؟؟۔اور یہاں جائے نماز کیسے؟؟؟

وہ ابرج کو نماز پڑھتے دیکھتے بڑبڑایا۔۔۔

اور پھر سر کھجاتے ہوئے واش روم کی جانب بڑھ گیا۔۔۔

ارسل باہر نکلا تو ابرج کمرے میں موجود نہیں تھی۔۔۔

جبکہ جائے نماز وہی بیڈ پر پڑی نظر آئی۔۔۔

یہ کہاں گئی اب؟؟؟

مجھے تو انسان کم پری زیادہ معلوم ہوتی ہے۔۔۔

اب چڑیل تو کہہ نہیں سکتا اتنی خوبصورت چڑیل کہاں ہوتی۔۔۔

پل میں یہاں تو پل بھر میں کہیں اور ملتی مجھے۔۔۔

چلوں خیر نماز پڑھتا ہو۔۔۔

آخری بار کب پڑھی تھی اب تو یاد بھی نہیں۔۔۔

ارسل خود سے شرمندہ ہوا اور نیت باندھے کھڑا ہو گیا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارسل نماز پڑھ کر کچھ دیر تو ابرج کا انتظار کرتا رہا۔۔۔

یقین نہیں آتا انسان کسی کا اتنا گرویدہ اور عادی ہو جاتا ہے کہ پل بھر بھی گزارنا صدیوں کی مانند معلوم ہوتا ہے۔۔۔

!!!!ناجانے بیگم صاحبہ کہاں رہ گئی ہے

لگتا ہے خود ہی ان کے پیچھے جانا پڑنا مجھے۔۔۔

ارسل بڑبڑایا اور اٹھ کر کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔

باہر نکلا تو پورے گھر میں اندھیرا ہی پایا۔۔۔

ابھی تک تو کوئی بیدار بھی نہیں ہوا۔۔۔

تو میری بیگم کہاں چلی گئی ہے؟؟؟؟

ارسل کو اب پریشانی سے ہوئی۔۔۔

!!!!!ابرج

ابرج!!!!۔ارسل دھیمی آواز سے پکارنے لگا اور لاونج کی جانب بڑھا۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کہ تبھی اسے لائبریری میں روشنی نظر آئی۔۔۔

!!!!لگتا ابرج اس کمرے میں ہے

یہ اس وقت لائبریری میں کیا کر رہی ہے؟؟؟

ارسل کہتے ہوئے بڑھا اور دروازے سے اندر کی جانب دیکھنے لگا۔۔۔

تو عالم شاہ اور ابرج کو وہاں بیٹھے پایا۔۔۔

عالم شاہ ہاتھ میں قرآن لیے کسی سورت کہ تلاوت کر رہے تھے جبکہ ابرج سر جھکائے اطمینان سے ان کے سامنے بیٹھی سن رہی تھی۔۔۔

کیا میں بھی اس کا حصہ بن سکتا ہو؟؟؟

www.novelsclubb.com

ابرج اور عالم شاہ نے ارسل کو اندر آتے دیکھا تو مسکرا دیے۔۔۔

ایسی جگہوں پر ایسے خوبصورت کلام کیلئے کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی بیٹا۔۔۔

!!!آجاؤ

!!!بیٹھو یہاں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

عالم شاہ کے اشارہ دینے پر وہ خاموشی سے ابرج کے ساتھ براجمان ہو گیا۔۔۔

عالم شاہ تلاوت کرتے رہے جبکہ ابرج اور ارسل خاموشی سے ان کی تلاوت سنتے رہے۔۔۔

آپ انکل کے کمرے میں کیسے آئے؟؟؟؟

!!!!مجھے تھا نماز پڑھ کر دوبارہ سو جائے گے آپ

ابرج کمرے میں داخل ہوئی۔۔

!!!!نہیں

نیند نہیں تھی مجھے۔۔۔

اڑ گئی تھی ساری۔۔۔۔

دھمکی ہی اتنی بری دے کر گئی تھی۔۔۔

تو سوتا کیسے۔۔۔

سوچا بیٹھ کر انتظار ہی کر لو تمہارا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ارسل صوفے پر براجمان ہوا۔۔۔

!!!اچھا

اتنا اثر میری دھمکی کا۔۔۔

ابرج بستر سمیٹنے لگی۔۔۔

ابرج تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں کہ روز تم لائبریری جاتی ہو؟؟؟

اس میں بتانے والی کوئی بات ہی نہیں تھی۔۔۔

حق تو اپکا بنتا تھا کہ آپ مجھے بتائے۔۔۔

ابرج گھبرائی۔۔۔

!!!!مممممممم

!!!کہہ تو سہی رہی ہو

ایک عرصے سے ان سب چیزوں سے دور رہا ہو۔۔

آج عجیب سا لگ رہا ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

پر سکون بھی ہو اور شر مندہ بھی۔۔۔۔

یہ دونوں جب انسان کے ساتھ ہو تو راہ بدل جاتی ہے۔۔۔

کیونکہ ایک ساتھ پر سکون اور شر مندہ کوئی بھی نہیں ہوتا۔۔۔۔

ابرج مسکرائی۔۔

لگتا ہے تمہاری وجہ سے کافی تبدیلی آئے گی مجھ میں۔۔۔

اور مجھے خوشی ہو گی تبدیلی کو اپنا کر۔۔۔

ارسل برجستگی سے بولا۔۔۔

!!!!اچھا جی

!!!ذیے نصیب

کہ میں سبب بنو گی آپ میں تبدیلی کی۔۔

ابرج ارسل کے سامنے جا بیٹھی۔۔۔

!!!!جی بلکل

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

!!!اب ذرا ادھر تو آئے اپنی تبدیلی کے پاس

سوچ رہا ہو کچھ تبدیلی آپ میں بھی لے آؤں۔۔۔

ارسل کی شرارت ابھری۔۔

!!!اففففففف کس قدر رومانوی ہے آپ

پہلی بار جب مجھے ملے تھے آپ ایک کٹھ اکڑو اخروٹ صفت انسان لگے تھے مجھے۔۔

!!!!اور اب

!!!اب کیسا لگتا ہو میں

ارسل خود ہی ابرج کے قریب آکر بیٹھ گیا۔۔۔۔

!!!!اب چپکوں

ابرج متانت سے گھوری۔۔۔

